۱۳۲۴ھ	بناش اے ابوالدرجات انگار[5]	کہ یادِ ما مضٰے (رفتہ و گذشتہ) ماند دریں حال	۱۳۲۴ھ
۱۳۲۴ھ	محمّد مرشدم با صد صیانت	بجنت شد زِ راہ آوردِ اعمال	۱۳۲۴ھ

۱ ایزاد لفظ شرق ازیں جہت یا اطلاق آمد کہ مرحوم اہلِ مشرق را مرجب ہدایت بود و شرق بمعنی ظہور آفتاب ہم آمدہ

۲ محمد ملک کہ مرید آنحضرت کہ از خاص ترین مریداں مرحوم بود باوے قرب محسن میداشت۔

۳ ہطال بمعنی باراں بسیار بارندہ اے فلک در وفات اش میگرید شخصے کہ کارش از بسیار باریدگی باراں درہم و برہم میشود

۴ پیشانی ہر چیز

۵ اے نگارش مکن۔

تحریر و تقریر و تقریظ و تصدیق

از لسان العصر و فہیم الدہر حضرت مولانا مولوی حافظ محمد مطیع اللہ صاحب مرحوم و مغفور

ساکن سموال شریف متصل کھڑی شریف ضلع میرپور آزاد کشمیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥

الحمد للہ الذی خلق الارض والسماء والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمدٍ المصطفیٰ الذی نَزَّلَ مَنْزِلَتِهِ الْاَعْلیٰ ٥ مَاضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَاغَوٰی ٥ وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی ٥ علمہ شدید القوی وعلی الہ و اصحابہ الذین ھم نجوم الھدی ٥ ومصابیح الدجی وبعد فقد طالعت ھذا الکتاب المستطاب من الابتداء الی الانتھاء فوجدتہ موافقۃ للقرآن و حدیث خیر الوری ٥ وعقدت بنظرہ من کذب بہ فان الجحیم ھی الملجاء ومن تصدیق بہ فان الجنۃ ھی الماوٰی ٥ و تیقّنتُ برویۃ الذین ینکرون عنہ یسحبون فی النار علی وجوھم فیقال لھم ذوقوا مس سقر ٥ والذین امنوا بہ فیکون خالدًا فی جنّاتٍ و نھرٍ ٥ فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْكٍ مُّقْتَدِرٍ ٥ وکیف لا و قد الفہ حسّان العصر ٥ وسحبان الدھر عذب البیان کماء

الزلالِ وفصیحُ اللسانِ من اصحابِ الکمال المعتقد لکراماتِ الاولیآءِ بالبال والموقن لِخرقِ عادات السمآء بالکمال الذی رسالته لشق صدور الوهابین کالنبال وکتابه لجرح اکباد النجدیین کالنعال۔ سَمِیُّ حبیبؐ الله صاحب الجاه والجلال ٥ وقد قلت فی اختتام تقریظ وارّخت بِانصرام تنمیقه علی سبیل الاستعجال بعد قطع رءوس الوهابیین انه لکتاب کریم لایمسه الا المطهرون قرّظتهٗ عند تراکم افواج الملال ولدی طلاطم امواج الاهوال (۱۲۹۲ھ) وانا الفقیر محمد مطیع الله الساکن فی القریة المسوسومة بالسموال صانها الله تعالیٰ واهلها عن الشر والجدال اٰمین ؛ یارب العٰلمین ؛

لہ مراد حضرت مصنف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ۱۲

تقریر و تحریر و تقریظ (اردو)

از رشحات قلم حضرت مولانائی مولوی فقیر محمدؒ صاحب مرحوم و مغفور مالک سراج المطابع جہلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

الحمد للہ رب العلمین و الصلوٰۃ و السلام علی محمد سید المرسلین و علی اٰلہ و اصحابہ الطیبین الطاہرین و علی الائمۃ المجتہدین و علی جمیع عباد اللہ الصلحین۔

امابعد واضح ہو کہ آج کل کی نئی روشنی اور بیجا آزادی نے مذہبی دنیا میں ہلچل مچادی ہے ہر ایک شخص قیود و مذہب سے آزاد ہونا چاہتا ہے۔ سلف کرام پر پھبتیاں اُڑائی جاتی ہیں۔ معجزات انبیاء کو مسمریزم سے تعبیر کیا جاتا ہے اور کراماتِ اولیاء سے قطعاً انکار کیا جاتا ہے۔ ہر ایک متنفس اپنی عقل کو امام سمجھتا ہے اور اپنی ہوا جس نفسانیہ کو قبلہ بنا رکھا ہے اَنَا دَ لَا غَیرِیْ کی بانگ چاروں طرف سے بلند ہے اور ہمچو من دیگرے نیست کا دعویٰ ہر ایک کی زبان پر ہے یوں تو کوئی مذہب ہی ایسا نظر نہیں آتا جس میں سینکڑوں شعبے نہ نکل آئے ہوں اور کئی فرقے نہ بن گئے ہوں لیکن سب سے بڑھ کر تفرقہ دین پاک اسلام کے ماننے والوں میں نظر آتا ہے۔ شیعہ و سُنّی کا جھگڑا تو مدت سے چلا آتا تھا لیکن آج کل وہابیت، نیچریّت نے اسلام میں ایسا خلل ڈالا ہے کہ الاماں۔ جن ائمۂ دین فقہائے مذہب نے دین حق کے راستوں کو سہل کرنے کیلیے

اپنی عمریں خرچ کر دیں جنہوں نے قرآن و سنت کی خدمت میں اپنی جانیں قربان کر دیں جنہوں نے ہمارے لیے ایسی صاف سڑکیں بنا دیں کہ چلنے والوں کو کوئی دشواری پیش نہیں آتی، ان کو ہی کوسا جاتا ہے علم فقہ جو قرآن و حدیث کا نچوڑ اور تعلیم محمدی کا مغز ہے اس کو عبث خیال کیا جاتا ہے۔ کراماتِ اولیاء اور معجزاتِ انبیاء پر بالکل ایمان نہیں ہے۔ نہ کوئی وقعت مقدس نفوس کی ان کے دل میں ہے، ان میں سے ہر ایک شخص بجائے خود مجتہد بن رہا ہے خواہ وہ علمِ عربی سے کیسا ہی نابلد اور قرآن و حدیث سے محض ناآشنا ہی کیوں نہ ہو۔ چند اردو کے رسالے ان کے مایہ ناز ہیں اور لہو لگا کر شہیدوں میں مل جانے کے شیدا ہو رہے ہیں۔ وہ کیسا منحوس وقت تھا جب عبدالوہاب نجدی نے جنم لیا اور اس نے نرالے مذہب کا اختراع کرکے خود تو ناکامی اور حسرت کی موت مرگیا لیکن اپنی ذریت باقی چھوڑ گیا جو رفتہ رفتہ ہند و پنجاب میں بھی آپہنچی اور یہاں بھی وبا ایسی پھیلی کہ پلیگ کی طرح ملک سے اب اس کا قدم اکھڑنا محال ہو گیا ہے۔ شکر ہے کہ بندگانِ خدا نائبانِ رسول علمائے دین سے حفاظت دینِ حق اسلام قدیم کے لیے کوئی نہ کوئی ایسا پیدا ہو ہی جاتا ہے جو خلقِ خدا کو گمراہی سے بچانے اور ان کے شر سے نجات دلانے کا باعث ہوتا ہے۔ اگر ایسے علمائے ربانی کا وجود بھی نہ ہوتا تو وہابیت جو مترادف دہریت ہے کب کی بلادِ اسلام پر متسلط ہو جاتی۔ کتاب جس کی تقریظ لکھی جا رہی ہے اس کے مصنف کوئی معمولی مُلّا نہیں ہیں بلکہ ایک فاضل اجل فقیہِ اکمل ہونے کے علاوہ ایک ولی کامل صاحبِ کشف و کرامات بھی ہیں ہر چند اس زمانہ میں بہت سے بزرگانِ دین صاحب سجادہ موجود ہیں لیکن مصنف کتاب ہٰذا کی لائف کچھ ایسی تھی کہ دیکھنے والوں کو ماننا پڑتا ہے کہ سچ مچ آپ ولی اللہ ہیں اور صحابہ کرام کا پورا جلوہ آپ میں نظر آتا ہے۔ آپ طمعِ دنیا اور نفسانی لالچ سے بالکل پاک و صاف

مبرا اور معرا تھے۔

سادہ لباس اور نانِ جویں پر گزارہ تھا۔ شب بیداری اور نفل گذاری گویا آپ ہی کا حصہ تھا۔ عبادت میں کھڑے ہوئے راتیں گزر جاتی تھیں اور قدم مبارک متورم ہو جاتے تھے۔ اپنے مرشد حضرت پیر شاہ غازی قلندر دمڑیوالہ قدس سرہ سے کچھ ایسی عقیدت تھی کہ آپ کی خانقاہ پر اپنی ریش مبارک سے جھاڑو کیا کرتے تھے۔ باوجود سادگی کے رعب و جلال آپ کے چہرۂ اقدس سے ٹپکتا تھا اور کسی فرد بشر کو دیکھنے کی طاقت نہ ہوتی تھی۔ جو کچھ زبانِ سیف الرحمٰن مبارک سے نکل جاتا پورا ہو جاتا تھا۔ اس بارہ میں راقم کو کئی بار تجربہ کا موقعہ ملا ہے اور بلا ریب آپ ایک برگزیدہ ولی صاحب حال خدا رسیدہ تھے ایسے مقبولِ خدا کی کتاب خود اپنی صداقت کی آپ خود دلیل ہے اور جو شخص حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ کے حال سے ذرہ بھر بھی واقف ہے اس کو بجز سر تسلیم خم کرنے کے کوئی چارہ نہیں ہے۔

اس کتاب میں حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے فرقہ نجدیہ کا مبدا اور ماخذ اور ان کے شر و فتن اور ظلم و تعدی کا حال بڑی شرح و بسط سے معتبر روایات سے لکھا ہے پھر تمام ان معرکۃ الآرا مسائل پر روشنی ڈالی ہے جن پر مدعیان حدیث دانی شور و غل مچاتے اور احناف کرام کو حدیث سے ناواقف اور صرف کتب فقہ کو مقلد بیان کرتے ہیں ان تمام اہم مسائل مثلاً استمداد از اولیاء بعد وفات ایشاں و توسل بالانبیاء و معجزات و کرامات، سماع موتیٰ، مسئلہ غیب، ائمہ اربعہ کے مسائل وغیرہ وغیرہ کو ایسی تحقیق و تدقیق ادلہ قرآنی و حدیث سے حل کیا ہے کہ کوئی شخص حق اب ان کے ماننے سے انکار نہیں کر سکتا۔ الحق یہ کتاب لاجواب اہل اسلام کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے اور اس قابل ہے کہ ہر ایک مسلمان اس کو مطالعہ میں لائے۔ سبحان اللہ، پنجابی سہل زبان اور پھر رنگین اشعار سونے پر سہاگہ کا حکم رکھتے

ہیں۔ اللہ تعالیٰ حضرت مصنف رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کو جزائے خیر بخشے اور مسلمان بھائیوں کو اس سے نفع حاصل کرنے کی توفیق عطا ہو۔ آمین!

تقریر و تحریر و تقریظ

از جناب مولانائی مولوی محمد زین العابدین صاحب کوہی سماہنی و گرد اور نکاح خواں ضلع میرپور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جس طرح علم کا خلاصہ عمل اور عمل کا نتیجہ حلاوت و سرور اور سرور کا خلاصہ کشف و کرامات ہے یا عالم کا خلاصہ مخلوق اور مخلوق کا لب لباب انسان اور انسان کا خلاصہ اولیائے کرام ہیں یا جس طرح عقل کا انتہا فلسفہ اور فلسفہ کا سائنس، سائنس کا نتیجہ موجودہ اختراعات ہے یا درخت کا خلاصہ پھول اور پھول کا لب لباب پھل اور پھل کا نتیجہ رس ہے۔ اسی طرح افعالِ عالم کا نتیجہ اعمالِ مذہبی اور اعمالِ مذہبی کا خلاصہ عاملانِ دین اور ان کا نچوڑ شہادات و کرامات ہیں یا یوں کہو کہ جس طرح حیوانوں کی عقل علم۔ اقوال سے ادنیٰ کا علم۔ دانش کلام افضل ہے۔ اسی طرح تمام بنی آدم قول فعل ادراک سے انبیاءؑ و اولیاء کے افعال و احوال مقبول و منظور و بالاتر ہیں۔ انبیاء علیہم السلام والصلوٰۃ کے اقوال صحیفوں اور الہامی کتابوں کی صورت مقدس علوم جس طرح قابلِ اعتبار دنیا کی مخلوقات میں مانے جاتے ہیں اسی طرح اولیائے کرام رحمہ اللہ علیہم کے ملفوظات و تصنیفات عالم اور عالموں کی نظروں میں معتبر و ممتاز سمجھی جاتی ہیں۔ نئی روشنی کے دلدادہ کار اقوال اولیاء اللہ کو اگر معتبر نہ سمجھیں تو یہ ان کی عدم حلاوتِ ایمان

اور فقدانِ ذوقِ سلیم کی نشانی ہے ورنہ کلام انبیاء، و اولیائے دین میں بظاہر تقلید و تجدید کا ہی فرق ہے جو عوام مسلمانوں کو بجز اطاعت و ماننے کے چارہ و حیلہ جوئی اور ناحق تاویلات باعثِ نقصانِ ایمان اور خرابئ دین کا موجب ہے۔

ایسے ہی ذی وقار و ممتاز منقولات کا حلاوت و سوز کلام کا مجموعہ یا جواہر یا خلاصہ اس کتاب مختصر (ہدایت المسلمین) کی افضل عبارت کے معنوں میں جیسے پھول میں مست خوشبو، عرق میں عطر دودھ میں سفیدی، شہد میں چاشنی، سورج میں روشنی، غنا میں وجد ادا میں لذت پنہاں ہے۔ سطر سطر میں لفظ لفظ میں حرف حرف میں محفوظ و مامون ہے۔ سبحان اللہ! قادر الکلامی ہو تو ایسی، لاجوابی ہو تو ایسی، شوقِ الٰہی و عشقِ ذات کے اسرار کا اظہار ہو کس طرح۔ جس طرح ہمارے آقائے نامدار قدوۃ العارفین زبدۃ الکاملین حضرت میاں محمد بخش صاحب زیرک قدس اللہ سرہ العزیز نے کلام ہذا کے الہامی اشاروں کے نتیجہ خیز معنوں میں فرمایا ہے۔ واقعی اولیاء اللہ کی کلام بھی نرالی ہی ہوتی ہے مختصر لفظوں میں ہزاروں نکات، لاکھوں دلائل، بیسیوں جواب خود بخود نکتہ چین کو ملتے ہیں۔ مسائل سماع موتٰی میں قبلہ مرحوم ممدوح الصدر نے منکران سماع کو جنہیں مبدائے ازل سے حلاوت و سرور و عشقِ الٰہی کا ذرہ تک نصیب نہیں ہوا۔ دندان شکن قابلِ قدر جواب دیتے ہوئے آپ نے یہ ثابت فرمایا ہے کہ غیر مقلد اس حالتِ اسرار و ذوق انوار سے معرا ہونے کی وجہ سے بالکل محروم رہ کر درویشوں کے افعال میں دست درازی کرتے ہوئے دن بدن اس لذت سے کوسوں دور رہتے جاتے ہیں، جو اولیاء اللہ کو حاصل ہوتی ہے کتاب ہذا میں حضرت مصنف قدس اللہ سرہ العزیز نے مسئلہ استمداد اولیاء اللہ کو حالت حیات اور بعد وفات معہ دیگر مسائل و دلائل شرعیہ سے ثابت کیا ہے۔ گو حضرت کا شغل

سوائے مراقبات مجاہدات اور عبادات وغیرہ مشاغل بحث وجدال نہ تھا۔ بعض ہمعصر فضلاء کے اصرار پر میدانِ مناظرہ پر سمندِ طبیعت کو جولانی دے کر ثابت کر دیا کہ وہ ذاتِ تقدس مآب کس پایہ کے فاضل اجل اور کامل و اکمل تھے اور علاوہ باطنی علم کے ظاہری علوم میں کیسی دستگاہ حاصل تھی دعا ہے کہ اہلِ ادب اصحاب کو کتاب ہذا کے مطالعہ سے فیضانِ باطنی اور کشائش قلبی اور صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق ہو۔ آمین!

قطعہ تاریخ طبع کتاب

از قاضی میر علی حسن صاحب متوطن چنڈوس ضلع علی گڑھ خطیب جامع مسجد عیدگاہ حنفیاں شہر جہلم

شکرِ ایزد کہ ایں صحیفہ جُود
طبع شُد بساعتِ مسعود

از تصانیف صاحبِ عرفاں
قبلۂ دیں و کعبۂ مقصود

عارفِ نیک پئے محمد بخشؒ
مظہرِ نورِ پاک سرورِ دود

ایں کتابے کہ ہست فیض نشان
آیتِ فضل و رحمتِ معبود

مطلع اش ہست مطلعِ انوار
مقطع اش قاطع سرِ مردود

مشتہر شد چوایں صحیفۂ نور
کالعدم گشت فرقۂ مطرود

چوں حسن جُست سالِ تاریخش
گفت ہاتف کتاب فیض وجود

۱۳۳۰ھ

تاریخ و تقریظ

از منشی حسن الدین صاحب

متوطن سیالکوٹ کاتب سراج الاخبار جہلم (مطبع سراج المطابع)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لِلہ الحمد جب چھپی یہ کتاب — آئی آواز مرحبا کی شتاب
اللہ اللہ کتاب رُشد و ہُدیٰ — بہرِ احناف فرقۂ عُلیار
اہلِ انصاف کو ہے یہ فرحت — غیر مترقبہ ہے یہ نعمت
ہے سراسیمہ فرقۂ نجدی — دیکھ کر اس کو ہو گئے ہیں رَدّی
کیسی چھپی ہے صاف کتاب — رکھتی ہرگز نہیں اپنا جواب
مولوی اِک جو نامور ہیں یہاں — مظہرِ لطف ہیں عظیم الشاں
چشمۂ فیض و مجمع البرکات — مخزنِ فضل و منبع الحسنات
ہے فقیر مُحمّد ان کا نام — خوش رہیں اور ہو بخیر انجام
سعی سے اُن کے یہ چھپی ہے کتاب — دے گا اللہ اس کا ان کو ثواب
ہیں محمد ملک جو ٹھیکہ دار — نیک خو مرد ہیں وہ خوش کردار
کی ہے تصحیح اس کی کیسی خوب — ہر لکھائی چھپائی سب مرغوب

ہیں صحائف جو الشد تا جی | ان کے کہنے سے یہ کتاب چھپی
اب دعا ہے میری اے یزداں | ہیں جو مطبع کے کارپردازاں
سب کے سب شاد اور رہیں خرم | یاد میں تیری سب رہیں ہر دم

سال طبع کتاب گر پوچھو
اے حسن دین خوشا کتاب کہو

۱۳۳۰ ہجری المقدس

محمد یعقوب خوش نویس ابن محمد یوسف خوش نویس حضرت کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ

تشریح و تفہیم مسائل

مندرجات کتاب ہدایت المسلمین

بدلائل قاطع و ساطع بحوالہ کتب ہائے غیر مقلدین و دیگر اکابرین دین

شرع متین و مفسرین تفاسیر و ائمہ اربعہ و تسانید و تطابق

مسلک اہل سنت والجماعت

از کاوش مولوی محبوب علی بن قاضی سلطان علی ریسرچ اسسٹنٹ

دربار کھڑی شریف یکے از غلامان حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ

ساکن ٹاہلیانوالہ (تحصیل جہلم)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صفحہ نمبر ۵، ثنا باری تعالیٰ جل شانہٗ :

ناظرین کرام! پہلے اشعار میں حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے جملہ انبیاء علیہم السلام جن کو خدائے عزوجل نے معجزات عطا فرمائے اور وہ مختلف النوع اور مافوق الفطرت ہونے کے تحت محیر العقول ہیں۔ ارشاد فرمایا:

جیساکہ حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ایسا معجزہ عطا فرمایا کہ ان کے دستِ حق پرست میں لوہا موم ہو جاتا تھا اور اس لوہا کو آپ جس طرح چاہتے تھے ٹیڑھا سیدھا کر لیتے تھے۔

وَسَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ یُسَبِّحْنَ وَالطَّیْرَ ؕ وَکُنَّا فٰعِلِیْنَ ○

اور مسخر کیا ہم نے ساتھ داؤد کے پہاڑوں کو تسبیح کہتے تھے اور ساتھ ہی جانوروں کو اور تھے ہم ایسا کرنیوالے

وَعَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّکُمْ لِتُحْصِنَکُمْ مِّنْۢ بَاْسِکُمْ ج

اور سکھلائی ہم نے اس کو کاریگری ایک پہناوے تمہارے کی تو کہ بچاوے تم کو لڑائی تمہاری سے

فَهَلْ اَنْتُمْ شٰکِرُوْنَ ○ (سورۃ انبیاء، پارہ ۱۷)

پس کیا ہو تم شکر کرنے والے۔

وَنُوْحًا اِذْ نَادٰی مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّیْنٰهُ وَاَهْلَهٗ

اور نوح کو ہدایت کی جس وقت کہ پکارا پہلے اس سے پس قبول کیا ہم نے واسطے اس کے پس نجات دی ہم نے

مِنَ الْکَرْبِ الْعَظِیْمِ ○ (سورۃ انبیاء، پارہ ۱۷)

اس کو اور اہل اس کے کو بڑی سختی سے

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَیْهِ

اور مچھلی والے (حضرت یونسؑ) کو ہدایت فرمائی جس وقت گیا غصہ کھا کر پس جانا یہ کہ ہر گز نہ تنگ پکڑینگے ہم اوپر اس کے

فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ

پس پکارا بیچ اندھیروں کے (مچھلی کے پیٹ میں)، یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو پاکی ہے تجھ کو

اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ۚ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ

تحقیق میں تھا ظالموں سے پس قبول کیا ہم نے واسطے اس کے اور نجات

مِنَ الْغَمِّ ؕ وَكَذٰلِكَ نُنْجِى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ (سورۃ انبیاء، پارہ ۱۷)

دی ہم نے اسکو غم سے اور اسی طرح نجات دیتے ہیں ہم ایمان والوں کو

قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ۝

کہا انہوں نے جلاؤ تم اس کو (حضرت ابراہیم خلیل اللہ) اور مدد دو معبودوں اپنوں کو اگر ہو تم کرنیوالے۔

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۙ وَاَرَادُوْا

کہا ہم نے اے آگ ٹھنڈی ہو جا تو اور سلامتی ہو اوپر حضرت ابراہیم خلیل اللہ کے اور انہوں نے

بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۝ (سورۃ انبیاء، پارہ ۱۷)

ان کا برا چاہا تو ہم نے انہیں سب سے بڑھ کر زیاں کار کر دیا۔

قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ

تحقیق سچ کیا تو نے خواب کو تحقیق ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں احسان کرنے والوں کو

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ۝ وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ

تحقیق یہ بات ہوئی ہے آزمائش ظاہر اور چھڑا لیا ہم نے اس کو بدلے قربانی

عَظِيْمٍ ۝ (سورۃ صٰفّٰت، پارہ ۲۳)

بڑی کے (یعنی حضرت اسماعیلؑ کی جگہ دنبہ بہشت سے لاکر ذبح فرما دیا)

رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ
اے پروردگار میرے تحقیق دی تو نے مجھ کو کچھ بادشاہی اور سکھائی تو نے مجھ کو تعبیر باتوں کی (خوابوں
الْاَحَادِيْثِ ۚ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ وَلِيّٖ
کی) اے پیدا کرنے والے آسمانوں کے اور زمین کے تو ہی ہے دوست
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ○
(کارساز) میرا بیچ دنیا اور آخرت کے قبض کر مجھ کو مطیع اپنا اور ملا دے مجھ کو ساتھ صالحوں کے

(سورۃ یوسف، پارہ ۱۳)

اِنِّيْ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ
تحقیق میں ہوں پروردگار تیرا پس اتار ڈال دونوں جوتیاں اپنی تحقیق تو بیچ میدان پاک
طُوًى ○
کے ہے

(سورۃ طٰہٰ، پارہ ۱۶)

وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ
اور بسبب کہنے ان کے کہ تحقیق ہم نے مار ڈالا مسیح عیسیٰؑ بیٹے مریم کے کو پیغمبر اللہ کا تھا۔
وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۚ وَاِنَّ الَّذِيْنَ
اور نہیں مارا اس کو اور نہ سولی دی اس کو اور لیکن شبہ میں ڈالا گیا واسطے ان کے اور تحقیق جو لوگ کہ
اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۚ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ اِلَّا
اختلاف کیا انہوں نے بیچ اس کے البتہ بیچ شک کے ہیں اس سے نہیں واسطے ان کے ساتھ اس کے کچھ علم
اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ○ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۚ
مگر پیروی کرنا گمان کا اور نہ مارا اس کو بہ یقین بلکہ اٹھا لیا اس کو اللہ نے طرف اپنی

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ○

اور ہے اللہ غالب حکمت والا (سورۃ نساء، پارہ ۶)

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ○

اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو (یعنی حضورؐ) مگر تمام جہانوں کی رحمت بنا کر (سورۃ انبیاء، پارہ ۱۷)

گویا تمام جہان اسی طرح محیط ہیں جیسے خدائے بزرگ و برتر نے اپنی ذات مبارک کو تمام جہانوں کا رب فرمایا اس لیے جس طرح حق سبحانہٗ تعالیٰ نے بلا تخصیص تمام جہانوں کے رب ہونے کا ارشاد فرمایا اسی طرح آپ کی ذات ستودہ صفات کو بھی ان ہی جہانوں کے لیے رحمت بنا کر ارسال فرمایا، گویا تمام جہانوں میں انبیاء و اولیاء، صلحاء اور عباد الصالحین و ذرہ ذرہ کائنات عالم شہود و غیر مشہود موجود ہیں۔ اسی وجہ سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنی ذات تقدس مآب کے بعد رحمت اولیٰ کا خرقہ عطا فرما کر تمام کائنات کو اس میں سمو دیا۔

حضرت سیدی شاہ ابو المعالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

گر نبودے یا رسول اللہؐ ذاتِ پاکِ تو
ہیچ پیغمبر نہ بردے دولتِ پیغمبری

(یا رسول اللہؐ اگر آپ کی ذات پاک نہ ہوتی تو کوئی پیغمبر دولتِ پیغمبری سے سرفراز نہ ہوتا)

حضرت شمس العارفین حضرت شمس تبریزی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

یا رسول اللہؐ حبیبِ خالقِ یکتا توئی　　برگزیدہ ذو الجلالِ پاک بے ہمتا توئی
یا رسول اللہؐ تو دانی اُمتانت عاجزاند　　عاجزاں را رہنما و جملہ را ماویٰ توئی

ترجمہ (یا رسول اللہؐ خالق ذو الجلال کے برگزیدہ اور محبوبِ لاثانی ایک صرف آپ کی ذات ستودہ صفات ہی ہے۔ یا رسول اللہؐ آپ کو علم ہے کہ آپ کی اُمت بہت عاجز اور غریب ہے۔ ان تمام عاجزوں

کے راہنما بھی آپ ہی ہیں اور پناہ دینے والے اور دستگیری کرنے والے بھی آپ ہی ہیں۔

سیدی عارف باللہ حضرت مولانائی محمد عبدالرحمن جامی سرہ السامی یوں ارشاد فرماتے ہیں۔ ملاحظہ ہو

زلیخا جامیؒ:

زمھجوری برآمد جانِ عالم ترحم یا نبی اللہ ترحم

نہ آخر رحمۃ للعالمینی زمھجوراں چرا فارغ نشینی

ترجمہ: جدائی سے عالم کی جان نکل رہی ہے۔ یارسول اللہ رحم فرمائیے، کیا آپ رحمۃ للعٰلمین نہیں ہیں پھر ہم مہجوروں سے کیوں فارغ نشین ہیں۔

گویا آیتِ ممدوحہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات تقدس مآب کی فضیلت اور رحمتِ عالم و عالمیان بنا کر بھیجا جانا ہی آپ کے بے مثل و بے مثال ہونے کی روشن دلیل ہے جو ہر ایک تناقید و تفاہیم سے مبرا اور معرا ہے۔ آپ کے اوصافِ حمیدہ اور پسندیدہ خصائل کو لکھنے کے لیے زبان گنگ اور قلم لنگ ہے۔ اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ وَ نُوْرِ عَرْشِہٖ وَزِیْنَۃِ فَرْشِہٖ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ اَھْلِ بَیْتِہٖ ، ذُرِّیَّاتِہٖ وَعِتْرَتِہِ الطَّیِّبِیْنَ الطّٰھِرِیْنَ اَجْمَعِیْنَ ؛ اٰمِیْن

چہ وصفت کند سعدیٔ ناتمام عَلَیْکَ الصَّلٰوۃُ عَلَیْکَ السَّلَام

ترجمہ: سعدیؒ ناتمام آپ کے کیا اوصاف بیان کر سکتا ہے یارسول اللہؐ آپ پر صلوٰۃ وسلام ہو۔

صفحہ نمبر ۷، حدیث مبارک جناب سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

حضرت ابنِ عساکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ حضرت سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن ارشاد فرمایا کہ جب آخر زمانے میں بدعات اور ہزلیات و

نواحش جو دین متین کے بالکل خلاف میں نے ظہور دکھایا تو اس وقت کے وہ جملہ علما، جو علم دینی سے مزین اور واقف ہیں اگر انہوں نے ان کے خلاف اجتہاد نہ کیا یا کسی خوف وخطر کے باعث لب کشائی کرنے سے معذور رہے تو ایسا ہی ہے کہ جو علم کلام حق سُبحانہٗ تعالیٰ نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا اس کو چھپا یا گیا جیسا کہ سابقہ دور میں علمائے نے بالکل خاموشی اختیار کی رکھی اور نزولِ بدعات و خرافات سر سے گذر گئیں۔

اسی طرح ہمارا ملک قدیم میں اہلِ سُنّت والجماعت کا پیروکار اور سوادِ اعظم پہ کاربند رہنے کا خوگر تھا مگر جب فرقۂ نجدیہ نے اپنا سر اُٹھایا تو علمائے سو نے اس کو جلدی قبول کر کے ہندوستان میں آ رائج کیا کم علم اور کم فہم اشخاص نے تو اس کو ہاتھوں ہاتھ قبول کیا۔ علمائے حقہ نے بہت سے رسالے اور کتابیں اس پر تحریر فرمائیں جن کا صدقہ عام مخلوق پر ان کے مکر وحیلہ واضح اور روشن ہو گئے بلکہ یہ فرقہ اپنے دلائل میں احادیث مبارک کے حوالہ جات اور قرآنِ کریم کی آیات پیش کر کے معنی اور تاویلات اپنے علم وعقل سے گمراہ کن حیثیت سے پیش کرنے میں یدِ طولیٰ رکھتا ہے۔ چناں چہ فقیر کی نظر میں دیگر کتب ہائے علمائے اہلِ سنت والجماعت کے ایک کتاب ایسی گذری جس کے متعلق دل کو سخت قلق ہے کہ وہ منظرِ عام پر نہ آسکی، جس کی وجہ مؤلف کتاب مذکور کے پس ماندگان کی نا اہلی اور کم استطاعتی پر ہی دال ہے۔ حضرت مولانائی مولوی محمد نور عالم صاحب رحمۃ اللہ علیہ ساکن کھائی کو ٹلی جہاں کسی زمانہ میں دار العلوم کی حیثیت تھی انہوں نے ایک کتاب موسومہ (ردّ الغالین) تصنیف فرمائی جو تمام عربی زبان میں تحریر فرمائی گئی اور اس میں اس قدر جامع ولامع حوالہ جات دیے گئے کہ باید و شاید کسی عالم صاحب نے اتنی کاوش فرمائی ہو گی مگر وہ اب تک قلمی ہے خصوصاً جو خدمت حضرت مولانائی مولوی محمد عمر صاحب اچھڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسلک کی فرمائی وہ قابلِ صد ستائش ہے۔ اور صحیح معنوں میں مسلک اہلسنت والجماعت اعلیٰ حضرت احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کا مرہونِ احسان ہے کہ جنہوں نے اسی دور میں

دندان شکن جواب دیے۔

پھر حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ جن کا ہم پلہ کوئی عالم نہ پیدا ہوا اور نہ آئندہ توقع کی جاسکتی ہے اس قدر انہوں نے معرکے سر کئے کہ مخالفین رجع قہقری پر مجبور ہو گئے۔ اسی دور میں حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے کمر ہمت باندھی اور کتاب ہذا اس خوب صورتی سے تصنیف فرمائی کہ حوالہ جات کتب حنفیہ تو علماء کے لیے مگر دلکش نظم عوام الناس کے لیے مشعل ہدایت کا کام دیتی رہے گی۔

چوں کہ حضور نے تمام حوالہ جات مسلک اہل سنت والجماعت کی کتب سے دیے ہیں اور فقیر راقم الحروف ان کی شرح کرنے سے قاصر ہے البتہ اتنا کرنے کے لیے کمر ہمت باندھ کر حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ سے استمداد طلب کی ہے گو راقم بالکل اس قابل نہیں مگر آپ کی نظر عنایت اگر شامل حال ہوئی تو کچھ نمونہ مشتے از خروارے ناظرین کی خدمت میں پیش کر سکوں گا۔ فقیر راقم الحروف نے وہ حوالہ جات اس شرح میں درج کیے ہیں جو غیر مقلدین اصحاب نے اپنی اپنی کتب میں مرقوم کیے اور ان کی روشنی میں حوالہ جات مندرجہ کتاب مبارک ہذا بالکل بعینہ بہ نفس مضمون ان شاء اللہ منطبق ہوں گے وَبِیَدِہِ التَّوْفِیْقُ

قارئین کرام خود اس سے اندازہ فرمالیویں کہ جن کاموں کو یہ فرقہ نجدیہ وہابیہ شرک و بدعت کہتا ہے ان کے اپنے عمائدین کرام ان کو عین صحیح اور مطابق اصول اسلامی جائز قرار دیتے ہیں تو پہلے اپنے رہنماؤں کے خیالات پڑھیں پھر دوسرے پر تنقید فرماویں۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ۔

صفحہ نمبر ۸ حدیث مبارک مشکوٰۃ شریف

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اُس حدیث مبارک کے تحت یہ مقدمہ بیان کیا گیا ہے جو غیر ناجیہ فرقہ کا ظہور و خروج کے متعلق جو ملحد اور زندیق قیامت تک پیدا ہوں گے۔

مشکوٰۃ المصابیح شریف میں آیا ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم نے اپنے اصحاب وہم جلیس بزرگوں کو ہر اس فتنہ ومضل فرقہ کے متعلق آگاہ فرمایا جو قیامت تک ظہور پذیر ہوں گے جیسے جبریہ، قدریہ، معتزلہ، نجدیہ، وہابیہ، چکڑالویہ، دہریہ، استدلالیہ وغیرہ وغیرہ جن کا احصار و شمار اس مختصر شرح میں سمانا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے تمام کے متعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صحابہ کرام کو آگاہ فرمایا اور تمام کے کوائف وخصائص، شرح وبسط سے ارشاد فرما دیے جو حق بحق ظہور پذیر ہوئے۔ اس کے بعد حضورؐ نے باب الفتن میں اس کی تشریح فرما دی۔

صفحہ نمبر ۸ حدیث شریف:

بیان اس حدیث مبارک کا جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرقہ وہابیہ کے رد میں ارشاد فرمائی۔ فرمایا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہ ایک دفعہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعا فرمائی کہ اے اللہ کریم میرے شام کو برکت عطا فرما، اے اللہ کریم میرے یمن کو برکت عطا فرما، عرض کی کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نجد کے حق میں بھی دعا فرما دیں۔

جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر دوبارہ شام اور یمن کے حق میں دعا فرمائی۔ پھر عرض کیا کہ حضور نجد کے لیے بھی دُعا فرما دیں جس پر حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ وہاں شر اور فتنے نظر آرہے ہیں۔ ایک شیطانی تشر کا آغاز وہاں سے ہوگا جو دنیا میں پھیل جائے گا۔ روایت کی بخاری نے اور اسی طرح مسلم اور ترمذی نے رضی اللہ تعالیٰ عنہم

صفحہ نمبر ۹:

یہاں سے واقعہ شروع ہوتا ہے جہاں سے حدیث مبارک مذکورہ بالا کی تصدیق وتشریح ہوتی ہے۔ جو ایک تاریخی واقعہ ہے جس کی تشریح کی ضرورت نہیں۔

صفحہ نمبر۲۰، اصل متن کتاب مبارک یہاں سے شروع ہوتا ہے جس کی سورۃ فاتحہ شریف سے ابتدا ہو رہی ہے

پہلا نجم اس بیان میں کہ طلب امداد صرف ذاتِ حق سبحانہٗ تعالیٰ سے مخصوص ہے لیکن استعانت اور امداد غیر اللہ مثلاً انبیاء علیہم السلام و اولیائے عظام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم سے بھی جائز ہے یعنی جو آیت مبارک سورۃ فاتحہ شریف میں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ آئی ہے اس میں عبادتِ غیر اللہ سے روکا گیا ہے کہ ماسوائے حق سبحانہٗ تعالیٰ کے اور کوئی لائق بندگی اور عبادت نہیں۔ یہاں خالصاً لوجہ اللہ عبادت مراد ہے نہ کہ توسل عابد اور معبود صرف ساجد اور مسجود ہیں نہ کہ متوسل اور غیر متوسل یہاں پر صرف عبادتِ الٰہی کی تعلیم دی گئی ہے۔ جملہ آیاتِ مبارکہ سورۃ فاتحہ شریف کے اس امر پہ متقاضی ہیں کہ ساجد اپنے مسجود حقیقی کی بارگاہ میں ایستادہ ہے اور سجدہ ریز ہے اور قعدہ آمیز ہے نہ کہ یہاں توسل اور یہ صرف قیام میں ہی ان آیات مبارکہ کا اعادہ کیا جاتا ہے اس سے آگے تشہد اور درود و سلام حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر تب جا کر کہیں نماز ادا ہوتی ہے۔

ایک ٹکڑہ آیت کو لے کر اسی پر انحصار کر لینا اور سیاق و سباق آیات کا مطالعہ نہ کرنا، یہ سراسر زیادتی ہے جیسا کہ قرآن پاک میں آیا ہے لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوۃَ وَاَنْتُمْ سُکٰرٰی یعنی اے ایمان والو مت نزدیکی کرو نماز کی جب ہو تم حالت بے ہوشی میں۔ اگر صرف پہلا ٹکڑا ہی آیت مبارک کا ملحوظِ خاطر رکھ لیا جاوے اور دوسرا حصہ نہ پڑھا جائے تو بتاؤ معنی کیا ہوئے۔ اسی طرح جملہ مضامین قرآن حکیم میں مجموعی طور پر ایک آیت دوسری آیت کا ترجمہ کرتی ہے۔ قرآن کریم بذاتِ خود ایک روشن ہدایت ہے مگر تاوقتیکہ اس کے مندرجات کو بغور مطالعہ نہ کیا جاوے۔ مطلب صحیح برآمد نہ ہو سکے گا۔ فاتحہ شریف کی بہ صورت مبارک عابد کی زبان سے ادا کرنے کی ترغیب ہے اور عابد ہی اپنے معبود حقیقی کی بارگاہ میں ان الفاظ سے فیضیاب ہو سکتا ہے۔

قرآن حکیم میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی۔ اسی ترکیب کی شرح ہے کہ جنگ کے وقت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مٹھی ریت قریشِ مکہ کی جانب پھینکی جس سے تمام لشکر مخالفین اندھا ہو گیا جس پر یہ آیت نازل ہوئی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے یہ مٹی بھر ریت نہیں پھینکی بلکہ اللہ جل جلالہ نے پھینکی ہے حالاں کہ دستِ حق پرست سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا جس ہاتھ سے یہ فعل سرزد ہوا اگر حق سبحانہ تعالیٰ نے اس فعل کو حضور کا فعل نہیں بلکہ اپنا ذاتی فعل ارشاد فرمایا جیسے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ارشاد فرماتے ہیں وہ شخص مفلس اور قلاش نہیں جن کے پاس درہم و دینار نہیں بلکہ وہ شخص مفلس ہے جس کے اعمالِ صالح ضائع ہو جائیں جیسا کہ عابد و زاہد ہوتے ہوئے کسی مومن بھائی کو نقصان پہنچائے یا غیبت کرے یا لعنت بھیجے تو یومِ محشر اس کے اعمالِ صالح اس معتوب کو دے دیے جائیں گے۔ اور وہ خالی مفلس اور قلاش رہ جائے گا۔

حضرت مولانائے روم مست بادۂ قیوم رضی اللہ عنہ رقمطراز ہیں :

دستِ پنہاں و قلم بیں خط گذار	قلم لکھ رہا ہے اور ہاتھ چھپا ہوا ہے۔
اسپ در جولان و ناپیدہ سوار	سوار کا پتہ نہیں لیکن گھوڑا دوڑ رہا ہے
پس یقین در عقل ہر دانندہ است	ہر سمجھ دار یہ یقین رکھتا ہے کہ
اینکہ با جنبیدہ جنبانندہ است	جو چیز حرکت کرتی ہے اس کا کوئی حرکت دینے والا ہوتا ہے
گر تو آں را مے نہ بینی در نظر	اگر تم اس کو آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے
فہم کُن اما بہ اظہارِ اثر	تو اس کے اثر کو دیکھ کر سمجھو
تن بہ جاں جنبد نہ می بینی تو جاں	بدن جو حرکت کرتا ہے جان کی وجہ سے کرتا ہے
لیکن از جُنبیدنِ تن جاں بداں	تم جان کو نہیں جان سکتے تو بدن کی حرکت سے جان کو جان لو

گویا حقیقت میں تمام کام حق سبحانہٗ تعالیٰ کے اثر کے تحت ہیں صرف جس جس طرح ان کا ظہور کرنا مقصود ہوتا ہے ہو جاتا ہے جیسا کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اندھے بینا کرنا اور کوڑھیوں کو تندرست اور مردگاں کو زندہ کرنے کا معجزہ عطا فرمایا بظاہر حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام ان تمام افعال کے فاعل ہیں مگر بباطن حق سبحانہٗ تعالیٰ عزاسمہٗ۔

اور قرآن پاک میں حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فرمایا:

وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا مَعَهٗۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِیْرًا ۝

اور تحقیق دی ہم نے موسیٰؑ کو کتاب اور کیا ہم نے ساتھ اس کے بھائی اس کے ہارونؑ کو وزیر

حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت ہارون علیہ الصلوٰۃ والسلام بھائی کے ذریعہ تقویت پہنچائی اور ان کی فصاحت و بلاغت سے تبلیغ دین کی مگر حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی التجا پر ھارون وزیری کا کلمۂ استمداد یہ بھی قابلِ غور و خوض ہے۔ یہاں استمداد بالاخی سے مراد عین استمدادِ حقیقی ہے بشرطیکہ ذہن رسا حاضر ہو اور یقین منور۔

داشت چوں بوجہل طبعِ نارسا ساحرے خواند رسولؐ اللہ را (مثنوی صمدانی)

ترجمہ (ابوجہل کو طبع رسا ہی نہیں تھی تب ہی تو اس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو جادوگر سے خطاب کیا)

(ابوجہل نے طبع نارسا کے تحت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات ستودہ صفات کو جادوگر کہا، اگر طبع رسا حاصل ہوتی تو دیگر اصحاب کبار کی طرح یہ بھی آمنا وصدقنا کہے بغیر نہ رہ سکتا۔)

فاعل اور کاسب دو چیزیں ہیں۔ فاعل حقیقی کاسب کی رہنمائی کرتا ہے اور وہ کسب کرکے فاعل کے حکم کی تعمیل کرتا ہے گویا دونوں یک جان اور دو قالب ہیں جیسے کہ زندگی کا چراغ گل ہو جانے پر اصل فاعل

حق سبحانہٗ تعالیٰ ہے۔ مگر جو قصاص میں قتل ہوں ان کے قتل کے محرکات قاضی اور جلاد، تلوار یا بندوق یا گولی جو بذریعہ قتل کے موت وارد کرتے ہیں وہ فاعل ہیں، کتنی چیزیں فاعل کے حکم پر امدادی حیثیت سے حرکت میں آئیں تب کہیں جا کر فاعلِ حقیقی کا فعل پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ یا کوئی شخص کسی بیماری میں مبتلا ہے اور اس بیماری کی شدت سے موت واقع ہوئی۔ جب بھی اس کا ذکر ہوگا بیماری کا پہلے ذکر ہوگا جس کی وجہ سے موت واقع ہوئی پھر اس پر طرہ یہ کہ فاعل حقیقی جس نے موت وارد کی اس کا ذکر تک زبان پر نہیں۔ فلاں فلاں بیماری کی وجہ سے موت واقع ہوئی۔ یہ قصہ لوگوں کی زبان پر رہتا ہے۔

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعا فرمائی کہ الٰہی دو عمروں سے ایک عمر مجھے عطا فرما تاکہ تیرے دین کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا جا سکے یعنی حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا عمر بن ہشام (یعنی ابوجہل) ذات حق سبحانہٗ تعالیٰ نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو چشم بینا عطا فرمائی اور وہ ممد و معاون حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہو گئے گویا یہ استمداد بھی عین ذاتِ الٰہی سے ہی مخصوص ہے نہ کہ ذات غیر سے بارش کا آسمان سے برسنا اور ابر کی وساطت کے بغیر برسنا ناممکن الامر ہے گویا ہر توسل، توسط، ممد بغیر ذات تقدس مآب حق سبحانہٗ تعالیٰ کے ناممکن ہے جیسا کہ قرآن کریم میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔

قَالَ مَا مَكَّنِّي فِيهِ رَبِّي خَيْرٌ فَأَعِينُونِي بِقُوَّةٍ أَجْعَلْ

کہا ذوالقرنین (سکندر نے) جو کچھ قدرت دی ہے مجھ کو بیچ اس کے رب میرے نے بہتر ہے پس مدد کرو میری ساتھ قوت کے

بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾ آتُونِي زُبَرَ الْحَدِيدِ ۖ حَتَّىٰ

اور کروں میں تمہارے اور ان کے درمیان دیوار موٹی لاؤ میرے پاس ٹکڑے لوہے کے یہاں تک

إِذَا سَاوَىٰ بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انفُخُوا ۖ حَتَّىٰ إِذَا

جب برابر کر دیا درمیان دونوں پہاڑوں کے کہا پھونکو یعنی دھونکو یہاں تک کہ جب

جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِیْۤ اُفْرِغْ عَلَیْهِ قِطْرًا ﴿۹۶﴾ فَمَا

کر دیا اس کو آگ کہا لے آؤ میرے پاس ڈالوں اوپر اس کے تانبا گلا ہوا۔ پس نہ

اسْطَاعُوْۤا اَنْ یَّظْهَرُوْهُ وَ مَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿۹۷﴾

کر سکیں کہ چڑھ آویں اوپر اس کے اور نہ کر سکیں کہ سوراخ کریں اس میں

اب امداد اور توسل غیر اللہ کے مدعی اس معاملہ میں کیا کہیں گے جب کہ قرآن حکیم کا ارشاد ہے کہ سکندر ذوالقرنین نے ان لوگوں سے امداد طلب فرمائی اور کہا کہ لے آؤ لوہے کی چادریں اور آگ سے دھونکو کہ وہ گل کر پانی ہو جائیں اور پھر ان پر تانبا گلا ہوا ڈال کر دونوں پہاڑوں کے درمیان تمہیں ایک ایسی موٹی دیوار بنا دوں تاکہ یاجوج ماجوج تم پر چڑھائی نہ کر سکیں اور تم امن و امان سے زندگی بسر کر سکو کیا اس قسم کی موٹی دیوار جو سکندر نے تعمیر فرمائی۔ حق سبحانہ تعالیٰ اس پہ قادر نہ تھے کہ وہ دیوار از خود بحکم ایزدی تیار ہو کر ان لوگوں کا بچاؤ کر سکتی۔ حق سبحانہٗ تعالیٰ بے مثل بے مثال واحدہٗ لاشریک ہے تمام کام اس کے حکم کے تحت سرانجام ہوتے ہیں مگر اسباب اور توسل اس کے ہاتھ پاؤں ہیں جن میں قدرت ڈال کر اپنی کرشمہ سازی دکھاتا ہے۔

فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَیَاۤ اَهْلَ قَرْیَةِ ِۨ اسْتَطْعَمَاۤ اَهْلَهَا

پھر چلے دونوں یعنی حضرت موسیٰ اور خضر یہاں تک کہ جب آئے لوگوں کے پاس ایک گاؤں کے کھانا مانگا لوگوں کے

فَاَبَوْا اَنْ یُّضَیِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِیْهَا جِدَارًا یُّرِیْدُ اَنْ

اس کے سے پس انکار کیا انہوں نے یہ کہ ضیافت کریں ان کی پس پائی دونوں نے بیچ اس کے ایک دیوار چاہتی تھی کہ

یَّنْقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوْ شِئْتَ لَتَّخَذْتَ عَلَیْهِ اَجْرًا ۝

ٹوٹ جائے پس سیدھا کھڑا کر دیا اسکو کہا اگر چاہتا تو البتہ لیتا اوپر اس کے مزدوری

لیجیے اب حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام اس اہلِ دہ سے کھانا

مانگ رہے ہیں حالاں کہ وہاں یتیموں کی دیوار درست کی اور سارا دن مزدوری کرتے رہے اور کھانا ان لوگوں سے مانگا جو اس گاؤں کے رہنے والے تھے حالاں کہ دونوں بزرگوار اتنی استطاعت کے مالک تھے کہ براہ راست حق سبحانہٗ تعالیٰ کی ذات گرامی میں التجا فرما کر کھانا غیب سے بھی منگوا سکتے تھے مگر باوجود اس قدر قدرت ہونے کے اس گاؤں کے لوگوں سے کھانا مانگا اور انہوں نے انکار کر دیا جس پر حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام برہم ہو گئے کہ اس قدر کام لیا اور یہ لوگ کھانا دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

اگر غیر اللہ سے امداد غلط ہوتی تو ان لوگوں سے ہرگز ہرگز کھانا طلب نہ فرمایا جاتا حالاں کہ دونوں ہستیاں قابلِ صد ستائش اور صاحب اختیار ہیں۔ ایک طرف نبیؑ اور وہ بھی کلیم اللہ اور دوسری طرف وہ شخصیت جو نبی اللہ کو ایک ایسے علم سے روشناس کرا رہی ہے جو بظاہر ناممکن اور مافوق الفطرت ہے جس سے نبی اللہ حیران و پریشاں ہو گئے ہیں کہ الٰہی ایسے ایسے افراد دنیا میں تیری ذات گرامی نے بھیجے ہیں جو اس قدر وسیع اور دقیق علوم کے مالک ہیں سالن لڑکے نابالغ کو قتل کرنا اور کشتی صحیح و سالم کو شکستہ کرنا اور گری ہوئی دیوار کو از سرِ نو تیار کرنا اور ان تینوں افعال کا قبل از ظہور علم ہونا ایک عجوبہ اور منکروں کے لیے تازیانہ عبرت ہے۔ فَاعْتَبِرُوْا یٰاُولِی الْاَبْصَارِ، (ترجمہ) نصیحت پکڑو اے عقل مندو!

صفحہ نمبر ۲۹، استعانت من غیر اللہ:

اب ان ثبوت کے متعلق تحریر کیا جا رہا ہے جو آیاتِ قرآنیہ کے تحت بطریق مجاز استمداد طلب کی جاتی ہے اور احادیث صحیحہ سے بھی ثابت ہے اور مضمون بالا بھی اسی ضمن میں تحریر کیا گیا ہے۔ مزید ثبوت مندرجہ ذیل اقتباس سے واضح ہوتا ہے جیسے کہ وسیلہ کے متعلق قرآن کریم میں تحریر ہے۔

حضرت رأس المفسرین ابن عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ

سے روایت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے خصوصیت سے ہدایت فرمائی کہ ہر کام ہر حاجت اور نظر و فکر ارادہ و طلب اور اغراض و مقاصد عین ذات حق سبحانہ تعالیٰ سے متعلق رکھو تاکہ فلاح پاؤ مگر روابط اور ضوابط کا بھی پاس کرو جیسا کہ فَابْتَغُوْا اِلَیْہِ الْوَسِیْلَۃَ ہے۔ وسیلہ سے انکار نہ کرو کیوں کہ یہی ایک ایسا پہلو ہے جس سے حق سبحانہ تعالیٰ کی بارگاہِ احدیت میں موجب اجابت ہے جس کی تفسیر بحرِ مواج میں موجود ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے جو کچھ بھی مانگو میں عطا کروں گا۔ اس سے مراد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مخزنِ عنایات و مراعات اور جملہ مخلوق کے لیے مصدرِ الطاف و کرم ہیں جو معائب حق سبحانہ تعالیٰ عز اسمہٗ کے مظہرِ اتم ہیں نہ کہ یہ حصول من غیر اللہ ہے اور یہ عقیدہ نہ صرف اہلِ سنت والجماعت کا ہے بلکہ غیر مقلدین کے ائمہ و پیشوا نے بھی اس کی تصدیق فرمائی ہے۔ ان کے اقوال بھی ذرا ملاحظہ ہوں۔

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی "گلزارِ معرفت" میں فرماتے ہیں:

شفیعِ عاصیاں تم ہو وسیلہ بے کساں تم ہو
تمہیں چھوڑ کر اب کدھر جاؤں بتاؤ یا رسول اللہ
جہازِ امت کا حق نے کر دیا ہے آپ کے ہاتھوں
بس اب چاہو ڈباؤ یا تراؤ یا رسول اللہ
پھنسا کر اپنے دامِ عشق میں امداد عاجز کو
بس اب قید دو عالم سے چھڑاؤ یا رسول اللہ

اور یہی حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نالۂ امداد غریب میں ارشاد فرماتے ہیں:

یا محمد مصطفےٰ فریاد ہے
اے حبیب کبریا فریاد ہے
سخت مشکل میں پھنسا ہوں آج کل
اے میرے مشکل کشا فریاد ہے

پھر حضرت مولانائی مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی دار العلوم دیوبند فرماتے ہیں۔

کروڑوں جرموں کے آگے یہ نام کا اسلام
کرے گا یا نبی اللہ میرے پہ کیا پکار
مدد کر اے کرمِ احمدی کہ تیرے سوا
نہیں ہے قاسم بیکس کا کوئی حامی کار

قصائد قاسمی صفحہ ۹

مولانا مولوی اشرف علی تھانوی صاحب ارشاد فرماتے ہیں ذرا قصیدہ کو غور سے مطالعہ فرماویں تو معلوم ہو جائے گا جو صحیح عقیدہ دیوبندی بھی اہل سنت والجماعت کے ساتھ متصادم نہیں۔ یہ حضرت چند کم علم اور کج فہم لوگوں نے اپنا اتو سیدھا کرنے کے لیے عقائد پیدا کر دیے ہیں ورگرنہ ایک عالم اجل دیوبندی کا قصیدہ ذیل پڑھ کر ان کی آنکھیں کھل جانی چاہیں جن کو یہ حکیم الامت کے خطاب سے مخاطب کرتے ہیں:

یَا شَفِیْعَ الْعِبَادِ خُذْ بِیَدِیْ اَنْتَ فِی الْاِضْطِرَارِ مُعْتَمَدِیْ

اے بندوں کی شفاعت کرنے والے میری دستگیری فرمایئے آپ مشکلات میں میری آخری اُمید گاہ ہیں

لَیْسَ لِیْ مَلْجَاءٌ سِوَاکَ اَغِثْ مَسَّنِی الضُّرُّ سَیِّدِیْ وَسَنَدِیْ

آپ کے سوا میرا کوئی ملجا و ماوی نہیں اے میرے آقا میری فریاد سنیے میں تکلیف میں مبتلا ہوں

غَشَّنِیْ الدَّهْرُ یَا ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ کُنْ مُغِیْثًا فَاَنْتَ لِیْ مَدَدِیْ

زمانے کی مصیبتوں نے مجھ کو گھیر لیا اے ابن عبد اللہ میری فریاد سنیے میری مدد فرمایئے

یَا رَسُوْلَ الْاِلٰهِ بَابُکَ لِیْ مِنْ غَمَامِ الْغُمُوْمِ مُلْتَحَدِیْ

یا رسول اللہ میں غموں کے بادلوں میں گھرا ہوا ہوں میری پناہ آپ ہی کا دروازہ ہے

نشر الطیب فی ذکر الحبیب

پھر جناب نواب صدیق حسن خان بھوپالی غیر مقلدین کے پیشوا اور مستند عالم یوں فرماتے ہیں ذرا اس قصیدہ کو بھی ملاحظہ فرمایئے اور جملہ الفاظ کو جو انہوں نے فرمائے۔ خدارا ان کا مفہوم سمجھنے میں بخل سے کام نہ لیجیے گا۔

یَا سَیِّدِیْ یَا عُرْوَتِیْ وَوَسِیْلَتِیْ یَا عُدَّتِیْ فِیْ شِدَّةٍ وَرَخَاءٍ

اے میرے سردار اے میرے سہارے اور اے میرے وسیلے اے میرے سختی و نرمی کی حالت میں ساز و سامان

يَامَقْصَدِي يَا اُسْوَتِي وَمَعَاضِدِي وَذَرِيْعَتِي يَامَرْصَدِي مَوْلَائِي

اے میرے مقصد اے میرے پیشوا اور میرے پروردگار اور میرے ذریعہ اور میرے ٹھکانے میرے مولا

شَفَّعْتُ جَاهَكَ ضَارِعًا مُتَذَلِّلًا مَالِي وَرَاءَكَ صَارِفُ الْفَزَاءِ

میں نے نہایت عاجزی و انکساری سے آپ کی عزت و جاہ کو شفیع بنایا کیونکہ میرے لیے آپ کے سوا تکلیف و مصیبت کو کوئی دفع کرنے والا نہیں

اَنْتَ الْمُغِيْثُ بِرَحْمَةٍ وَكَرَامَةٍ فِي غُمَّةٍ وَغَوَائِلٍ وَبَلَاءِ

آپ مددگار ہیں اپنی رحمت و کرامت کے ساتھ ہر سختی اور مشکلات و بلا میں

اِنْجَعْ مَرَامِي يَا كَرِيْمَ كَرَائِمٍ اَنْتَ الْقَدِيْرُ عَلَى نَفَاذِ رَجَائِي

میرے مقاصد پورے فرمائیے بزرگیوں اور کرامتوں والے آپ میری امید کے پورے کرنے پر قادر ہیں

مَالِي وَرَاءَكَ مُسْتَغَاثٌ فَارْحَمَنْ يَا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ بُكَائِي

آپ کے علاوہ میرا کوئی فریاد رس نہیں اے رحمۃ للعلمین میری گریہ وزاری کو ملاحظہ فرماؤ اور مجھ پر رحم فرماؤ

يَا أَيُّهَا الشَّمْسُ الرَّفِيْعُ مَكَانُهُ ضَاءَتْ بِنُوْرِكَ سَاحَةُ التُّرَبَاءِ

اے بلند مقام سورج آپ کے نور سے زمین کے سارے میدان روشن ہو گئے

وَلَكَ الشَّفَاعَةُ وَالْمَكَانَةُ فِي غَدٍ وَلَاَنْتَ اَكْرَمُ مَعْشَرِ الشُّفَعَاءِ

کل قیامت کے دن آپ کے لیے شفاعت اور عزت ہے اور بیشک آپ سب شفاعت کرنیوالوں میں زیادہ مکرم ہیں

وَرَجَاءُ عَبْدِكَ مِنْ جَنَابِكَ سَيِّدِي نَيْلُ الشَّفَاعَةِ زُبْدَةُ الْآلَاءِ

اے میرے سردار آپ کا بندہ آپ کی جناب سے شفاعت کی امید رکھتا ہے جو امیدوں کا حاصل ہے

وَسِوَاكَ مَالِي فِي الْقِيَامَةِ شَافِعٌ اَنْتَ الْمُخَلِّصُ لِي مِنَ الْبَأْسَاءِ

آپ کے سوا قیامت میں میرا کوئی شفاعت کرنے والا نہیں آپ ہی سختیوں اور مصیبتوں سے بچانے والے ہیں

لَا زَالَ مَدحُكَ بَاقِيًا بَيْنَ الوَرٰى ۔۔۔ مِنْ عَبْدِكَ المَصْرُوفِ فِي الْإِطْرَاءِ

رب کی مدح وثنا مخلوق میں ہمیشہ آپ کے اس بندے کی طرف سے باقی رہے جو آپ کی بہت زیادہ تعریف و

توصیف میں مشغول ومصروف رہے۔ (مآثر صدیقی موسوم بہ سیرت والا جاہی حصہ ۲ ن ۲ مولفہ العزیز ... غیرہ)

اب غیر مقلدین حضرات خود ہی غور فرمادیں کہ ان کے پیشرو نواب صدیق حسن خاں بھوپالی کن کن الفاظ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مخاطب فرمارہے ہیں۔ یہی الفاظ اہل سنت والجماعت کی زبان سے نکلنے پر ان لوگوں کے پاس سوائے کفر وشرک کے اور کوئی ڈھلو مہی نہیں اور بات بات پر مشرک اور بدعتی کے الفاظ سے نوازا جاتا ہے۔ فقیر کے بیان کرنے کی ضرورت نہیں خود ہی اس قصیدہ کے الفاظ کو پڑھ کر اپنے عقیدہ کی کسوٹی پر پرکھ لیں۔ کسی سے دریافت کرنے کی ضرورت ہی نہیں۔

حضرت مولانا مولوی اشرف علی تھانوی اپنے ایک مراسلہ میں جو اپنے پیر ومرشد کو کسی پریشانی کے عالم میں تحریر فرمایا تھا اور یوں فریاد کی ؎

يَا مُرْشِدِي يَا مَوْئِلِي يَا مَفْزَعِي ۔۔۔ يَا مَلْجَائِي فِي مَبْدَئِي وَمَعَادِي

اے میرے مرشد اے میرے مولا اے میری وحشت کے انیس اور اے میری دنیا وآخرت میں جائے پناہ

اِرْحَمْ عَلَيَّ أَيَا غِيَاثَ فَلَيْسَ لِي ۔۔۔ كَهْفِي سِوَى حُبِّكُمْ مِنْ زَادِ

اے میرے فریادرس مجھ پر ترس کھاؤ کیونکہ میں محبت کے سوا کوئی زادِ راہ نہیں رکھتا۔

فَازَ الأَنَامُ بِكُمْ وَإِنِّي هَائِمٌ ۔۔۔ فَانْظُرْ إِلَيَّ بِرَحْمَتِهِ يَا هَادِ

مخلوق کو آپ کی بدولت کامیابی حاصل ہو اور میں حیران وپریشان رہوں اے میرے ہادی مجھ پر رحمت کی نظر ہو

يَا سَيِّدِي لِلّٰهِ شَيْئًا إِنَّهُ ۔۔۔ أَنْتُمْ لِيَ الْمُجْدِي وَإِنِّي جَادِي

اے میرے سردار اللہ کے لیے کچھ عطا فرمایئے آپ میرے معطی ہیں اور میں آپ کا سوالی ہوں۔

تذکرۃ الرشید جلد ا صفحہ ۱۱۴

اور پھر یہی حضرت تھانوی صاحب ارشاد فرماتے ہیں :

جو استعانت واستمداد بالمخلوق باعتقاد علم وقدرت مستقل مستمد منہ ہو وہ شرک ہے اور جو باعتقاد علم وقدرت غیر مستقل ہو مگر علم وقدرت کسی دلیل سے ثابت ہو جائز ہے خواہ وہ مستمد منہ حی ہو میت ۔ (امداد الفتاویٰ ، جلد ۴ صفحہ ۹۹)

اب ذرا توجہ فرمایئے حضرت شیخ الہند مولانائی مولوی محمود الحسن صاحب جو دیوبندی حضرات کے مایۂ ناز عالم ہیں ، وہ تفسیر میں حاشیہ قرآن پاک زیر آیت (اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ) فرماتے ہیں :

" ہاں اگر کسی مقبول بندہ کو محض واسطہ رحمتِ الٰہی اور غیر مستقل سمجھ کر استعانت ظاہری اس سے کرے تو یہ جائز ہے کہ یہ استعانت درحقیقت حق تعالیٰ ہی سے استعانت ہے "

اب بتائیں وہ حضرات جو غیر اللہ سے استعانت کو کفر و شرک سے تعبیر کرتے ہیں مسلکِ اہلسنت و الجماعت کو مطعون کہنے سے درگذر نہیں فرماتے ، صرف بات وہی ہے جو حضرت مولانا روم مستِ بادۂ قیوم نے مثنوی معنوی میں اس بات سے تصدیق فرمائی ۔

ماخوذ از مثنوی مولانائی روم رحمۃ اللہ علیہ

چار کس کو کسی شخص نے ایک درہم دیا جو مختلف ممالک کے مکین تھے ایک فارسی ، دوسرا ترکی ، تیسرا رومی ، چوتھا عربی ۔ ان کے درمیان میں جھگڑا پڑ گیا ۔ ایرانی بولا میں تو اس درہم سے انگور لوں گا ، عربی نے کہا معاذ اللہ میں تو عنب لوں گا مجھے انگور کی کیا ضرورت ؟ ترکی بولا کہ مجھے عنب کی ضرورت نہیں میں تو اُزم لوں گا ۔ رومی بولا کہ ان تینوں کے ذکر کو چھوڑو میں تو اُستافیل لوں گا ۔

اسی تنازعہ میں دھینگا مشتی پر اُتر آئے تو اتفاقاً ایک صاحب اچانک آ گئے جو چاروں زبانوں سے واقف تھے انہوں نے کہا کہ درہم مجھے دو ، میں تمہارا تنازعہ مٹاتا ہوں چناں چہ انہوں نے درہم اس کو دیا اور وہ صاحب انگور لے آئے ۔ چاروں خوش ہو گئے کہ ہمارا اپنا اپنا مطالبہ صحیح طریقہ سے پورا ہو گیا ہے

ان صاحب کے وہ بہت ممنون ہوئے کہ آپ نے ہم پر بہت احسان کیا کہ ہمارا جھگڑا احسن طریقہ سے سرانجام دیا

یہی وجہ ہے کہ بات کو سمجھنے اور سمجھانے سے جب انسان کے ادراک میں واقع ہو جاتی ہے تو پھر

تنازعہ ختم ہو جاتا ہے۔

دینِ اسلام کا مسلک ابتدائی یہی تھا جو حنفیوں کا ہے۔ اس میں رخنہ اندازی سے تفرقہ پیدا ہو گیا اور اس کے محرک اپنے اپنے اغراض و مقاصد کے تحت نئی نئی ایجادات اور اختراعات اپنے اپنے زعم کے تحت پیدا کرتے رہے اور کتابوں کے انبار لگا دیے جن میں سے بمشکل صراط المستقیم دکھائی دیتا ہے۔ اپنی اپنی جولانیٔ طبع کے گھوڑے دوڑاتے رہے جیسا کہ ذکی الدین ابن تیمیہ نے حضرت محی الدین ابن عربی کے اصول کو خلافِ سنت اور خلافِ حقائق قرار دیا اور جس کی پشت پناہی محمد بن عبد الوہاب نجدی نے کی اور ایک نئے دین کی طرح ڈال دی۔ تاریخ کے مطالعہ کرنے سے حقائق منظرِ عام پر آ سکتے ہیں۔ چوں کہ اس مختصر شرح میں ان تمام حالات کا قلمبند ہونا مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ کتاب ہذا بذاتِ خاص اپنی حیثیت میں ایک بیش مشعلِ ہدایت ہے۔ ناظرین کرام کے لیے چند اقتباسات پیش کر کے حقائق کو آشکارا کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ وگرنہ مجھے نہ کسی سے پرخاش ہے اور نہ عداوت اور نہ ہی اپنی نشو و نما کے لیے یہ کام کر رہا ہوں صرف حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ کی خوشنودی مطلوب ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

صفحہ نمبر ۳۲: سماعِ موتیٰ نہ صرف کشتگان بدر مراد ہیں بلکہ تمام متوفّٰی خصوصاً اہلِ اسلام مقبولانِ حق و عموماً عامۃ المسلمین وغیرہ۔

مشکوٰۃ المصابیح:

حضرت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عادت مبارک

تھی۔ کہ جہاں بھی غزوہ کے بعد فتح حاصل ہوتی تو کچھ ایام وہاں توقف فرماتے اور پھر وہاں سے چلنے کا ارادہ فرماتے۔ اسی طرح جب جنگِ بدر میں آپ حضورؐ نے فتح حاصل فرمائی تو آپ ان مُردگان پر تشریف لے گئے جو مقتولانِ بدر تھے جن میں بڑے بڑے نامی گرامی قریشِ مکہ ابو جہل بن ہشام، عتبہ اور ربیعہ جیسے نامورانِ مشرکین مقتول پڑے تھے۔ ان کو بلند آواز سے نام لے لے کر پکارا کہ میں تمہیں ہدایت کی طرف نہیں بُلاتا تھا اور یہ حکم تمہیں نہیں دیا گیا تھا کہ مجھے فتح ہوگی اور تم ذلیل و خوار ہو گے۔ جس پر حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ تو مرے ہیں اور بے جان پڑے ہیں۔ ان کے ساتھ آپ کلام فرما رہے ہیں۔ اس پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے قسمیہ فرمایا کہ مجھے قسم ہے اس رب اعلام کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ تم لوگوں کے مقابلہ میں اچھا سُنتے ہیں مگر واپس جواب دینے کی طاقت نہیں رکھتے قارئین کرام جب اہلِ کفر مردگان زندہ لوگوں سے اچھا سنتے ہیں تو بتاؤ اہل اللہ کا کیا مقام ہوا۔ جیسا، کہ قسطلانی علی المواہب، امام نووی اور ملا علی قاری وغیرہ بزرگانِ دین کا سُننا بعد وفات دلائل سے ثابت فرماتے ہیں۔

جیسا کہ قرآنِ حکیم میں حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اپنی مغضوب اور مقہور قوم کو خطاب کر کے فرمایا:

فَاَخَذَتۡهُمُ الرَّجۡفَةُ فَاَصۡبَحُوۡا فِیۡ دَارِهِمۡ جٰثِمِیۡنَ ﴿۷۸﴾

پس پکڑا ان کو زلزلے نے پس فجر اُٹھے بیچ گھروں اپنے کے زانو پر گرے ہوئے

فَتَوَلّٰی عَنۡهُمۡ وَقَالَ یٰقَوۡمِ لَقَدۡ اَبۡلَغۡتُكُمۡ رِسَالَةَ رَبِّیۡ وَ

پس منہ پھیرا ان سے اور کہا اے قوم میری البتہ تحقیق پہنچا دیا تھا میں نے تم کو پیغام اپنے رب کا

نَصَحۡتُ لَكُمۡ وَلٰكِنۡ لَّا تُحِبُّوۡنَ النّٰصِحِیۡنَ ﴿۷۹﴾ (پارہ نمبر ۸، رکوع ۱۷)

اور خیر خواہی کی میں نے واسطے تمہارے ولیکن تم نہیں دوست رکھتے خیر خواہی کرنے والوں کو

اب خدارا انصاف کی نظر سے دیکھیں تو معلوم ہو جائے گا کہ حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی مغضوب و مقہور قوم کو پکار کر فرمایا کہ میں نے تم کو اللہ جل جلالہ کا ارشاد گرامی من وعن سنا دیا تھا اور تم سے خیر خواہی کی کہ تم عذابِ الٰہی سے بچ جاؤ مگر میرا کہنا نہ مان کر دیکھو تم نے کتنی عبرت ناک سزا پائی گویا حضرت صالح علیہ الصلوٰۃ والسلام ان مُردگان قوم کو خطاب فرما رہے ہیں جن کو زلزلہ نے پکڑا اور فجر کو اپنے زانوؤں پر سر دھرے ہوئے مرے پڑے تھے مگر نبی اللہ اپنے مشن کو پورا کرنے کے تحت ان مُردگان کو باآواز بلند، اور فصاحت و بلاغت کے ساتھ جتلا رہے ہیں کہ اگر مجھ پر ایمان لاتے اور خدائے وحدہٗ لاشریک کو سچا سمجھتے ہوئے اپنے اعمالِ بد سے توبہ کر لیتے تو تم اس عذابِ دردناک میں مبتلا نہ ہوتے۔ اس آیت مبارک سے واضح ہو جاتا ہے کہ مُردگانِ اہلِ کفر بھی کلام سنتے اور سمجھتے ہیں جیسا کہ آیت کریمہ اس پر دال ہے تو پھر خاصگانِ الٰہیہ کے سننے اور سمجھنے سے کیوں انکار ہوتا ہے۔ قرآن کریم کے ارشاد کے تحت قبروں والوں کا سُننا صحیح ثابت ہے۔

وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ

اور کہا سرداروں نے جو کافر ہوئے تھے قوم اس کی سے (یعنی حضرت شعیبؑ) اگر پیروی کرو گے تم

شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ

شعیب کی تحقیق تم اس وقت البتہ ٹوٹا پانے والوں سے ہو پس پکڑا ان کو زلزلے نے

فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا

پس فجر اٹھے بیچ گھروں اپنے کے زانوؤں پر گرے جنہوں نے جھٹلایا شعیب کو

كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۛ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ

گویا کہ نہ بستے تھے بیچ اس کے جنہوں نے جھٹلایا شعیب کو ہوئے وہی

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ

ٹوٹا پانے والے پس منہ پھیرا ان سے اور کہا اے قوم میری تحقیق پہنچائے میں نے تم کو

رِسٰلٰتِ رَبِّیْ وَ نَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰی عَلٰی قَوْمٍ

پیغام رب اپنے کے اور خیر خواہی کی واسطے تمہارے پس کیوں کر غم کھاؤں میں اوپر قوم

كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾ (پارہ نمبر ۹، رکوع ۱)

کافروں کے۔

حضرت شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قوم جن کو قرآن کریم نے اصحاب الایکہ یعنی جنگل یا بن کے رہنے والے سے خطاب فرمایا۔ ان کے سرداروں نے اپنی تمام قوم کو تنبیہ کی کہ خبردار حضرت شعیب علیہ الصلوٰۃ و السلام کا کہنا مانو ورنہ تم کو سخت تکلیف سے دوچار ہونا پڑے گا۔ حضرت شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جب ان کا یہ پروگرام سنا تو خدائے عزوجل کی بارگاہ میں عرض کی جس پر رب العزت نے اس قوم پر ایسا عذاب نازل فرمایا کہ رات کو چنگے بھلے سوئے اور راتوں رات زلزلے نے ان کو آدبوچا اور صبح ہونے پر وہ تمام لوگ زانوؤں پر سر دھرے ہوئے مرے پڑے تھے جس پر حضرت شعیب علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان مرے ہوئے اہل کفر سے منہ پھیر کر ارشاد فرمایا کہ اے قوم میری میں نے خیر خواہی کے تحت حق سبحانہٗ تعالیٰ کے جملہ احکام تم تک من وعن پہنچا دیے مگر تم نے میری ایک نہ سُنی اور نہ ہی ان احکام کو سچا سمجھا اور نہ اس پر ایمان لائے۔ اس لیے مجھے تمہارا کوئی غم فکر نہیں جیسا تم نے کیا ہے۔ ویسا ہی پالیا ہے۔ یہ ارشاد نبویہ ان مرے ہوئے مغضوب و مقہور کفار کے لیے کیوں صادر ہوتا۔ اگر مُردے نہ سُن سکتے تھے معلوم ہوا کہ نبی اللہ نے اپنے علم کے تحت ان کفار کو تنبیہ فرمائی کہ اب تمہیں میرا کہنا سچ ثابت ہوا یا نہیں۔ گویا نبی اللہ کا خطاب بالموتیٰ قرآن حکیم سے صریحاً ثابت ہے اور وہ بھی اہل کفار کے مُردگان سے پھر اہل اللہ کا سننا اور سماع موتیٰ اہل اسلام سے روگردانی کا کیا مطلب۔ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلَاغُ۔

صفحہ نمبر ۱۴۸ حضرت اُم المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا سماع موتیٰ کی حدیث سن کر انکار کرنا

اور تحقیق کے بعد اس کو تسلیم فرمانا:

ام المومنین حضرت عائشہ الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے جب سماع موتی کے متعلق صحابہ کرام سے حدیث سنی تو فرمایا کہ مطابق قرآن کریم سماع موتیٰ درست نہیں اور مقتولانِ بدر کو کسی طرح حضور نے خطاب فرمایا آیت ذیل میں درج ہے:

فَإِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَاءَ إِذَا

پس تحقیق تو نہیں سناتا مردوں کو اور نہیں سناتا بہروں کو پکارنا جس وقت

وَلَّوْا مُدْبِرِينَ ۞۵۲ وَمَا أَنتَ بِهَادِ الْعُمْيِ عَن ضَلَالَتِهِمْ

کہ پھر جاتے ہیں پیٹھ کر اور نہیں تو راہ دکھانے والا اندھوں کو گمراہی ان کی سے

إِن تُسْمِعُ إِلَّا مَن يُؤْمِنُ بِآيَاتِنَا فَهُم مُّسْلِمُونَ ۞۵۳

نہیں سناتا تو مگر اس شخص کو کہ ایمان لاتا ہے ساتھ نشانیوں ہماری کے پس وہ مطیع ہو جاتے ہیں

(پ ۲۱، رکوع ۷) تفسیر موضح القرآن

اب ذرا الفاظ مبارک قرآنی کو ملاحظہ کریں کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ بہروں کو مردوں کو احکام الہیہ نہیں سنا سکتے جیسا کہ بہرے پیٹھ پھیر کر پھر جاتے ہیں اور نہ ہی اندھوں کو راہ دکھلا سکتے ہیں بسبب ان کی گمراہی کے تو اس کا شان نزول یہ ہے کہ اندھے اور بہرے ظاہری بصارت اور سماعت سے محروم مراد نہیں بلکہ باطن سے مراد ہے جو دل کے بہرے اور باطن کی بینائی سے محروم ہیں ظاہری تو لائے انسانی الگ ہیں اور باطنی الگ جیسا کہ حضرت علامہ شبلی نعمانی نے سوانح مولانائے روم میں اس کی تشریح فرمائی ہے جو ذیل میں درج ہے۔

صفحہ نمبر ۴۰: ظاہری محروم از بصارت و اذانت باطنی ماخوذ از مثنوی مولانائے روم رحمۃ اللہ علیہ:

سلسلۂ کائنات پر غور کرنے سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ جو چیزیں محسوس اور نمایاں ہیں وہ اصلی نہیں بلکہ جو چیزیں کم محسوس اور کم نمایاں یا بالکل غیر محسوس ہیں وہ اصلی ہیں۔

روغن اندر دوغ باشد چوں عدم دوغ در ہستی برآوردہ علم

گھی لسّی میں عدم کی طرح ہے لسّی اس کی ہستی پر ظاہر ہے

نیست را بنمود ہست آں محتشم ہست را بنمود بر شکلِ عدم

نیست کو ہست سمجھو اور ہست کو عدم کی شکل

دست پنہاں و قلم بیں خط گذار اسپ در جولاں و ناپیدا سوار

جیسے ہاتھ چھپا ہوا ہے اور قلم لکھ رہا ہے گھوڑا دوڑ رہا ہے اور سوار غائب

بحر را پوشید کف کرد آشکار باد را پوشید و بنمود ت غبار

دریا کو جھاگ نے چھپ دیا اور ہوا کو گرد و غبار نے

خاک را بینی بہ بالائے علیل باد را نہ جز بہ تعریف و دلیل

مٹی کو بلندی پر کمزور دیکھتا ہے ہوا کے لیے کوئی تعریف و دلیل نہیں

تیر پیدا بیں و ناپیدا کماں جانہا پیدا و پنہاں جانِ جاں

تیر موجود اور کمان غائب جانیں پیدا اور پیدا کرنے والا غائب

جسم ظاہر روح مخفی آمدہ است جسم ہمچوں آستیں جاں ہمچو دست

جسم ظاہر اور روح پوشیدہ ہے جسم گویا آستین ہے اور جان گویا ہاتھ ہے

باز عقل از روح مخفی تر بود حس بسوئے روح زوتر رہ رود

پھر عقل روح سے بھی زیادہ مخفی ہے کیوں کہ حس روح کو جلد دریافت کر لیتی ہے

جنبشے بینی بدانی زندہ است ایں ندانی کو ز عقل آگندہ است

تم کسی چیز میں حرکت دیکھتے ہو تو یقین کر لیتے ہو کہ زندہ ہے لیکن یہ نہیں جان سکتے کہ اس میں عقل بھی ہے یا نہیں

تا کہ جنبش ہائے موزوں سر کند جنبشِ مس را بہ دانش زر کند

عقل کا یقین اس وقت تک نہیں ہوتا جب تک اس جسم سے موزوں حرکتیں صادر نہ ہوں اور یہ حرکت جو مس کی وجہ سے ہے عقل کی وجہ سے سونا نہ بن جائے

زاں مناسب آمدن افعال دست فہم آید مر ترا کہ عقل است

جب مناسب افعال سرزد ہوتے ہیں تب تم کو یقین ہوتا ہے کہ اس میں عقل بھی ہے۔

ان مقدمات سے ظاہر ہوا کہ موجودات کی دو قسمیں ہیں۔ مادی اور غیر مادی۔ مادی معلول ہے اور غیر مادی علت اور چوں کہ مادیات میں اختلاف مراتب ہے یعنی بعض میں مادیت زیادہ بعض میں کم۔ بعض میں اس سے بھی کم ہے اس لیے علتوں میں بھی زیادہ تجرّد ہوگا اس کی علت میں اس سے بھی زیادہ اس طرح ترقی کرتے کرتے ضرور ہے کہ ایک ایسی علت پر انتہا ہو جو ہر لحاظ، ہر حیثیت اور ہر اعتبار سے مادہ سے بری اور غیر محسوس اور اشرف الموجودات ہو اور وہی خدا ہے چناں چہ مولانا مقدماتِ مذکورہ میں بیان فرمانے کے بعد ارشاد فرماتے ہیں:

ایں صُوَر دارد ز بے صُورت وجود چیست پس بر موجدِ خویشش جحود

یہ تمام صورتیں بے صورت سے وجود میں آئی ہیں تو اپنے موجد سے انکار کے کیا معنی؟

فاعلِ مطلق یقین بے صُورت است صورت اندر دست او چوں آلت است

فاعلِ مطلق قطعاً بغیر کسی صورت کے ہے صورت اس کے اندر بطورِ آلہ کے ہے

بے جہت در عالم امرائے صنم بے جہت تر باشد آمر لا جرم

اے یار عالم روح جہت سے مُنزہ ہے تو عالم روح کا خالق اور بھی مُنزہ ہو گا

پس ثابت ہوا کہ جملہ علتیں ظاہری باطنی سے مختلف النوع ہیں اس لیے آیت محولہ بالا ظاہری

اندھوں، بہروں اور مُردوں پر دلالت نہیں کرتی بلکہ یہ تمام عیوب باطنی ہیں جن کی وجہ سے ان باطنی عیوب کا حامل تبلیغ و ترشید سے بہرہ ور ہونے سے قطعی طور پر عاری ہے اسی لیے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو مقتولانِ بدر کو خطاب نبوی فرمانے کے متعلق شرح و بسط سے بیان فرمایا چوں کہ حضرت ام المؤمنین نے اس خطاب کو ماننے میں تساہل فرمایا تھا کیوں کہ ام المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا قرب نبوی غزوہ بدر کے بعد ہونے کی تصدیق ہوتی ہے جو جو اصحابہ رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین بدر کے جنگ میں حاضر تھے انہوں نے تصدیق فرمائی اور حضرت ام المؤمنین رضؓ نے پھر اس کو درست تسلیم کر لیا جیسا کہ حدیث میں مروی ہے۔

مندرجہ بالا تحریر صرف اس امر کی تشریح میں لکھی گئی ہے کہ آیت مبارکِ قرآن حکیم جو سماعِ موتی کے لیے پیش کی جاتی ہے۔ اس کا مطلب ظاہری بصارت اور سماعت اور مردگی نہیں بلکہ باطنی بصارت اور سماعت اور مردہ دلی مراد ہے۔ اگر ظاہر پر محمول کیا جائے تو پھر تمام اندھے اور بہرے غیر ہدایت یافتہ قرار پا جائیں گے جیسا کہ عبداللہ بن مکتومؓ صحابی جو حضور کے خاص طور پر ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ماموں زاد بھائی ہونے کے سبب قبیلہ قریش میں قرابت دار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے جن کے متعلق قرآن پاک میں وارد ہے:

عَبَسَ وَ تَوَلّٰٓی ① اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی ② وَ مَا يُدْرِيْكَ
تیوری چڑھائی اور منہ موڑا — اس سے کہ آیا اس کے پاس اندھا — اور کس چیز نے معلوم کرایا
لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓی ③ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰی ④
تجھ کو کہ وہ پاک ہو جاتا — یا نصیحت سنتا پس فائدہ دیتی اس کو نعمت۔ (سورہ عبس پ ۳۰)

اب غور فرمائیں کہ وہ ظاہری اندھے تھے اور خدائے عزوجل نے ان کو کس خطاب سے نوازا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کن الفاظ میں ان کی طرف متوجہ ہونے کا حکم دیا گویا کہ بظاہر اندھاپن اور بہرہ پن ہدایت

کے درمیان حائل نہیں ہو سکتے اسی طرح لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی سے مراد مردگان نہیں بلکہ مردہ دل لوگ ہیں جیسا کہ قرآنِ حکیم میں ارشاد گرامی ہے:

یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ○

قیامت کے دن نہ نفع دیں گے تمہیں مال و املاک اور اولاد بلکہ قلب سلیم کام آئے گا۔

اب ذرا راس المفسرین حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ارشاد گرامی بھی سن لیجیے تاکہ اہلِ قبور کے ساتھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ہم کلام ہونا ثابت ہو جائے۔ آپ فرماتے ہیں۔

مَرَّ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِقُبُوْرِ الْمَدِیْنَۃِ فَاَقْبَلَ بِوَجْہِہٖ

کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ منورہ کی قبروں پر گذرے تو اپنا روئے مبارک اہلِ قبور کی طرف فرما کر ارشاد فرمایا

فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَہْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اَنْتُمْ

سلام ہو تم پر اے قبروں والے اللہ ہمیں اور تمہیں بخشے تم ہمارے پیش رو ہو

سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ۔ (ترمذی شریف صفحہ ۲۵ جلد نمبر ۱)

اور ہم تمہارے پیچھے آنے والے۔

اِن الفاظِ مبارکہ سے واضح ہو گیا کہ اہلِ قبور سنتے ہیں اور سمجھتے ہیں جیسا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کو ہدیۂ سلام بھیجا اور باقی مزید کلام یہ فرمائی کہ تم ہم سے پہلے چلے گئے اور ہم تم سے بعد میں آنے والے ہیں۔ اللہ جل جلالہٗ ہم کو اور تم کو بخشے۔ یہ کلمات دعائیہ ارشاد فرمائے جو سماعِ موتیٰ کے ثبوت میں کافی و وافی ہیں۔

امام المحدثین حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ بروایت بیہقی فاطمہ خزاعیہ سے نقل فرماتے ہیں۔

ارشاد فرماتے ہیں:

وَقَفْنَا عَلٰی قَبْرِهٖ فَقُلْنَا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ

ہم حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ کے مزار مبارک پر ٹھیرے اور ہم نے عرض کیا اے رسول اللہ صلی اللہ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْنَا كَلَامًا رَدَّ عَلَيْنَا وَ

علیہ وسلم کے چچا مبارک آپ پر سلام ہو تو ہم نے جواب میں　وعلیکم السلام ورحمۃ

عَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ . شرح الصدور صفحہ ۸۷

اللہ وبرکاتہ　سُنا۔

یہ ارشادِ گرامی تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زبان فیض ترجمان سے وقوع پذیر ہوا اب ذرا علامہ ابن قیم کتاب الروح صفحہ نمبر ۱۴ پر جو امام ابن تیمیہ کے شاگرد رشید ہیں، ارشاد فرماتے ہیں، ملاحظہ ہو:۔ فرمایا حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ:

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُرُّ عَلٰى قَبْرِ اَخِيْهِ كَانَ يَعْرِفُهٗ فِی

کوئی مسلمان ایسا نہیں ہے جو اپنے بھائی کی قبر پر گزرے جس کو وہ دنیا میں پہچانتا

الدُّنْيَا فَيُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِلَّا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ رُوْحَهٗ حَتّٰى

تھا　اس پر سلام کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی روح کو اس پر لوٹا دیتا ہے یہاں تک کہ

يَرُدُّ عَلَيْهِ السَّلَامَ.

وہ سلام کا جواب دیتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی کا جانور وغیرہ جنگل میں بھاگ جائے یا کوئی حاجت پیش آئے اور امداد کی ضرورت ہو تو چاہیئے کہ یوں کہے: اے اللہ کے بندو میری مدد فرماؤ، اے اللہ کے بندو میری مدد فرماؤ۔

فَلْيَقُلْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِيْنُوْنِیْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ اَعِيْنُوْنِیْ راوی فرماتے ہیں

پس کہے اے اللہ کے بندو میری مدد فرماؤ　اے اللہ کے بندو میری مدد فرماؤ

وَقَدْ جُرِّبَ ذٰلِكَ یعنی اس امر کو آزمایا بھی گیا ہے۔

اور ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح میں یوں ارشاد فرماتے ہیں:

قَالَ بَعْضُ الْعُلَمَاءِ الثِّقَاتِ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ يَحْتَاجُ

بعض علماء ثقات نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے مسافروں کو

اِلَيْهِ الْمُسَافِرُوْنَ وَرُوِيَ عَنِ الْمَشَائِخِ اَنَّهٗ مُجَرَّبٌ مُحَقَّقٌ

اس کی بہت حاجت ہے اور مشائخ کرام سے مروی ہے کہ یہ حدیث مجرب ہے اس سے حاجت پوری ہوتی ہے

(الحرز الثمین)

اسی حدیث مبارک کے متعلق خود مولانائی مولوی رشید احمد گنگوہی جو دیوبندی اصحاب کے مایہ ناز عالم ہیں۔ فرماتے ہیں:۔

اور بعض روایات میں جو آیا ہے اَعِيْنُوْنِيْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ یعنی اے اللہ کے بندو میری مدد کرو تو وہ فی الواقع کسی میت سے استعانت نہیں ہے بلکہ عباد اللہ جو صحرا میں موجود ہوتے ہیں ان سے طلب اعانت ہے کہ حق تعالیٰ نے اِن کو اسی کام کے لیے وہاں مقرر فرمایا ہے۔

فتاویٰ رشیدیہ جلد نمبر ۱ صفحہ نمبر ۹۹

حدیث مذکورہ بالا کی تصدیق تو مولانائی رشید احمد گنگوہی نے بھی کر دی کہ حدیث صحیح ہے مگر ساتھ ہی آپ کو خیال آیا کہ شاید میرے پیروکار یہ نہ سمجھ لیں کہ ہمارے رہبر اب مسلک اہل سنت و الجماعت میں داخل ہو گئے ہیں اس لیے فوری طور پر میت کا لفظ اپنی طرف سے ایزاد فرما کر اپنے ہمنواؤں کو قائل کر لیا کہ میں تو جملہ موتیٰ سے سخت ناراض ہوں آپ فکر نہ کریں۔ صرف حدیث مبارک جو صحیح تھی اس کی تصدیق کرنی تو لازم و واجب تھی۔

ناظرین کرام ذرا خیال فرماویں کہ کونسی مخلوق ہے جس کو حق سبحانہ تعالیٰ نے جام آب حیات پلا کر زندہ

جاوید تا قیامت کر رکھا ہے اور وہ لوگوں کی حاجت روائیاں کرنے کے لیے کمر بستہ ہیں اور صحراؤں میں رہتے ہیں۔ آج تک تو حضرت خضر اور حضرت الیاس علیہم السلام کو ہی عام لوگ مانتے ہیں کہ وہ بحر و بر میں موجود ہیں۔ نہیں ہرگز نہیں بلکہ وہ تمام مقبولانِ الٰہیہ جنہوں نے اپنے آپ کو عشقِ رسول و عشقِ الٰہی میں تمام عمر برباد کیا، وہ لوگ استعانت فرماتے ہیں اور ان کا خلائے آسمانی اور مدورِ ارضی میں گزر ہے اور ہر لباس اور ہر شکل میں نمودار ہو کر مخلوقِ خدا کی امداد فرماتے ہیں کیوں کہ جو لوگ اللہ جل جلالہ کے راستہ میں فنا ہوئے ان کو بقائے دائمی حاصل ہوگی اور ان کے لیے مژدۂ جانفزا ہے۔ قولہ تعالیٰ:

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَلَهُمْ مَا يَدَّعُونَ یٰسین پارہ ۲۳

اس میں ان کے لیے میوے ہوں گے یا جو کچھ بھی وہ چاہیں۔

گویا وہ جس طرح چاہیں اور جو کچھ چاہیں ان کے لیے بلا کم و کاست سب حاضر ہوگا اس لیے وہ جونسا لباس پسند فرماویں اور جونسی شکل اختیار فرماویں ان کو اختیار ہے۔

بعض بعض شواہد ایسے ہیں کہ قلم لکھنے سے قاصر ہے۔ اگر وہ تمام شواہد اور نظائر تحریر کیے جاویں تو ایک دفتر علیحدہ تیار ہو سکتا ہے۔ اس لیے اسی پر اکتفا ہے۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب

از صفحہ نمبر ۵۰ تا صفحہ نمبر ۶۱ :

استمداد بحضور نبی صلی اللہ علیہ وسلم :

صحابہ کرام کا عام دستور تھا کہ سختی اور مصیبت کے وقت حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارتے اور امداد طلب کرتے اور اس کا مشاہدہ کرتے۔ چناں چہ جب خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کا مقابلہ مسیلمہ کذاب سے ہوا تو اس وقت مسیلمہ کذاب کے ساتھ ساٹھ ہزار فوج تھی اور مسلمان فوج بہت ہی کم تھی۔ اس

جنگ میں مسلمانوں نے ایسی سختیاں اور مصیبتیں جھیلیں کہ پاؤں اکھڑ گئے۔ جب حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء رضی اللہ تعالیٰ عنہم جو ثابت قدم تھے دیکھا کہ حالت نازک ہے تو سب نے فرمایا:

ثُمَّ نَادٰی بِشِعَارِ الْمُسْلِمِیْنَ وَکَانَ شِعَارُھُمْ یَوْمَئِذٍ یَا مُحَمَّدَاہُ

پھر انہوں نے مسلمانوں کے شعار کے مطابق ندا کی اور اس دن ان کا شعار یہ ندا تھی یا محمداہ

طبری جلد ۳ صفحہ ۲۵۰ / البدایہ والنہایہ جلد ۶ صفحہ ۳۲۴ / ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۱۵۲۔

چناں چہ ہر صحابی کی زبان مبارک پر یہ ندا تھی جس کا اثر یہ ہوا کہ مسیلمہ کذاب ہلاک ہو کر واصل جہنم ہوا اور اس کی فوج کو شکست ہوئی اور مسلمانوں کی فوج کو فتح و نصرت حاصل ہوئی۔

جنگ یرموک میں کفار کی فوج پانچ لاکھ کے قریب تھی اور مسلمانوں کی تعداد صرف ستائیس ہزار ان میں ایک سو صحابی بدری تھے، چونکہ مسلمانوں کی تعداد بہت ہی کم تھی اس وجہ سے بار بار ہزیمت ہوئی اور سخت مشکلات کا سامنا ہوا۔ چنانچہ ایک بار فوج کے اس حصہ کو ہزیمت ہوئی جس میں حضرت ابو سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اور ان کا گزر عورتوں کے خیموں پر ہوا جو ابو سفیانؓ کی بیوی تھیں انہوں نے خیمے کی چوب لی اور حضرت ابو سفیان کے گھوڑے کے منہ پر مار کر ابو سفیانؓ سے کہا اے صخر حرب کے بیٹے کہاں بھاگ رہے ہو۔ یہ وقت جان فدا کرنے کا ہے تاکہ اس کا بدلہ ہو جائے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابلہ میں تم کفار کو برانگیختہ کیا کرتے تھے۔ چناں چہ وہ معہ فوج شکست خوردہ کے واپس پھرے اور کفار پر زور سے حملہ کیا۔ دوسری طرف سے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی مل کر سخت حملہ کیا۔ اس وقت سب کی زبان پر مندرجہ ذیل الفاظ جاری و ساری تھے:

یَا مُحَمَّدُ یَا مَنْصُوْرُ اُمَّتَکَ۔ ناسخ التواریخ واقدی رحمۃ اللہ علیہ

یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اے فتحمند اپنی امت کی خبر لیجیے۔ خبر لیجیے

اب غور فرمادیں کہ حضورؐ کے قریب کے زمانہ کے اصحاب کس طرح حضور سے استعانت طلب فرمارہے ہیں۔ صرف غور کرنے کی ضرورت ہے، وہ زمانہ تو بالکل قریب تھا اور ابھی وہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین موجود تھے جنہوں نے سرکار دوعالم سے فیض و صحبت و مجلس و مراعات جلیلہ سے مستفید شدہ تھے۔ انہوں نے بھی حضورؐ سے استمداد طلب فرمائی۔

میدانِ کربلا میں جب ظالموں نے حضرت سیدنا امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شہید کر دیا تو حضور کی ہمشیرہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے آپ کی لاش مبارک کو خون میں غلطیدہ دیکھ کر روتے ہوئے حضورؐ کو یوں پکارا:

یَا مُحَمَّدَاہُ یَا مُحَمَّدَاہُ صَلّٰی عَلَیْکَ اللّٰہُ وَمَلَکُ السَّمَاءُ

یا محمداہ یا محمداہ آپ پر اللہ کا اور آسمان کے فرشتوں کا درود ہو

ھٰذَا حُسَیْنٌ بِالْعَرَا مُزَمَّلٌ بِالدِّمَا۔ مُقَطَّعُ الْاَعْضَاءِ یَا

یہ حسینؓ بے گور وکفن پڑے ہیں خون میں لت پت اعضاء کٹے ہوئے ہیں یا

مُحَمَّدَاہُ وَبَنَاتُکَ سَبَایَا وَذُرِّیَّتُکَ مُقَتَّلَۃٌ تَسْفِیْ

محمداہ آپ کی بیٹیاں قیدی ہیں اور ان کی اولاد کو قتل کر دیا گیا ہے ہوا ان پر

عَلَیْھَا الصَّبَاءُ

خاک ڈال رہی ہے۔

(البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۱۹۳)

سیدنا و مولانا حضرت جناب امام علی زین العابدین سید الساجدین علیہ السلام دربار رسالت میں یوں استغاثہ پیش فرماتے ہیں

یَا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ اَدْرِکْ لِزَیْنِ الْعَابِدِیْنَ مَحْبُوْسَ اَیْدِ الظّٰلِمِیْنَ فِیْ مَرْکَبٍ وَالْمُزْدَھَمِ

یا رحمۃ للعالمین زین العابدین کی مدد کو تشریف لاؤ اس ازدہام میں وہ ظالموں کے ہاتھوں قید ہے

اب ذرا غور فرمائیے گا کہ کہاں کربلائے معلیٰ اور کہاں مدینہ طیبہ، جب کہ دونوں پھوپھی بھتیجا جگر گوشۂ بتول علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنے جدِ اشرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو امداد کے لیے بلا رہے ہیں کہاں ہیں وہ جو یارسول اللہ کہنے والوں پر کفر و شرک و بدعت اور خدا جانے کیا کیا القاب اور فتوے صادر فرماتے ہیں۔ کیا امام علی زین العابدین علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ علم نہیں تھا کہ حضور کو اس طرح پکارنا ناجائز ہے۔

پھر حضرت امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ جو تمام مسلک اہل سنت والجماعت کے پیشوا اور حضرت سیدنا امام جعفر صادق علیہ السلام کے شاگردِ رشید ہیں، ارشاد فرماتے ہیں:

يَا أَكْرَمَ الثَّقَلَيْنِ يَا كَنْزَ الْوَرٰى

اے ساری مخلوقات سے بزرگ ترین اے نعمت الٰہی کے خزانے

جُدْ لِيْ بِجُوْدِكَ وَارْضِنِيْ بِرِضَاكَ

اپنی سخاوت سے مجھے بھی عطا فرمایئے اور اپنی رضا سے مجھے بھی پسند فرمایئے

أَنَا طَامِعٌ بِالْجُوْدِ مِنْكَ وَلَمْ يَكُنْ

میں آپ کی سخاوت کا طمع کرنیوالا ہوں کیوں کہ سوائے آپ کے

لِأَبِيْ حَنِيْفَةَ فِي الْأَنَامِ سِوَاكَ

تمام مخلوق میں ابو حنیفہ کا کوئی حامی و مددگار نہیں۔

(مجموعۃ القصائد صفحہ ۲۰۴، مطبوعہ مجتبائی دہلی)

حضرت ابو الحسن امام شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ مرض فالج میں مبتلا تھے اور انتہائی شدتِ مرض کی حالت میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یوں پکارا اور حضور نے ایسی مہربانی فرمائی کہ اس لاعلاج مرض سے فوری طور پر شفایاب ہو گئے۔

(قصیدہ بردہ شریف کے تین اشعار اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِىْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمِ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جس کی شفاعت فرما دیں اس کو کسی تکلیف اور مصیبت سے رنج نہیں پہنچ سکے گا۔

وَمَنْ تَكُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهٗ اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِىْ اٰجَامِهَا تَجِمِ

جس کی امداد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرما دیں اگر جنگل میں شیر بھی اس کے سامنے آجائے تو سرنگوں ہو جائیگا

يَا اَكْرَمَ الْخَلْقِ مَا لِىْ مَنْ اَلُوْذُ بِهٖ سِوَاكَ عِنْدَ حُلُوْلِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ

اے تمام مخلوق سے بہترین ہر ایک مصیبت کے وقت حضور کے سوا عام حادثات میں میرا کوئی امدادی نہیں

(از قصیدہ بردہ شریف)

تمام بزرگان دین ان تین اشعار کا اکثر ورد کرتے ہیں اور ہر بیماری پر بھی یہ بشکل تعویذ بنا کر دیے جاتے ہیں اور خدائے عزوجل بطفیل سرکار دو عالم ہر بیماری سے شفا عطا فرماتا ہے۔ اس کے مجرب ہونے میں ایک جہان شاہد ہے۔ فقیر راقم الحروف بھی یہی عمل کرتا ہے۔ وَمَا تَوْفِيْقِىْ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

صفحہ نمبر ۶۲ تا صفحہ نمبر ۶۵ :

بحوالہ حدیث مبارک جو ایک نابینا کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس طرح دُعا سکھائی اور وہ بینا ہو گیا۔

یہ دُعا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک نابینا اصحابی کو سکھائی اور جس طرح حضورؐ نے ارشاد فرمایا اسی طرح انہوں نے کیا پس وہ صاحب بصارت ہو گئے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِىِّ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں بوسیلہ تیرے نبی محمد صلی اللہ

الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّىْ قَدْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰى رَبِّىْ فِىْ

علیہ وسلم کہ نبی رحمت ہیں یا محمدؐ میں آپ کے وسیلہ سے اپنے رب کی طرف متوجہ ہوا ہوں اس

حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتَقْضٰی لِیْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ -

حاجت میں کہ میری حاجت روا ہو الٰہی حضور کی شفاعت میرے حق میں قبول فرما

قَالَ اَبُوْ اِسْحٰقَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ - (اور حضرت اسحٰق نے اس حدیث کی تصدیق فرمائی)۔

راویان :- ابن ماجہ ، نسائی ، ترمذی ، حاکم ، بیہقی ، ابن خزیمہ ، طبرانی ۔

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب اس نابینا صحابی نے نماز پڑھ کر یہ دعا کی تو اللہ جل جلالہٗ نے اس کو آنکھیں عطا فرمائیں اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ کبھی اندھا ہوا ہی نہیں ۔ اس کو معجم طبرانی نے بھی نقل فرمایا ۔ اب غور فرماویں اور دعائے مذکورہ بالا کا سیاق و سباق ملاحظہ کر کے پھر سمجھ لیں کہ دعا مبارک کا کیا شان نزول ہے ۔

صفحہ نمبر ۶۶ :

مشکل اوقات اور مہموں میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے امداد طلب کرنا :

ناظرین حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے تو یہاں علمی بحث فرمائی اور دلائل قاطع و ساطع سے اس باب کو مزین فرمایا مگر فقیر راقم الحروف چند اقتباسات تاریخ سے بھی پیش کرتا ہے ۔ پہلے حدیث سُن لیں :

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے عہد خلافت میں قحط پڑ گیا ۔ ایک عرصہ تک بارش باراں نہ ہوئی تو پھر ایک شخص نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضہ مبارک پر حاضر ہو کر عرض کی :

یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِسْتَسْقِ اللّٰهَ لِاُمَّتِكَ فَاِنَّهُمْ قَدْ هَلَكُوْا فَاَتَاهُ

یا رسول اللہ اپنی امت کے لیے اللہ سے بارش طلب فرمائیے ورنہ وہ ہلاک ہو جائے گی پس

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَنَامِ فَقَالَ ائْتِ عُمَرَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کو خواب میں ملے اور ارشاد فرمایا کہ عمر فاروق کے پاس جا

فَاَقْرِئْهُ مِنِّی السَّلَامَ وَ اَخْبِرْهُمْ اِنَّهُمْ مُسْقُوْنَ ۔ البدایہ والنہایہ صفحہ ۹۲

اور ان کو میرا سلام کہہ اور بارش کی بشارت دے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی وفات حسرت آیات کے بعد ۱۸ھ میں پھر قحط پڑا جس کو (عام الرمادہ) کہتے ہیں۔ حضرت بلال بن حارث مزنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ان کی قوم بنی مزنیہ نے عرض کی کہ ہم فاقوں سے نڈھال ہو چکے ہیں۔ خدا کے لیے کوئی بکری ذبح فرمایئے تاکہ ہم اس بھوک سے نجات حاصل کر سکیں۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ ممدوح نے فرمایا کہ بکریاں بسبب قحط اور چارہ وغیرہ نہ ملنے سے سخت کمزور اور ناقابلِ ذبح ہیں جب انہوں نے اصرار کیا تو ایک بکری ذبح کی گئی تو صرف سُرخ رنگ کی ہڈی نکلی گوشت اعضا سے غائب تھا۔ یہ دیکھ کر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بارگاہِ نبوّیہ میں یوں فریاد کی جس کے نتیجہ میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بشارت دی اور قحط دور ہو گیا۔

الفاظ دعائے مبارک ذیل میں برائے ملاحظہ درج ہیں۔

فَنَادٰی یَا مُحَمَّدَاہُ فَاُرِیَ فِی الْمَنَامِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی

ندا کی یا محمداہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں تشریف

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتَاہُ فَقَالَ اَبْشِرْ ۔ ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۳۴۰/ البدایہ والنہایہ جلد ۷ صفحہ ۹۱

لا کر بشارت دی۔

واقدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جب اہلِ بعینا کا محاصرہ کیے ہوئے تھے تو ایک رات وہاں کے بادشاہ نے ایسے شبخون مارے کہ اہلِ اسلام غفلت میں تھے۔ کوئی سنبھلنے بھی نہ پایا تھا کہ کفار کی فوجِ کثیر نے خونریزی شروع کر دی۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کا بیان ہے کہ وہ رات ایسی پُر آشوب اور مصیبت کی تھی کہ ایسی ہم نے تمام غزوات میں نہیں دیکھی اس حالتِ اضطرار میں سب کی زبان پر یا مُحَمَّدُ یا مُحَمَّدُ یَا نَصْرَ اللّٰہِ اِنْزِلْ جاری تھا۔

(تاریخ واقدی)

واقدی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک اور اسی قسم کا واقعہ نقل فرمایا ہے کہ ایک رات بطلیموس دس ہزار سوار لے کر قلعہ سے باہر نکلا اور نہایت سرعت سے اہلِ اسلام پر شبخون مارا جس سے لوگ سخت پریشان ہو گئے ، کوئی سنبھلنے بھی نہ پایا تھا ۔ ایک ہنگامہ برپا ہو گیا ۔ حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے گڑبڑ سنتے ہی پکار کر ارشاد فرمایا

وَاغَوْثَاهُ وَامُحَمَّدَاهُ وَسَلَامَاهُ كِيْدَ قَوْمِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ ۔ (تاریخ واقدیؒ)

یعنی یا محمداہ صلی اللہ علیہ وسلم میری قوم کے ساتھ مکر کیا گیا ہے فریاد رسی فرمادیں تاکہ یہ سلامت رہیں ۔

حضرت ابو عبیدہؓ نے میسرہ بن مسروق کو چار ہزار سپاہیوں کا امیر مقرر کر کے درو ب کی طرف روانہ فرمایا جب ہرقل کو معلوم ہوا کہ مسلمانوں نے ادھر کا رُخ کیا ہے تو تیس ہزار لشکر جرار لے کر مقابلہ کے لیے روانہ کر دیا ۔ جب وہ قریب پہنچا تو حضرت میسرہ امیر لشکرِ اسلام متفکر ہوئے ۔ حضرت عبداللہ بن حذافہ رضی اللہ عنہ نے سبب دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ مجھے اپنی ذات کا تو کوئی غم فکر نہیں اور نہ ہی کوئی خوف ہے بلکہ خدشہ ہے تو یہ ہے کہ مسلمانوں کی فوج بہت ہی قلیل ہے اور کفار کی فوج اس سے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے پس کس طرح مقابلہ کیا جائے گا ۔ حضرت حذافہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یا امیر المؤمنین ہم لوگ کبھی موت سے ڈرنے والے نہیں ۔ ہم نے تو اپنی جانیں راہِ خدا میں وقف کی ہوئی ہیں اس لیے ہمیں تو مطمئن رہنا چاہیے چناں چہ لشکر کفار مقابلہ میں آ گیا اور ان میں سے ایک شخص نے آگے بڑھ کر کہا کہ اے اہلِ عرب معلوم ہوتا ہے تمہیں موت یہاں گھیر لائی ہے ۔ بہتر یہ ہے کہ تم اپنے تئیں ہمارے حوالہ کر دو تاکہ تمہیں قید کر کے ہرقل کے پاس بھیجا جاوے ورنہ تم میں سے ایک کو بھی زندہ نہیں چھوڑیں گے بہتر یہ ہے کہ تم اپنے تئیں ہمارے حوالہ کر دو تاکہ تمہیں قید کر کے ہرقل کے پاس بھیجا جاوے ۔

یہ سن کر ابو الہول دامس رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر اس کا سر قلم کر دیا پھر گھمسان کی

جنگ شروع ہو گئی اس وقت وامس رضی اللہ عنہ کی ہمراہی میں صرف ایک ہزار سپاہی تھے جو یا محمداہ یا محمدُ کہتے ہوئے حملہ کرتے تھے۔ چنانچہ لشکر کفار واصل بجہنم ہوا اور مسلمان فتح و نصرت سے ہمکنار ہوئے۔ (ناسخ التواریخ و واقدی)

اب آپ خود ناظرین کرام غور فرمائیں کہ وہ اصحابہ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین غزوات میں حضور علیہ الصلوٰۃ سے استمداد فرما رہے ہیں اور کس طرح ان کی عقدہ کشائی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرما رہے ہیں غور کا مقام ہے وہ تمام بزرگان درسِ نبوت کے فارغ التحصیل طلبہ تھے۔ اگر یہ شرک و بدعت ہوتا تو وہ کیوں اس طریقہ سے استعانت نبوی کے مستدعی ہوتے۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ

صفحہ نمبر ۶۹:

فضائل درود شریف صلی اللہ علیک وسلم یا حبیب اللہ، صلی اللہ علیک وسلم یا رسول اللہ:

حضرت ابو مسعود رضی اللہ تعالیٰ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

اَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰی جَلَسَ بَیْنَ یَدَیِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
کہ ایک شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضور کے آگے آکر بیٹھ گیا

وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهٗ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
اور ہم بھی پاس تھے اس نے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا السَّلَامُ عَلَیْكَ فَقَدْ عَرَفْنَاهُ فَکَیْفَ
سلام کو تو ہم نے خوب سمجھ لیا ہے کہ (نماز میں درود پڑھنا چاہیے) اب یہ

نُصَلِّیْ عَلَیْكَ اِذَا نَحْنُ صَلَّیْنَا فِیْ صَلٰوتِنَا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْكَ
فرمائیے کہ جب ہم آپ پر درود پڑھیں تو کیسے پڑھیں اپنی نمازوں میں۔ حضرت ابو مسعودؓ فرماتے ہیں

قَالَ فَصَمَتَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اَحْبَبْنَا

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خاموشی اختیار فرما گئے یہاں تک کہ ہم نے یہ محبوب

اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ یَسْئَلْہُ فَقَالَ اِذَا اَنْتُمْ صَلَّیْتُمْ عَلَیَّ

سمجھا کہ یہ شخص سوال نہ کرتا تو اچھا تھا۔ پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا تم مجھ پر درود شریف پڑھو

فَقُوْلُوْا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ .... الخ

(نماز میں) تو کہو اللھم صل علی محمد .... الخ

مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ صفحہ ۱۱۹ / جلاء الافہام ابن قیم صفحہ ۵

صححہ ابن حبان قال الحاکم صحیح علی شرط مسلم واخرج ایضا

احمد وابن خزیمۃ والدار قطنی والبیہقی ان ھذہ الالفاظ

المرویۃ مختصۃ بالصلوٰۃ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)

ہم آپ پر درود شریف کیسے پڑھیں، ارشاد فرمایا:

قَالَ تَقُوْلُوْنَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ... الخ

حضور نے ارشاد فرمایا کہ کہو اللھم صل علی محمد .... الخ

(جلاء الافہام ابن قیم صفحہ نمبر ۱۶، شاگرد ابن تیمیہ امام غیر مقلدین)

امام غیر مقلدین علامہ شوکانی تحفۃ الذاکرین کے صفحہ ۱۳۲ پر یوں رقمطراز ہیں:

وَفِیْہِ تَقْیِیْدُ الصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالصَّلَاۃِ

اور اس حدیث میں آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں درود پڑھنا مقید کیا گیا ہے

یُفِیْدُ ذٰلِكَ اَنَّ ھٰذِہِ الْاَلْفَاظَ الْمَرْوِیَّۃَ مُخْتَصَّۃٌ

پس یہاں سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ یہ درود (ابراہیمی کے) الفاظ جو مروی ہیں یہ نماز کے

بِالصَّلَاةِ وَ اَمَّا خَارِجُ الصَّلٰوۃِ فَیَحْصِلُ الْاِمْتِثَالِ بِمَا

ساتھ خاص ہیں نماز کے علاوہ ایسا درود شریف بھی پڑھنا چاہیے جس سے آیت مبارک

یُفِیْدُہٗ قَوْلُہٗ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ ۔

ان اللہ و ملئکتہ کی پوری تعمیل ہو جائے ۔ یعنی اس میں صلوٰۃ و سلام دونوں پڑھے جائیں ۔

فَرَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فِی الْمَنَامِ فَقَالَ

تو میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کو خواب میں دیکھا تو آپ نے مجھے ارشاد

لِیْ اَمَا تَتِمُّ الصَّلٰوۃَ عَلَیَّ فِیْ کِتَابِکَ فَمَا کَتَبْتُ بَعْدَ

فرمایا کہ تم اپنی کتابت میں مجھ پر پورا درود کیوں نہیں لکھتے سو میں نے اس کے بعد

ذٰلِکَ اِلَّا صَلَّیْتُ وَ سَلَّمْتُ عَلَیْہِ ۔

مکمل درود شریف حضورؐ کے اسم مبارک پر لکھنا شروع کر دیا ۔

(احیاء العلوم جلد ا صفحہ ۳۱۹ ، حجۃ الاسلام امام غزالیؒ)

صفحہ نمبر ۶۹ مذکور سطر نمبر ۹ کی شرح :

روایت ابن قیم :

علامہ ابن قیم جو ابن تیمیہ کے شاگرد ہیں جن کو جملہ غیر مقلدین بھی امام تصوّر کرتے ہیں اپنی کتاب جلاء الافہام مطبوعہ امرتسر کے صفحہ ۲۶۰ پر فرماتے ہیں کہ ابو بکر محمد بن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ابو بکر بن مجاہد کے پاس تھا تو حضرت شبلی رحمۃ اللہ علیہ تشریف لائے تو ابو بکر بن مجاہد ان کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو گئے اور ان کو سینہ سے لگایا اور ان کی آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا ۔ میں نے استفسار کیا تو جواب دیا :

كُنْتُ عِنْدَ اَبِى بَكْرِ بْنِ مُجَاهِدٍ فَجَآءَ الشِّبْلِىُّ فَقَامَ اِلَيْهِ

کہ میں حضرت ابوبکر بن مجاہد کے پاس تھا تو شبلی آئے اور ابوبکر بن مجاہد

اَبُوْ بَكْرِ بْنِ مُجَاهِدٍ فَعَانَقَهٗ وَ قَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ فَقُلْتُ لَهٗ

ان کی تعظیم کے لیے کھڑے ہو گئے اور ان سے معانقہ کیا اور ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا میں نے عرض

يَا سَيِّدِىْ تَفْعَلُ هٰذَا بِالشِّبْلِىِّ وَ اَنْتَ وَجَمِيْعُ مَنْ بِبَغْدَادَ

کیا اے میرے آقا آپ نے شبلی کے ساتھ یہ سلوک فرمایا ہے حالاں کہ آپ اور تمام اہل بغداد اس کو دیوانہ

يَتَصَوَّرُ اَنَّهٗ مَجْنُوْنٌ فَقَالَ لَهٗ فَعَلْتُ بِهٖ كَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ

اور مجنون تصور کرتے ہیں (ابوبکر بن مجاہد نے) ارشاد فرمایا کہ میں نے شبلی کے ساتھ ایسا ہی کیا ہے جیسا کہ میں نے

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلَ بِهٖ وَ ذٰلِكَ اِنِّىْ رَاَيْتُ

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کرتے دیکھا ہے اور وہ یہ ہے کہ میں نے خواب

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَنَامِ وَ قَدْ اَقْبَلَ

میں دیکھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حضرت شبلی آئے اور

الشِّبْلِىُّ فَقَامَ اِلَيْهِ وَ قَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضور کھڑے ہو گئے اور ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا تو میں نے عرض کی یا رسول

اَتَفْعَلُ هٰذَا بِالشِّبْلِىِّ فَقَالَ هٰذَا يَقْرَءُ بَعْدَ الصَّلٰوةِ لَقَدْ

اللہ آپ نے حضرت شبلی کے ساتھ ایسا کیوں کیا ہے جس پر حضور نے ارشاد فرمایا کہ شبلی نماز کے بعد

جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ اِلٰى اٰخِرِ السُّوْرَةِ وَ

پڑھتا ہے لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز آخر سورۃ تک اور

يَقُوْلُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ صَلَّى اللّٰهُ

پھر تین مرتبہ کہتا ہے صلی اللہ علیک یا محمد صلی اللہ

عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ۔

علیک یا محمد۔

اس وجہ سے ہم نے اس پر یہ شفقت فرمائی اور اسی لیے یہ مجھ کو نہایت ہی عزیز اور قابل عزت ہے۔

غور فرماویں کہ علامہ ابن قیم اس کے راوی ہیں جس پر وہی حکایت مولانائے رومی رحمۃ اللہ علیہ کی صادق آتی ہے جو راقم الحروف نے پہلے لکھ دی ہے۔

صفحہ نمبر ۲۷ سطر نمبر ۸:

حیات الشہداء:

واقعہ حضرت جعفر طیار بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر تھے کہ ناگہاں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سر اقدس اٹھاکر ارشاد فرمایا وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فَقَالَ النَّاسُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا ھٰذَا قَالَ مَرَّ بِیْ جَعْفَرُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فِیْ مَلَاءٍ مِنَ الْمَلٰئِکَۃِ فَسَلَّمَ عَلَیَّ (خصائص کبریٰ جلد ۱ صفحہ ۲۶۱/مستدرک للحاکم جلد ۳ صفحہ ۲۱۰)

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضور نے کس کے سلام کا جواب دیا ہے۔ فرمایا حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرشتوں کی ایک جماعت کے ساتھ اوپر سے گذرے ہیں اور انہوں نے مجھے سلام کیا جس کا ان کو جواب دیا گیا ہے۔

اسی طرح انبیاء، اولیاء، صالحین بعد وفات ایک عجوبہ زندگی سے زندہ ہیں جس کا احصار و اظہار ناممکنات سے ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ۔

صفحہ نمبر ۱۴۷ :

استمداد از حضرت غوث الاعظم سیدنا پیر عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بدلائل کاملہ :

امام ابو الحسن نور الدین علی بن جریر شطنوفی و امام عبد اللہ بن اسعد یافعی مکی و علامہ علی قاری مکی صاحب مرقات شرح مشکوٰۃ و مولانا شاہ ابو المعالی محمد سلمی قادری و شیخ المحدثین حضرت مولانا شاہ عبد الحق رحمۃ اللہ علیہم اجمعین ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور غوث الثقلین نجیب الطرفین شریف النسبین سیدنا غوث الاعظم محبوب سبحانی قطب الاقطاب ربانی حضرت پیر سید عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں :

مَنِ اسْتَغَاثَ بِیْ فِیْ کُرْبَۃٍ کَشَفْتُ عَنْہُ وَمَنْ نَادٰی بِاِسْمِیْ فِیْ

جو کسی تکلیف میں مجھ سے فریاد کرے وہ تکلیف رفع ہو اور جو سختی میں میرا نام لے

شِدَّۃٍ فَرَجَتْ عَنْہُ وَمَنْ تَوَسَّلَ بِیْ اِلَی اللّٰہِ عَزَّوَجَلَّ فِیْ

وہ سختی دور ہو اور جو کسی حاجت میں اللہ کی طرف مجھ سے توسل

حَاجَتِہٖ قَضَیْتُ لَہٗ وَمَنْ صَلّٰی رَکْعَتَیْنِ یَقْرَءُ فِیْ کُلِّ رَکْعَۃٍ

کرے وہ حاجت بر آوے اور جو دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۃ

بَعْدَ الْفَاتِحَۃِ سُوْرَۃَ الْاِخْلَاصِ اِحْدٰی عَشَرَۃَ مَرَّۃً ثُمَّ یُصَلِّیْ

فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے پھر سلام

عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعْدَ السَّلَامِ وَیُسَلِّمُ

پھیر کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے اور سلام

عَلَیْہِ ثُمَّ یَخْطُوْ اِلٰی جِہَۃِ الْعِرَاقِ اِحْدٰی عَشَرَۃَ خُطْوَۃً یَذْکُرُ

بھیجے پھر عراق (یعنی بغداد شریف) کی طرف گیارہ قدم چلے (ان میں میرا نام لیتا جائے)

حَاجَتَهٗ فَاِنَّهَا تُقْضٰى

اور اپنی حاجت یاد کرے اس کی وہ حاجت روا ہو۔

(بہجۃ الاسرار، خلاصۃ المفاخر، نزہۃ الخاطر، تحفہ قادریہ، زبدۃ الآثار)

یہ امام ابوالحسن نوری نورالدین علی مصنف بہجۃ الاسرار شریف اعاظم علماء و ائمہ قرأت و اکابر اولیاء و سادات طریقت سے ہیں حضور غوث الثقلین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تک صرف دو واسطے رکھتے ہیں انہوں نے اپنے والد ماجد حضرت ابوبکر تاج الدین جمال العراق سیدنا عبدالرزاق رضی اللہ عنہ سے انہوں نے اپنے والد ماجد پیرانِ پیر غوث الاعظم دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔ امام شمس الدین ذہبی کے علم حدیث و اسماء الرجال میں جن کی جلالت شان عالم میں آشکار ہے۔ ان کی مجلس درس میں حاضر ہوئے اور اپنی کتاب طبقات المقرئین میں ان کی مدح طویل و عریض تحریر فرمائی۔

امام محدث محمد بن محمد جزای مصنف حصن حصین ان کے سلسلہ تلامذہ میں سے ہیں۔ انہوں نے ان کی کتاب بہجۃ الاسرار شریف انہی شیخ سے پڑھی اور اس کی سندِ اجازت حاصل فرمائی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

شیخ محقق مولانا حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ زبدۃ الآثار شریف میں ارشاد فرماتے ہیں کہ کتاب بہجۃ الاسرار کتاب عظیم و شریف مشہور ہے اور اس کے مصنف بہت بڑے امام اور عالم ہیں۔

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے حسن المحاضرہ میں ان کو امام الاوحد تحریر فرمایا ہے۔

بہجۃ الاسرار شریف اور اس کے مصنف کے متعلق اپنے ائمہ کی رائیں بھی ملاحظہ فرمائیں۔

مولانائی مولوی انور شاہ صاحب کشمیری صدر مدرس مدرسہ دیوبند بہجۃ الاسرار شریف کے مصنف حضرت امام ربانی شطنوفی رحمۃ اللہ علیہ کے متعلق فرماتے ہیں وَ وَثَّقَهُ الْمُحَدِّثُوْنَ یعنی محدثین کرام

نے اس کی توثیق و تصدیق فرمائی ہے گویا اس کتاب مبارک کے اندراجات کی تصدیق علمائے دیوبند بھی فرماتے ہیں۔ (فیض الباری جلد ۲ صفحہ ۱۶ مصنفہ مولانائی مولوی انور شاہ صاحب صدر مدرسہ دیوبند)

اور پھر ملا علی قاری اور امام عبداللہ بن اسعد یافعی مکی اور شیخ محقق دہلوی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا اس کو تسلیم اور اپنی اپنی کتب میں لکھنا نورٌ علیٰ نور نہیں تو اور کیا ہے

اسی وجہ سے بڑے بڑے مشائخ کرام صلوٰۃ غوثیہ پڑھتے رہے اور بعد صلوٰۃ غوثیہ گیارہ قدم بغداد شریف کی طرف چلتے ہوئے حضور کو ندا کرتے رہے اور یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ کا وظیفہ پڑھتے رہے اور پڑھتے رہیں گے ان شاء اللہ العزیز۔ چناں چہ عروۃ الوثقیٰ قیوم ثانی حضرت خواجہ محمد معصوم خلیفہ و فرزند ثالث حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی و حضرت مولانا شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی اور حضرت مولانا مولوی شاہ غلام علی صاحب دہلوی خلیفہ حضرت مرزا مظہر جان جاناں و مولانا مولوی غلام دستگیر صاحب قصوری رحمہم اللہ اجمعین و دیگر بزرگان دین وظیفہ یا شیخ عبد القادر جیلانی شیئاً للہ پڑھتے رہے اور پڑھنے کے لیے متعلقین و متوسلین کو ہدایت فرماتے رہے اور اس وظیفہ کو جائز نہیں بلکہ ضروری سمجھا اور تلقین فرمائی وما توفیقی الا باللہ۔

اس وظیفہ کے متعلق مولانائی مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی کا قول ملاحظہ فرمایئے:

"صحیح العقیدہ سلیم الفہم کے لیے جواز کی گنجائش ہو سکتی ہے۔" (فتاویٰ امدادیہ جلد ۴ صفحہ ۹۴)

اور مولانائی مولوی رشید احمد گنگوہی دیوبندی فرماتے ہیں:

"اور اس عقیدہ سے پڑھنا کہ شیخ کو اللہ تعالیٰ اطلاع کر دیتا ہے اور باذنہٖ تعالیٰ شیخ حاجت برآری کر دیتے ہیں یہ بھی شرک نہ ہوگا باقی مومن کی نسبت بدظن ہونا بھی معصیت ہے" (فتاویٰ رشیدیہ جلد ۱ صفحہ ۴)

حضرات غیر مقلدین کے حوالہ جات کتب ابتدا میں دیے گئے۔ یہاں صرف حضور غوث الثقلین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشادِ گرامی کے متعلق شرح کی گئی ہے۔

یَا عِبَادَ اللّٰہِ اَعِیْنُوْنِیْ کی شرح اور اثبات شروع میں کر دیے ہیں اور دوبارہ لکھنے کی حاجت نہیں ہے۔

صفحہ نمبر ۷۶ تا صفحہ نمبر ۸۲ :

معجزاتِ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم :

ان صفحات میں حضور نے معجزاتِ سرورِ کائنات کے دلائل عقلیہ اور نقلیہ دیے جن کی شرح کی ضرورت نہیں۔ تحفہ رسولیہ میں یہ تمام بیان ہو چکا ہے۔ اب دوبارہ اس مضمون میں شرح کی صورت میں کتاب کی طوالت کا خوف ہے۔ حضور نے تمام تاویلات علمی بحث کے تحت جملہ قاعدہ کلیہ اور ترکیبی مضامین و دلائل قاطع و ساطع سے ان صفحات کو مزین فرمایا ہے جس کی شرح مزید کرنے میں کتاب اور مشکل ہو جائے گی۔ اس لیے ان دلائل پر مزید دلائل کتاب پر زیادتی کے مترادف ہے۔ اس لیے وہ امورات مشکلہ جن کے متعلق صرف حضور نے اشارۃً کنایۃً ذکر فرمایا کو شرح سے مزین کیا جائے گا۔

صفحہ نمبر ۸۲ و ۸۳ :

قوتِ سماعی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم :

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا :

یَا بَلَالُ ہَلْ تَسْمَعُ مَا اَسْمَعُ قَالَ لَا وَاللّٰہِ یَا رَسُوْلَ

اے بلال کیا تو سنتا ہے جو میں سنتا ہوں انہوں نے عرض کی اللہ کی قسم یا رسول اللہ

اللہِ مَا اَسْمَعُہٗ قَالَ اَلَا تَسْمَعُ اَھْلَ الْقُبُوْرِ یُعَذَّبُوْنَ۔

میں نہیں سنتا فرمایا تو نہیں سنتا ان قبروں والوں (یہودیوں کو) عذاب ہو رہا ہے

(المستدرک للحاکم صفحہ ۳۰ جلد ۱)

ام المؤمنین حضرت میمونہ حرم محترم رضی اللہ تعالیٰ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات میرے پاس تشریف فرما تھے۔ آپ حسب معمول نماز تہجد کے لیے اُٹھے اور وضو کرنے کی جگہ تشریف لے گئے۔

فَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ فِیْ مُتَوَضَّاہُ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ نُصِرْتَ

تو میں نے سنا کہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا میں تیرے پاس پہنچا (تین دفعہ) تو مدد کیا

نُصِرْتَ نُصِرْتَ فَلَمَّا خَرَجَ رَسُوْلُ اللہِ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ

گیا ہے (تین دفعہ) جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وضو فرما کر باہر تشریف

وَسَلَّمَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللہِ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُ فِیْ مُتَوَضَّائِكَ

لائے تو میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں نے سنا ہے کہ آپنے تین مرتبہ لبیک

لَبَّیْكَ ثَلَاثًا وَ نُصِرْتَ ثَلَاثًا تُكَلِّمُ اِنْسَانًا فَھَلْ كَانَ

اور تین مرتبہ نصرت فرمایا ہے گویا کہ آپ کسی انسان سے ہمکلام تھے یا

مَعَكَ اَحَدٌ فَقَالَ ھٰذَا رَاجِزٌ یَسْتَنْصِرُنِیْ۔

آپکے پاس کوئی تھا تو آپنے فرمایا کہ یہ راجز مجھ سے فریاد کر رہا ہے۔

(اصابہ جلد ۲ صفحہ نمبر ۵۳۶ - طبرانی صغیر)

حالاں کہ راجز رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس وقت مکہ معظمہ میں تھے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ منورہ میں مگر حضورؐ نے ان کی فریاد کو سنا اور دستگیری فرمائی۔ واقعہ یہ تھا کہ صلح حدیبیہ میں بنی بکر قریش

کی طرف سے ذمہ دار تھے اور خزاعہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے ذمہ دار تھے اور یہ ذمہ داری اس عہد پر تھی کہ آئندہ دس سال میں باہمی جنگ نہ ہوگی مگر قریش مکہ نے اس عہد اور شرائط کو توڑ دیا اور بنی بکر وغیرہ کے ساتھ مل کر مسلمانوں کے قتل کا ارادہ کرلیا۔ اس وقت حضرت عمرو بن سالم راجز نے مکہ سے فریاد کی اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے مدد طلب کی جس کے جواب میں آپ نے تین مرتبہ لبیک اور تین مرتبہ نصرت فرماکر اس کی مدد فرمائی اس کے بعد آنحضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش پر چڑھائی فرمائی اور مکہ معظمہ فتح ہوگیا۔ (اصابہ صفحہ ۵۳۶ جلد ۲، طبرانی، صغیر)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يُصَلِّي عَلَيَّ إِلَّا بَلَغَنِي صَوْتُهُ حَيْثُ

کوئی شخص ایسا نہیں جو مجھ پر درود پڑھے مگر اس کی آواز میں نہ سن سکوں خواہ وہ

كَانَ قُلْنَا وَ بَعْدَ وَفَاتِكَ قَالَ وَ بَعْدَ وَفَاتِي إِنَّ

کہیں بھی ہو اصحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ وفات کے بعد بھی حضور سنو گے فرمایا وفات کے

اللهَ حَرَّمَ عَلَى الْأَرْضِ أَنْ تَأْكُلَ أَجْسَادَ الْأَنْبِيَاءِ

بعد بھی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کے جسموں کو مٹی کے کھانے سے محفوظ و مامون فرمایا

(جلاء الافہام ابن قیم صفحہ ۶۳، شاگرد ابن تیمیہ)

اسی لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حضور میں درود شریف کثرت سے پڑھنے کی تلقین تمام اہلِ راہ نے فرمائی تاکہ قربِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ لوگ محروم نہ رہیں۔ وَمَا تَوْفِيقِي إِلَّا بِاللهِ

مولانا محمد عبدالحی صاحب لکھنوی فرماتے ہیں کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاند آپ کے ساتھ کیا معاملہ کرتا تھا کہ آپ ان دنوں صرف چہل روزہ تھے۔ آپ نے ارشاد فرمایا مادرِ مشفقہ نے میرا ہاتھ مضبوط باندھ دیا تھا اس کی تکلیف سے مجھے رونا آتا تھا اور چاند منع کرتا

تھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی کہ آپ تو ان دنوں صرف چہل روزہ تھے یہ حال کیونکر معلوم ہوا۔ ارشاد فرمایا، لوح محفوظ پر قلم چلتا تھا اور میں سنتا تھا حالاں کہ میں شکم مادر میں تھا اور فرشتے عرش کے نیچے پروردگار عالم و عالمیان کی تسبیح پڑھتے تھے اور میں ان کی تسبیح سنتا تھا حالاں کہ میں شکم مادر میں تھا۔ (مجموعۃ الفتاوی جلد ۲ صفحہ ۹۷ مطبوعہ یوسفی واقع لکھنؤ)

مثنوی مولانائے روم مست بادۂ قیوم رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

فلسفی کو منکرِ حنّانہ است   از حواسِ انبیاء بیگانہ است

فلسفہ دان ستونِ حنانہ کی فریاد سننے سے اس لیے انکار کرتے ہیں وہ حواس انبیاء سے واقف نہیں ہیں

اُستنِ حنّانہ در ہجرِ رسولؐ   نالہ می زد ہمچو اربابِ عقول

ستونِ حنانہ فراقِ حضور میں اس طرح رویا جیسے صاحب عقل و دانش روتے ہیں

اشقیا را دیدۂ بینا نبود   نیک و بد در دیدہ شاں یکساں نمود

بدبخت لوگ حقیقی آنکھوں کی بینائی سے محروم ہیں اسی لیے ان کی آنکھوں میں نیک و بد یکساں معلوم ہوتا ہے

ہمسری با انبیاء می داشتند   اولیاء را ہمچو خود پنداشتند

چناں چہ انہوں نے انبیاء کی برابری کا دعویٰ کیا اور اولیاء اللہ کو اپنے جیسا سمجھا۔

گفت اینک ما بشر ایشاں بشر   ما و ایشاں بستۂ خوابیم و خور

اور ساتھ ہی اس کا ثبوت یہ دیا کہ ہم بھی انسان ہیں اور یہ بھی انسان ہمارے اور انکے درمیان کھانے پینے میں بھی کوئی فرق نہیں

ایں ندانستند ایشاں از عمیٰ !   ہست فرقے درمیاں بے منتہیٰ

ان عقل کے اندھوں نے یہ بھی نہ سوچا کہ ہمارے اور ان کے درمیان بعد المشرقین اور بعد المغربین کا فرق ہے

ہر دو گوں زنبور خوردند از محل   لیک شد زاں نیش و زاں دیگر عسل

جیسے کہ بھڑ اور شہد کی مکھی نے ایک ہی باغ سے پھولوں کا رس چوسا لیکن ایک سے ڈنگ اور دوسرے سے شہد

ہر دو گوں آہو گیا خوردند و آب زیں یکے سرگیں شد و زاں مشکِ ناب

جیسے کہ دونوں ہرن ایک ہی مرغزار سے پانی پیتے اور گھاس کھاتے ہیں مگر ایک صرف مینگنیاں کرتا ہے دوسرا کستوری

ہر دو نَے خوردند از یک آب خور آں یکے خالی و آں پُر از شکر

بانس اور گنے نے ایک جگہ سے غذا حاصل کی ایک سے میٹھی رس اور دوسرا خالی

صد ہزاراں ایں چنیں اشباہ بیں فرق شاں ہفتاد و سالہ راہ بیں

ایسی ہی لاکھوں مثالیں پاؤ گے جن میں ستر برس کی راہ حائل ہے ۔

صفحہ نمبر ۹۳ :

علم الغیب :

کَمَا قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ فِی الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ وَ فُرْقَانِ الْحَمِیْدِ وَ لَا

جیسا کہ اللہ جل جلالہ نے قرآن مجید فرقان حمید میں ارشاد فرمایا اور وہ نہیں

یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ (پارہ ۳ سورۃ ۲)

احاطہ کر سکتے کسی چیز کا اس کے علم میں سے مگر جتنا وہ چاہے

اسی آیت کریمہ کے تحت تفسیر معالم التنزیل میں ہے :

یَعْنِیْ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِ الْغَیْبِ اِلَّا بِمَا شَآءَ مِمَّا

یعنی وہ اس کے علم غیب میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر کہ وہ چاہے جس

اَخْبَرَ بِہِ الرُّسُلُ

کی خبر رسولوں نے دی

اور اسی آیت کریمہ کے تحت تفسیر خازن میں ہے :

يَعْنِيْ اَنْ يُّطْلِعَهُمْ عَلَيْهِ وَ هُمُ الْاَنْبِيَاءُ وَ الرُّسُلِ وَ

یعنی جن کو اللہ تعالیٰ اپنے علم پر اطلاع دیتا ہے وہ انبیاء و رسل ہیں تاکہ

لِيَكُوْنَ مَا يُطْلِعُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ عِلْمِ غَيْبِهٖ دَلِيْلًا عَلٰى

ان کا علم غیب پر مطلع ہونا ان کی نبوت کی دلیل ہو۔

نُبُوَّتِهِمْ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا

جیساکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا پس نہیں مسلط فرماتا ہے اپنے غیب خاص کو

اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ

کسی ایک پر بھی سوائے اپنے پسندیدہ رسول کے۔

اسی آیت کریمہ کے تحت تفسیر کبیر میں ملاحظہ ہو:

لَا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ اِلَّا عِنْدَ الْاِطِّلَاعِ اللّٰهِ بَعْضَ اَنْبِيَآئِهٖ

اللہ کریم کے اطلاع دینے کے بغیر کوئی غیب نہیں جانتا اللہ کے اپنے بعض انبیا

عَلٰى بَعْضِ الْغَيْبِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَالِمُ الْغَيْبِ

علیہم السلام کو بعض علم غیب عطا فرمایا ہے جیساکہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے جاننے والا غیب کا

فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ

پس اپنے غیب کو کسی پر مسلط نہیں فرماتا بغیر اپنے پسندیدہ رسول

رَّسُوْلٍ۔

کے۔

ان آیاتِ کریمہ اور ان تفاسیر سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے خاص علم میں سے کوئی نہیں جان سکتا مگر جس کے لیے وہ جتنا چاہے۔ یہ اس کی اپنی رضا ہے۔ نہ کسی فرد بشر کو اس کے چاہنے کا علم ہے

اور نہ ہی اس کے علم عطا فرمانے کا کوئی معیار۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اور اللہ کی یہ شان نہیں کہ اے عام لوگو تمہیں غیب پر مطلع کر دے ہاں اللہ اس کے لیے

يَجْتَبِىْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

چن لیتا ہے اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے۔

اس آیت کریمہ کے تحت تفسیر بیضاوی میں ہے:

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُؤْتِىَ اَحَدَكُمْ عِلْمَ الْغَيْبِ فَيَطَّلِعَ

اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو تم میں سے کسی ایک کو علم غیب دے اور

عَلٰى مَا فِى الْقُلُوْبِ مِنْ كُفْرٍ وَّ اِيْمَانٍ وَ لٰكِنَّ اللّٰهَ

دلوں کے کفر اور ایمان پر مطلع کر دے ہاں اس منصب جلیلہ کیلیے

يَجْتَبِىْ لِرِسَالَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ فَيُوْحِىْ اللّٰهُ وَ يُخْبِرُهٗ

اور اپنی پیغامبری کے لیے اللہ جس کو چاہتا ہے چن لیتا ہے تو اس کی طرف وحی فرماتا ہے اور بعض

بِبَعْضِ الْمُغَيَّبَاتِ۔

غیوب کی ان کو خبر دیتا ہے۔

اسی آیت کریمہ کے تحت تفسیر خازن میں ہے:

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَصْطَفِىْ وَ يَخْتَارُ مِنْ رُّسُلِهٖ فَيُطْلِعُهٗ

لیکن اللہ مصطفٰے اور مختار بنا لیتا ہے رسولوں میں سے جس کو چاہے تو پھر اس کو

عَلٰى مَا يَشَآءُ مِنْ غَيْبِهٖ۔

اپنے غیب میں سے جتنا چاہے عطا فرما دیتا ہے۔

اسی آیت کریمہ کے تحت تفسیر جمل میں ہے

اَلْمَعْنٰی لٰکِنَّ اللّٰہَ یَجْتَبِیْ اَنْ یَّصْطَفِیْ مِنْ رُّسُلِہٖ مَنْ

معنے یہ ہیں کہ اللہ اپنے رسولوں میں سے جس کو مجتبیٰ و مصطفےٰ بنا لیتا ہے تو اس کو

یَّشَآءُ فَیَطْلَعُہٗ عَلَی الْغَیْبِ۔

غیب پر مطلع کر دیتا ہے۔

تفسیر جلالین:

وَ لٰکِنَّ اللّٰہَ یَجْتَبِیْ وَ یَخْتَارُ مَنْ یَّشَآءُ فَیَطَّلِعُ عَلٰی

ہاں اللہ جس کو مجتبیٰ و مختار بنا لیتا ہے تو اس کو اپنے غیب کی اطلاع

غَیْبِہٖ کَمَا اَطْلَعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی

دیتا ہے جیسا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین کے حال

حَالِ الْمُنَافِقِیْنَ۔

پر اطلاع دی۔

اسی آیت کریمہ کے تحت تفسیر صاوی علی الجلالین میں ہے:

اِلَّا الرُّسُلُ الَّذِیْ یَطَّلِعُھُمْ عَلَی الْغَیْبِ۔

بلاشبہ وہ رسولوں کو غیب پر مطلع فرماتا ہے۔

اسی آیت کریمہ کے تحت مولانائے شبیر احمد عثمانی راس الوہابیین فرماتے ہیں:

"خلاصہ یہ ہوا کہ عام لوگوں کو بلا واسطہ کسی غیب کی یقینی اطلاع نہیں دی جاتی۔ انبیائے کرام علیہم السلام کو دی جاتی ہے مگر جس قدر وہ چاہے۔"

اسی آیت کریمہ کے تحت تفسیر معالم التنزیل میں ہے:

خَلَقَ الْاِنْسَانَ اَیْ مُحَمَّدًا عَلَیْہِ السَّلَامُ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ

اللہ نے انسان یعنی محمد علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور ان کو بیان

یَعْنِیْ بَیَانَ مَا کَانَ وَ مَا یَکُوْنُ

یعنی جو کچھ ہو چکا اور جو کچھ ہو گا سب سکھا دیا۔

تفسیر حسینی فارسی:

آں علم ماکان و مایکون ہست کہ حق سبحانہ در شب اسریٰ بد آنحضرت

کردہ علم یعنی جو کچھ ہو چکا اور جو کچھ ہو گا اللہ سبحانہ نے معراج کی رات کو حضور علیہ الصلوۃ والسلام

عطا فرمود۔

کو عطا فرمادیا۔

اسی آیت کریمہ کے تحت صاوی علی الجلالین میں ہے:

وَقِیْلَ ھُوَ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَنَّہُ الْاِنْسَانُ

اور کہا گیا ہے کہ وہ انسانِ کامل محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں

الْکَامِلُ وَ الْمُرَادُ بِالْبَیَانِ عِلْمُ مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ

اور بیان سے مراد وہ علم ہے جو ہو چکا اور جو ہو رہا ہے

وَمَا ھُوَ کَائِنٌ۔

اور جو ہو گا وہ ان کو سکھلا دیا گیا ہے۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر سے ثابت ہوا کہ جو کچھ ہو چکا ہے اور جو کچھ ہو رہا ہے اور جو کچھ ہو گا وہ سب کچھ اللہ جل جلالہ نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو تمام کا تمام سکھا دیا جو کچھ ماضی میں ہو چکا ہے اس کا بھی حضور کو علم ہے اور جو کچھ زمانہ حال میں ہو رہا ہے اس سے بھی حضور مکمل طور پر واقف ہیں

اور جو کچھ آئندہ ہوگا اس سے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ جل جلالہ نے آگاہ فرمایا اور کوئی چیز بھی حضور کے علم سے مخفی اور محتجب نہ رہی حالاں کہ ان کے متعلق تفسیر بغوی، تفسیر روح البیان اور تفسیر عزیزی وغیرہ میں بھی اسی طرح صراحت سے مذکور ہے جو باعثِ طوالت یہاں تحریر نہیں کیا جا سکا۔

علمِ غیب کے متعلق کافی ووافی تحریر کر چکا ہوں اور لگے ہاتھوں ایک دورِ موجودہ کا حوالہ جو مین اس مضمون پر صادق آتا ہے بیان کر کے قارئین کرام کو مزید ثبوت مہیا کر دوں۔ سنیے:

حضرۃ مصنف رحمۃ اللہ علیہ کا وصال:

حضرت قبلہ افصح وابلغ عالم بے مثال وفقیر صاحب حال حضرت جناب مصنف کتاب ہذا یعنی ہدایت المسلمین شریف رحمۃ اللہ علیہ نے سال ۱۳۰۴ھ میں ایک چھوٹی سی کتاب الموسومہ پنج گنج جو سی حرفیوں پر مشتمل ہے تصنیف فرمائی اور سی حرفی خاص یعنی پنجم میں مندرجہ ذیل شعر رقم فرمایا:

ص۔ صفت صفات دی نہیں ہوندی جیہڑی صورتاں خوب سہا رہے

پھر ذات دا کون بیان کرے جیہڑی اپناں آپ چھپا رہے

اس اگ دی کیا تمیز ہووے جیہڑی پتھراں وچ سما رہے

فاینما محمدا وجہ اللہ کی رمز جھارتاں پا رہے

فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ط

پس جدھر کو منہ کرو پس وہیں ہے منہ اللہ کا

فقیر راقم الحروف نے جب اس آیت مبارک کا بحساب ابجد تخرجہ کیا تو ۱۳۲۴ میزان ہوا جو حضور مصنف رح کا سن وصال ہے۔ کتاب سیف الملوک کے ہمراہ آپ کی سوانح عمری تحریر کرتے وقت

اس تاریخ مبارک کو نظم فارسی کی شکل میں تحریر کر دیا گیا جس کا آخری شعر ذیل میں تحریر ہے باقی مکمل تاریخ اور نظم کتاب سیف الملوک کے آخیر آپ کی سوانح حیات میں ملاحظہ ہو۔

زایت قرآں بگو سالش وصال   از قلم مجذوب غفر اللہ شُد

چوں بسوئے دوست رختِ سفر بست   فَاَیْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰہ شُد

۱۳۲۴ ہجری المقدس

جب یہ نظم اور تاریخ وصال حضور کی لکھ چکا تو طبیعت میں بہت ہی خوشی ہوئی جس پر بارگاہِ عالیہ سے عتاب فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اس کام پر اتراؤ مت میں نے بعبارت (پہیلی) تحریر کی تھی اور تم نے حل کر لی ہے۔

اب ناظرین غور فرماویں کہ کہاں ۱۳۰۴ھ جب حضور نے یہ شعر تحریر فرمایا اور کہاں ۱۳۲۴ھ تو معلوم ہوا کہ مندرجہ بالا حوالہ جات کتب تفاسیر کہ خدائے عزوجل جسے چاہے اور جتنا چاہے غیوب سے آگاہ فرما سکتا ہے حالاں کہ آج تک کسی صاحب حال وقال نے اپنی تاریخ نسبت انتقال تحریر نہیں فرمائی۔ راقم الحروف کا علم محدود ہے، ہو سکتا ہے کہ اور کوئی صاحب بھی ہوں۔ بمطالعہ نفحات الانس مولانا ئی جامی صاحب رحمۃ اللہ علیہ میں چند اولیاء اللہ کا تذکرہ تحریر ہے مگر ان کے متعلق بھی اتنا تحریر ہے کہ قبل از وقت تھوڑا ہی وقفہ مطلع کیا گیا مگر اتنا لمبا عرصہ یعنی بیس سال قبل از وقت ارشاد فرما دینا، ایں سعادت بزورِ بازو نیست تانہ بخشد خدائے بخشندہ۔ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّیْ - اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

خدائے عزوجل حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ کے مدارج بلند سے بلند تر فرماوے اور مجھ جیسے گنہگار اور ناکارہ انسان کے لیے محشر کے دن شفیع ہوں۔

وَمَا تَوْفِيْقِیْ اِلَّا بِاللّٰهِ!

صفحہ نمبر ۹۶ و ۹۷ :

ممانعت مسجد نزد قبور :

قبور کے نزدیک جو مسجد کے متعلق جہاں تک غیر مقلدین کے اقوال ہیں وہ سب حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کے روضہ اطہرہ کے لیے جس کے ملحق مسجد شریف نبوی ہے اور جس کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہی کافی ووافی ہے ۔

رَوْضَۃٌ مَا بَیْنَ قَبْرِیْ وَ مِنْبَرِیْ ۔

کتب ہائے تواریخ سے ثابت ہے کہ بہت سی قبور مبارک انبیاء علیہم السلام کی بیت اللہ شریف کے احاطہ میں ہے جو معدوم الآثار ہیں جہاں جاکر غیر مقلدین کیا ہر خاص وعام مسلمان اپنی پیشانی بارگاہِ رب العزت میں رگڑتے ہیں ۔ اس سے بڑھ کر اور کیا جواب ہو سکتا ہے مگر اب قرآن پاک کی دلیل سے ثابت کرتا ہوں ۔

قَالَ الَّذِیْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓی اَمْرِھِمْ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَیْھِمْ

کہا ان لوگوں نے کہ غالب آئے تھے اوپر کام اپنے کے البتہ بنادیں گے ہم اوپر ان کے

مَسْجِدًا ۔ (پ ۱۵، سورۃ کہف)

مسجد ۔

یعنی اصحاب کہف جس غار میں آرام فرما رہے تھے اور ان لوگوں کی تسلی ہوگئی اور پھر انہوں نے اس غار کے دہانہ پر مسجد تیار کی اور وہاں عبادت کرنے لگے ۔ اہل مفسرین کے دو اقوال ہیں بعض ارشاد فرماتے ہیں کہ پہلے قول اللہ کریم جل ثنانہٗ کے تحت وہ تین سو برس اور اوپر نو برس کے اس غار میں رہے بعض کہتے ہیں کہ وہ اب تک اسی حالت میں زندہ موجود ہیں ۔ دوسرے قول زندہ رہنے کے متعلق مندرجہ ذیل آیت مبارک دلالت کرتی ہے ۔

وَ تَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّ هُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّ نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ

اور گمان کرے تو ان کو جاگتے اور وہ ہیں سوتے اور ہم ان کی کروٹیں بدلواتے ہیں

الْيَمِيْنِ وَ ذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَ كَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ

داہنی طرف اور بائیں طرف اور کتا ان کا پھیلا رہا ہے دونوں بازو

بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا

نزدیک دہان غار کے اگر جھانکے تو ان پر کے البتہ پیٹھ پھیرے تو ان سے بھاگ کر

وَّ لَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا (۱۸)

اور البتہ بھر جاوے تو ان کے رعب سے

ان تمام فقرہ جات مذکورہ بالا سے ان کا زندہ ہی رہنا ثابت ہے کیوں کہ تمام فقرات جاریہ ہیں نہ کہ جامد اور مسقط۔ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب۔

صفحہ نمبر ۹۷ تا ۱۰۸ :

حقیقت نذر و نیاز و ہدایا :

قَوْلُهٗ تَعَالٰی فِیْ بَیْنَ النَّذْرِ وَ النِّیَازِ :

وَ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ

اور جو خرچ کرو تم کچھ خرچ کرنا یا منت مانو تم کچھ منت سے پس تحقیق

اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۲۷۰ اِنْ

اللہ جانتا ہے اس کو اور نہیں ہے واسطے ظالموں کے کوئی مدد دینے والا اگر

تُبْدُوا الصَّدَقَاتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا

ظاہر کرو تم خیرات کو پس اچھا ہے وہ اور اگر چھپاؤ تم اس کو اور دو اس کو

الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَيُكَفِّرُ عَنْكُم مِّن سَيِّئَاتِكُمْ

فقیروں کو پس وہ بہتر ہے واسطے تمہارے اور دور کرے گا تم سے برائیاں تمہاری

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۲۷۱

اور اللہ ساتھ اس کے کہ کرتے ہو تم خبر رکھنے والا ہے۔

گویا کہ نذر و ہدایا کے متعلق ارشادِ باری تعالیٰ اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ نذر و ہدایا دینے والوں کو اچھا سمجھتا ہے اور اس سے انکار کرنے والوں کو ظالم سے تشبیہ دی گئی اور ساتھ ہی ارشاد ہوتا ہے کہ ایسے اشخاص کو کوئی مدد دینے والا نہیں ہوگا۔ رہا سوال اس کے مصارف کا وہ یوں تحریر ہے کہ نذر و ہدایا از قسم نقد و جنس جس کو قرآنِ حکیم نے اخراجات کے ضمن میں فرمایا۔ اخراجات نقد و جنس سے ہی کیے جاتے ہیں اور اسی کو نذر و ہدایا اور صدقہ وغیرہ کے ناموں سے پکارا جاتا ہے۔ ان کا تعین صرف نیت پر موقوف ہے۔ جس طرح نیت کی اسی طرح ادا کرنا واجب ہوا۔ بعض اوقات نیت کرتے وقت تعین نہیں کیا جاتا کہ اس نیاز و ہدایا کو کس طرح دوں گا تو اس میں اباحت ہے کہ ادا کر دے خواہ کسی شکل میں کرے اس کی مفصل بحث حضورؒ نے اپنی کتاب میں کافی و وافی فرمائی ہے۔ مزید اس کی شرح کتاب میں طوالت کا موجب ہوگی اور کتاب مذکور اس کی متحمل نہیں ہو سکے گی۔

شرح حدیث بخاری شریف:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ
اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

حَتّٰی اَحْبَبْتُهٗ فَاِذَآ اَحْبَبْتُهٗ فَكُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِيْ

یہاں تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں اور جب میں اسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کی سمع ہو

يَسْمَعُ بِهٖ وَ بَصَرَهُ الَّذِیْ يُبْصِرُ بِهٖ وَ يَدَهُ الَّتِیْ

جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور اس کی بصر ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور اس کا ہاتھ ہو جاتا ہوں

يَبْطِشُ بِهَا وَ رِجْلَهُ الَّتِیْ يَمْشِیْ بِهَا۔

جس سے وہ پکڑتا ہے اور اس کا پاؤں ہو جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔

کیونکہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب میں کسی کو محبوب بنا لیتا ہوں تو اس کی سمع ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اس سے ثابت ہوا کہ یہ درجۂ محبوبی ہے۔ محبوبیت کے درجہ پر فائز ہوئے بغیر یہ مقام حاصل نہیں ہوتا اور اس درجہ کو حاصل نہیں ہوتا اور اس درجہ کو حاصل کرنے سے پہلے انسانی لذائذ اور خواہشات نفسانی سے ہاتھ دھونے پڑتے ہیں جیسا کہ حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے کر کے دکھایا پھر کہیں جا کر اس درجہ پر فائز ہونے کے شواہد نظر آئے۔ حضرت سعدی رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا:

خاصاں دریں راہ فرس راندہ اند

بلا احصی از تگ فرو ماندہ اند

حضور مصنف کتاب ہذا رحمۃ اللہ علیہ نے خود سیف الملوک میں ارشاد فرمایا:

اس میدان نہ چلے کھوڑا اشینہ حیرت دا گجے

بہت پہلے لا احصی کہہ کے اس ڈورن سن کرجے

پھر حضرت سعدی رحمت اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

دریں ورطہ کشتی فرد شد ہزار
کہ پیدا نشد تختہ بر کنار

حضور مصنف کتاب ہذا رحمۃ اللہ علیہ یوں ارشاد فرماتے ہیں :

اس ڈابے کئیں بیڑے ڈوبے تختہ ہویا نہ باندے

گویا کہ اس مقام کو حاصل کرنے کے لیے ہزاروں پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں جو عوام الناس کے بس کی بات نہیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے :

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفٰسِقِيْنَ ۔

بیشک اللہ فاسقوں کو محبوب نہیں رکھتے ۔

گویا جو محبوبیت کے درجہ پر فائز ہوں وہ فسق و فجور اور جرم و عصیاں سے منزہ و مبرا ہوتے ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے فرمایا میرے حبیب کہہ دیجیے لوگوں کو کہ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ اے لوگو ! میری اتباع کرو اللہ تمہیں محبوب بنا لے گا۔ معلوم ہوا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اتباع کر کے مقامِ محبوبیت تک رسائی ہو سکتی ہے بدوں آپ کے ہرگز ممکن نہیں اور یہ مرتبہ محبوب ہونے کے بعد ملتا ہے جو پرہیز گاری قربِ نوافل اور محبوبیت کا نتیجہ اور ثمرہ ہے۔ پھر وہ بندہ مظہرِ صفاتِ الٰہیہ ہو جاتا ہے اور کمالِ انسانیت کے مرتبے پر فائز ہو جاتا ہے جس کے لیے اس کی تخلیق ہوئی۔ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰهِ ۔

پھر صفاتِ خداوندی کا جلوہ اس میں نظر آنے لگتا ہے تو وہ دور و نزدیک کی آوازوں کو سنتا ہے اور دور و نزدیک کو دیکھتا ہے اور دور و نزدیک اور مشکل و آسانی میں تصرف کرتا ہے جیسا کہ اسی حدیث کی شرح علامہ امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔

وَ كَذَالِكَ الْعَبْدُ اِذَا وَاظَبَ عَلَى التَّامَاتِ بَلَغَ

اور اسی طرح جب کوئی بندہ نیکیوں پر ہمیشگی اختیار کرتا ہے تو وہ اس مقام

الْمَقَامَ الَّذِيْ يَقُوْلُ اللهُ تَعَالٰى كُنْتُ لَهٗ سَمْعًا وَّ بَصَرًا

پر پہنچ جاتا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کنت لہٗ سمعًا و بصرًا فرمایا ہے

فَاِذَا صَارَ نُوْرُ جَلَالِ اللهِ سَمْعًا لَهٗ سَمِعَ الْقَرِيْبَ

جب اللہ کے جلال کا نور اس کی سمع ہو جاتا ہے تو وہ دور و نزدیک کی آوازوں

وَالْبَعِيْدَ وَ اِذَا صَارَ ذَالِكَ النُّوْرُ بَصَرًا لَهٗ رَاٰى

کو سننے لگ جاتا ہے اور جب یہی نور اس کی بصر ہو جاتا ہے تو وہ دور و نزدیک کی

الْقَرِيْبَ وَ الْبَعِيْدَ وَ اِذَا صَارَ ذَالِكَ النُّوْرُ يَدًا لَهٗ

چیزوں کو دیکھنے لگ جاتا ہے اور جب یہی نورِ جلال اس کا ہاتھ ہو جاتا ہے تو وہ

قَدَرَ عَلَى التَّصَرُّفِ فِي الصَّعْبِ وَ السَّهْلِ وَ الْقَرِيْبِ

مشکل و آسانی میں، دور و نزدیک تصرف کرنے پر قادر ہو جاتا

وَالْبَعِيْدِ ۔ (تفسیر کبیر جلد ۵ صفحہ ۶۶۸ مطبوعہ مصر)

ہے ۔

ناظرین کرام جب اولیاء اللہ کی یہ شان ہے تو مظہر ذات وصفات سرورِ کائنات خلاصۂ موجودات حضرت جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ علیہ التحیۃ والثناء کی کیا شان ہو گی جو سید المرسلین، خاتم النبیین، محبوب رب العلمین ہیں کیا وہ دور و نزدیک کی آوازوں کو نہیں سن سکتے، کیا وہ قریب وبعید نہیں دیکھتے کیا وہ مشکل و آسانی میں دور اور قریب میں تصرف نہیں فرماتے ؟ ضرور فرماتے ہیں بشرطیکہ ان فیوضات کے حصول کے لیے ایمان و ایقان، قلب و زبان، عشق رسول میں غلطاں و مضمر و پنہاں ہوں ۔ کوئی اہل ایمان

صاحب اسلام صحیح صراط المستقیم پر گامزن نہیں ہو سکتا جب تک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تمام علائق سے محبوب تر نہ سمجھے اور حضور کے عشق میں پریشان نہ ہو۔ جن اصحاب نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ والہانہ عشق و محبت کا پیوند قائم کیا وہ تمام مخلوق سے ممیز ہو گئے۔ با خدا بے ہوش باش و با محمدؐ ہوشیار۔

جو لوگ بیت اللہ شریف کے حج کی سعادت حاصل فرماتے ہیں جب تک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضۂ اقدس کی زیارت سے مستفیض نہ ہوں حج کامل ہو ہی نہیں سکتا۔

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَ لَهٗ شَفَاعَتِیْ۔

جس نے میری قبر کی زیارت کی اس پر میری شفاعت واجب ہو گئی۔

چوں کہ اہل ذوق حضرات حضورؐ کے روضۂ اقدس پر حاضری دیتے وقت ہوش و حواس ظاہری کھو بیٹھتے ہیں

صفحہ نمبر ۱۱۱:

زندگی بعد الموت اولیاء اللہ:

حضورؐ کے غلاموں کے متعلق بھی چند دلائل سن لیجیے:

حضرت عبداللہ بن عبید اللہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں، جنہوں نے حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دفن کیا تھا۔ جب ان کو دفن کیا تو انہوں نے کہا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں ابو بکر صدیق ہیں، عمر شہید ہیں اور عثمان نیک و رحیم ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم یہ سن کر ہم نے ان کو دیکھا تو وہ مردہ تھے۔

(بخاری شریف فی التاریخ ابن عساکر شرح الصدور صفحہ ۹۳)

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زید بن خارجہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کا انتقال ہو گیا۔ جب غسل کے بعد کفن دیا گیا تو انہوں نے ایک آواز کی۔ جب ان کے چہرہ مبارک سے کپڑا ہٹایا گیا تو وہ کہہ رہے تھے محمدؐ رسول اللہ نبی الامی خاتم النبیین ہیں۔ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔ یہ پہلی کتابوں میں ہے سچ فرمایا سچ فرمایا پھر کہا یہ رسول اللہ ہیں السلام علیک یا رسول اللہ و رحمۃ اللہ و برکاتہ پھر ویسے مُردہ ہو گئے جیسے پہلے تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

(طبرانی جمال الاولیاء صفحہ ۳۹)

امام بیہقی نے صحیح سند کے ساتھ حضرت سعید بن مسیّب تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے اس میں اتنا زیادہ ہے کہ حضرت زید بن خارجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کیساتھ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی بھی گواہی دی

(بیہقی جمال الاولیاء صفحہ ۳۸)

ف : چوں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خلافت سے پہلے ان کی وفات ہوئی اس لیے ان کا ذکر مبارک نہیں فرمایا۔

حضرت منہال بن عمرو تابعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں : کہ خدائے عزوجل کی قسم میں نے دیکھا جب امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سر مبارک دمشق میں پھرایا گیا تو سر کے آگے ایک شخص سورۂ کہف پڑھتا جا رہا تھا جب وہ اس آیت پر پہنچا۔

أَنَّ أَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا

بلاشبہ اصحاب کہف اور رقیم (پہاڑی کی غار) ہماری نشانیوں میں سے عجیب نشانی تھے

تو سر مبارک حضرت سید الشہداء امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بلند آواز سے ارشاد فرمایا سبحان اللہ :

أَعْجَبُ مِنْ أَصْحٰبِ الْكَهْفِ قَتْلِيْ وَحَمْلِيْ (خصائص کبریٰ ۲، شرح الصدور ۸۵)

اصحاب کہف کے واقعے سے میرا قتل اور میرے سر کو لیے پھرنا عجیب تر ہے۔

حضرت ابو معشر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں ہمارے قریب ہی ایک صاحب انتقال فرما گئے۔ جب ان کو نہلانے کے لیے لٹایا گیا تو وہ اچانک اٹھ بیٹھے اور اپنی انگلیاں آنکھوں پر رکھ کر فرمایا واللہ میری آنکھوں نے دیکھا، میری آنکھوں نے دیکھا، میری آنکھوں نے دیکھا کہ عبد الملک بن مروان اور حجاج بن یوسف اپنی آنتیں آگ میں چکی کی طرح گھماتے پھرتے ہیں، پھر وہ بدستور مردہ ہو کر لیٹ گئے جیسے کہ پہلے تھے۔ (شرح الصدور صفحہ ۳۰)

حضرت ابو محمد رضی اللہ عنہ جو کہ مروزی کے شاگردوں میں سے ہیں جن کو خلال اپنے اوپر فضیلت دیا کرتے تھے، فرماتے ہیں کہ میں ایک میت نہلا رہا تھا کہ اچانک اس نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور آنکھ کھول کر فرمایا! اے ابو محمد ہوشیاری کے ساتھ اس موقعہ کے لیے سامان تیار کرو۔

(تاریخ ابن النجار مواہب الرحمٰن)

علامہ ذہبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ خلیفہ واثق باللہ عباسی نے حضرت امام احمد بن نصر الخزاعی محدث کو کہا کہ قرآن کے مخلوق ہونے کا اقرار کرو۔ انہوں نے انکار فرما دیا جس پر اس نے آپ کو قتل کر دیا اور سر مبارک لٹکا دیا اور ایک آدمی کی ڈیوٹی لگا دی کہ سر مبارک کے پاس رہے وہ آدمی کہتا ہے کہ ہر روز رات کو دیکھتا تھا کہ امام صاحب کا سر مبارک قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر سورۂ یٰس کی تلاوت فرماتا تھا۔

(شرح الصدور صفحہ ۸۸)

حضرت ابراہیم بن اسمٰعیل فرماتے ہیں کہ جب میرے ماموں احمد بن نصر کو قتل کر دیا گیا تو مجھے خبر پہنچی کہ رات کے وقت ان کا سر مبارک قرآن پڑھتا ہے تو ایک رات جب کہ لوگ سو رہے تھے میں وہاں گیا تو میں نے سنا کہ سر مبارک نے پڑھا اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ۔ یہ سن کر میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے۔

(شرح الصدور صفحہ ۸۸)

حضرت ابراہیم بن شیبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مکہ معظمہ میں میرے پاس ایک مرید آیا اور اس نے کہا کہ اے استاد میں کل ظہر کے وقت مر جاؤں گا۔ یہ لو ایک دینار، آدھے سے میری قبر کھدوانا اور آدھے سے مجھے کفن دینا۔ چنانچہ جب دوسرا روز اور ظہر کا وقت ہوا اور وہ آیا، بیت اللہ شریف کا طواف کیا اور کچھ دور جا کر لیٹ گیا اور مر گیا

فَلَمَّا وَضَعْتُهُ فِي اللَّحْدِ فَتَحَ عَيْنَيْهِ فَقُلْتُ اَحَيَاةٌ بَعْدَ

جب میں نے اس کو قبر میں رکھا تو اس نے اپنی دونوں آنکھیں کھولدیں تو میں نے کہا کیا مرنے کے

الْمَوْتِ فَقَالَ اَنَا مُحِبٌّ وَ كُلُّ مُحِبِّ اللّٰهِ حَيٌّ

بعد بھی زندگی ہے تو اس نے کہا میں محب ہوں اور ہر محبّ خُدا زندہ ہے

رحمۃ اللہ علیہ الی یوم القیامۃ۔ (شرح الصدور صفحہ ۸۶)

حضرت شیخ نجم الدین اصبہانی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم ایک شخص کے دفن میں حاضر ہوئے تو جب تلقین کرنے والے نے تلقین شروع کی

فَسَمِعَ الْمَيِّتَ وَ هُوَ يَقُوْلُ اَلَا تَعْجَبُوْنَ مِنْ مَيِّتٍ يُلَقِّنُ

تو اس میت سے سنا کہ وہ کہتا ہے کہ کیا تم تعجب نہیں کرتے ہو کہ مردہ زندہ کو تلقین

حَيًّا۔ (شرح الصدور صفحہ)

کرتا ہے۔ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت ربیع بن حراش اور ربعی بن حراش رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں بھائی بڑے عابد و زاہد اور تابعی ہیں — انھوں نے قسم کھائی کہ جب تک ہمیں اپنا جنتی ہونا معلوم نہ ہو جائے گا ہم ہنسیں گے نہیں چنانچہ وہ زندگی بھر نہ ہنسے لیکن جب ان کی وفات ہونے پر ان کو تختے پر لٹایا گیا تو وہ ہنسنے لگے جس کو سب لوگوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا

(شرح صدور صفحہ ۳۰)

نووی شرح مسلم الحاوی فتاوی بیہقی خصائص جلد ۲ صفحہ ۱۴۹

اور اس کے متعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خبر دی تھی چنانچہ حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنا آپ نے فرمایا

یَکُوْنُ فِیْ اُمَّتِیْ رَجُلٌ یَتَکَلَّمُ بَعْدَ الْمَوْتِ۔ (خصائص کبریٰ جلد ۲ صفحہ ۱۴۹)

میری امت میں ایک مرد ہوگا جو موت کے بعد کلام کرے گا۔

چناں چہ حضرت ربیع بن حراش رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے موت کے بعد اچانک اپنے منہ سے کپڑا اٹھایا اور کہا السلام علیکم اور ہنسے تو ان کے بھائی ربعی بن حراش نے کہا اے بھائی کیا تم زندہ ہو انہوں نے کہا نہیں بلکہ میں اپنے رب سے ملا تو میرا رب مجھ کو روح و ریحان اور خوشی و مہربانی سے ملا اس لیے میں ہنسا ہوں۔ اب تم جلدی کرو کیونکہ سید الانبیاء والمرسلین حضرت ابو القاسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر نماز پڑھنے کے لیے انتظار فرما رہے ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ (شرح صدور مذکور)

یہ واقعہ حضرت ام المؤمنین عائشہ الصدیقہ و رفیقہ حضور رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے اس کی تصدیق فرمائی کہ بیشک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے تھے کہ میرا ایک امتی مرنے کے بعد کلام کریگا۔ (خصائص کبریٰ جلد ۲ صفحہ ۱۴۱)

مولانا عبد الحی فرنگی محلی فرماتے ہیں کہ میرے بزرگوں میں سے جب مولانا اظہار الحق لکھنوی کی وفات ہوئی تو مرتے وقت ان کی زبان پر کلمہ جاری نہ ہوا۔ تجہیز و تکفین کے وقت عزیز و اقارب میت کے پاس سے ہٹ گئے تو بعض نے ازراہِ طعن کہا کہ تھے تو بڑے متقی لیکن مرنے کے وقت کلمہ شریف کی بھی توفیق نہ ہوئی بس ان کا یہ کہنا تھا کہ مولانا ئی مرحوم نے اپنے دونوں پاؤں کو سمیٹا اور بلند آواز کے ساتھ اللہ کا نام ان کی زبان پر جاری ہوا۔ (رسالہ دار العلوم دیوبند ماہ ستمبر ۱۹۵۸ء)

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعض اصحاب نے ایک قبر پر

اپنا خیمہ لگایا اور ان کو یہ گمان نہ تھا کہ وہ قبر ہے۔

وَاِذَا فِیْہِ اِنْسَانٌ یَقْرَأُ سُوْرَۃَ الْمُلْكِ حَتّٰی خَتَمَهَا فَاَتَی

اچانک انہوں نے سنا کہ اس قبر میں ایک انسان سورۃ ملک پڑھ رہا ہے یہاں تک کہ اس نے ختم کی انہوں

النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ

نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اس کا ذکر کیا تو رسول اللہ صلی

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ هِیَ الْمُنْجِیَۃُ هِیَ النَّافِعَۃُ

اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، یہ سورت منجیہ ہے اور نافعہ ہے کہ

تُنْجِیْہِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ۔ (بیہقی، شرح الصدور صفحہ ۹)

(قاری کو) عذاب قبر سے بچاتی ہے۔

حضرت ابراہیم بن صمۃ مہلبی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھ سے ان لوگوں نے بیان کیا جو صبح کے وقت مقام حصن سے گزرے تھے۔

قَالُوْا کُنَّا اِذَا مَرَرْنَا بِجَنَبَاتِ قَبْرِ ثَابِتِ الْبُنَانِیِّ سَمِعْنَا

انہوں نے کہا جب ہم حضرت ثابت بنانی کی قبر کے پاس سے گزرے تو ہم قرأت

قِرَاءَۃَ الْقُرْاٰنِ۔ (شرح الصدور صفحہ ۷۹)

قرآن سنتے تھے۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میرے سامنے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے شہدائے احد کے پاس کھڑے ہو کر ارشاد فرمایا:

اَشْهَدُ اَنَّکُمْ اَحْیَاءٌ عِنْدَ اللّٰہِ فَزُوْرُوْهُمْ وَسَلِّمُوْا

میں شہادت دیتا ہوں کہ بلاشبہ تم اللہ کے نزدیک زندہ ہو (پھر لوگوں سے ارشاد فرمایا) سو تم ان کی زیارت

عَلَيۡهِمۡ فَوَالَّذِىۡ نَفۡسِىۡ بِيَدِهٖ لَا يُسَلِّمُ عَلَيۡهِمۡ اَحَدٌ

کرو اور ان پر سلام کرو مجھے قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے جو بھی قیامت کے

اِلَّا رُدُّوۡا عَلَيۡهِ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ ۔ (شرح الصدر صفحہ ۸۱ حاکم بیہقی)

دن تک ان کو سلام کہے گا یہ اس کا جواب دیں گے۔

چناں چہ بہت سے بزرگوں نے شہدائے اُحد خصوصاً سید الشہداء حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے علانیہ سلام کا جواب سُنا۔ پیچھے یہ ذکر گزر چکا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ میرے والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب محدث رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ میں خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہ کے مزار شریف پر برائے زیارت حاضر ہوا۔ یہ خیال کر کے کہ میں گنہ گار اس قابل نہیں کہ اپنے وجود سے اس پاک مقام کو ملوث کروں دور ہی کھڑا رہا۔

دراں محل روح ایشاں ظاہر شد فرمودند پیشتر بیا دو سہ قدم پیشتر رفتم و دراں وقت دیدم کہ چہار فرشتہ تختے از آسمان، نزدیک قبر ایشاں فرود آوردند معلوم شد کہ براں تخت خواجہ نقشبند بودند ہر دو شیخ باہم رازہا درمیان آوردند کہ مسموع نگشت بعد ازاں تخت را فرشتگان برداشتہ بودند خواجہ قطب الدین بمن متوجہ شدند کہ پیشتر بیا دو سہ قدم

اس وقت ان کی روح مبارک ظاہر ہوئی اور فرمایا آگے آجاؤ، میں دو تین قدم آگے ہو گیا۔ اس وقت میں نے دیکھا کہ چار فرشتے آسمان کی طرف سے ایک تخت ان کی قبر کے پاس لائے۔ معلوم ہوا کہ اس تخت پر حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند تھے دونوں شیخ آپس میں راز و نیاز کی باتیں کرتے رہے جو نہ سُنی گئیں پھر تخت کو فرشتوں نے اٹھایا اور لے گئے خواجہ قطب الدین پھر میری طرف متوجہ ہوئے کہ آگے آؤ

دیگر پیش رفتم و ہم چنیں می گفتند و قدر
می رفتم تا آنکہ نہایت قرب متحقق شد
آں گاہ فرمودند چہ می گوئید در حق شعر گفتم
کَلَامٌ حَسَنَةٌ حَسَنٌ وَ قَبِيحَهٗ
قَبِيحٌ فرمودند بَارَكَ اللّٰهُ چہ می گوئید
در حق صوتِ حسن گفتم ذٰلِكَ فَضْلُ
اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ گفتند
بَارَكَ اللّٰهُ چوں ہر دو جمع شوند دراں
چہ می گوئید گفتم نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي
اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ فرمودند
بَارَكَ اللّٰهُ آنچہ ما میکردیم پیش ازیں
نمودہ است شما ہم گاہِ گاہے یک دو
بیتے می شنیدہ باشید گفتم در حضورِ خواجہؒ
نقشبند حضرت ایں چنیں فرمودہ اند
یکے ازیں دو لفظ فرمودند ادب نبود یا
مصلحت نبود۔

اسی طرح وہ فرماتے رہے اور میں تھوڑا تھوڑا
آگے ہوتا گیا یہاں تک کہ ان کے بالکل قریب
ہو گیا اس وقت انہوں نے فرمایا کہ شعر کے
حق میں تم کیا کہتے ہو۔ میں نے کہا شعر ایک کلام ہے
جو اچھا ہے وہ اچھا ہے جو برا ہے وہ برا ہے فرمایا بارک اللہ اچھی
آواز کے متعلق تم کیا کہتے ہو میں نے کہا یہ
اللہ کریم کا فضل ہے وہ جس کو چاہے عطا فرماتا ہے
فرمایا بارک اللہ جہاں یہ دونوں جمع ہو جائیں یعنی شعر
بھی اچھا ہو اور آواز بھی اچھی ہو پھر کیا کہتے ہو
میں نے عرض کیا نورٌ علیٰ نور یہ کمال ہر کمال تو اللہ
جسے چاہے عطا فرماوے فرمایا بارک اللہ یہ جو کچھ
ہم کرتے ہیں اس سے پہلے نہ تھا تم بھی گاہے گاہے
ایک دو بیت سن لیا کرو میں نے عرض کیا کہ
آپ نے یہ بات خواجہ نقشبندؒ کی حضوری میں کیوں
نہ فرمائی آپ نے ان دو میں سے ایک بات فرمائی
ادب نہیں تھا یا مصلحت نہیں تھی۔

(انفاس العارفین صفحہ ۴۴)

یہی شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ حضرت والد ماجد حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ میں اکبرآباد میں مرزا محمد زاہد کے درس سے واپس آتے ہوئے ایک لمبی گلی میں شیخ سعدیؒ

کے اشعار پڑھتا ہوا ذوق وشوق سے آرہا تھا

جُز یاد دوست ہر چہ کنی عُمر ضائع است

دوست کی یاد کے بغیر جو کچھ تو نے کیا ہے عمر ضائع کی ہے

جز سرِ عشق ہر چہ بخوانی بطالت است

عشق کے بھید کے سوا جو کچھ تو نے پڑھا ہے باطل ہے

سعدی بشوئے لوحِ دل از نقش غیر

سعدی اپنے دل کی تختی سے باطل نقوش مٹا ڈال

علمے کہ رہ بحق ننماید جہالت است

وہ علم جو حق نہ دکھائے وہ جہالت ہے۔

چوتھا مصرعہ میرے ذہن سے نکل گیا اس وجہ سے مجھ کو ایک قلق اور اضطراب سا پیدا ہو گیا جو کہ ایک فطری اور طبعی چیز ہے کہ وہ سرور اور کیف جو حاصل تھا وہ ضائع ہو گیا۔

ناگاہ مردے دو موئے فقیر وضع ملیح	اچانک ایک مرد فقیری وضع رکھنے والا نہایت
روئے از جانب یمین من بر آمد و گفت	خوبصورت دونوں کندھوں تک لٹکے ہوئے
علمے کہ رہ بحق ننماید جہالت است	بالوں والا میری دائیں طرف سے آگیا اور آتے ہی وہ
گفتم جَزَاکَ اللّٰہِ خَیْرَ الْجَزَاءْ	چوتھا مصرعہ جو مجھے بھول گیا تھا علمے کہ رہ بحق
چہ قدر قلق و اضطراب از دلِ من	ننماید جہالت است فرمادیا میں نے کہا جزاک اللہ
زائل نمودے آں گاہ دو دستہ تنبول	خیر الجزاء اور میرے دل میں اس مصرعہ کے بھولنے سے
را بر آوردہ پیش آں عزیز بردم تبسم	جسقدر بھی اضطراب تھا وہ رفع ہو گیا میں نے فوراً پان کے
کرد و گفت ایں اجر یاد دہانیدن	دو پتے پیش کیے مسکرائے اور فرمایا یہ مصرعہ یاد کرانے کا

است گفتم نہ ولیکن شکرانہ است	اجر ہے میں نے کہا نہیں بلکہ ہدیۂ تشکر
گفت من نمی خورم۔ گفت مرا زود می	فرمایا میں نہیں کھاؤں گا پھر فرمایا مجھے
باید رفت گفتم من بشتاب میروم	جلدی جانا ہے میں نے کہا مجھے بھی جلدی ہے
گفت شتاب تر می خواہم۔ پس	فرمانے لگے میں تو بہت ہی جلدی جانا چاہتا
قدم برداشت و آخر کوچہ نہاد دانستم	ہوں۔ پھر جو قدم اٹھایا تو گلی کے آخر میں
کہ روح مجسم است ندا کردم کہ برنام	جا رکھا میں سمجھ گیا کہ کسی بزرگ کی روح اقدس
خود ہم اطلاع دہید تا فاتحہ می خواندہ	ہے جو مجسم ہو کر آئی ہے میں نے ندا کی اپنا
باشم گفت :	نام تو بتاتے جائیے تاکہ فاتحہ پڑھا کروں۔
"سعدی ہمیں فقیر است"	فرمایا وہ سعدی فقیر میں ہی ہوں۔ (سبحان اللہ و بحمدہ)

(انفاس العارفین صفحہ ۵۴)

بازمرجوع صفحہ ۱۰۸ :

نذر و ہدایا واعراس کرام بزرگاں و گیارہویں شریف و تیجہ و چوتھا و چالیسواں برائے متوفی و سبیل ہائے برائے ایصالِ ثواب شہدائے کربلا علیہم السلام اور ہر وہ چیز جو پکا کر بزرگانِ دین کو اس کا ثواب ایصال کیا جاتا ہے جملہ کا جواز از کتبِ صحیحہ مشرح و بدلائلِ حقہ

ام المؤمنین حضرت عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ ایک شخص نے حضور علیہ الصلوٰۃ و السلام کی خدمت میں عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں مرگئی ہے اور اس نے کوئی وصیت نہیں کی

فَهَلْ لَهَا اَجْرٌ اِنْ تَصَدَّقْتُ قَالَ نَعَمْ۔

اگر میں صدقہ کروں تو کیا اس کو ثواب پہنچے گا آپ نے فرمایا ہاں ضرور

مسلم، کتاب الزکوٰۃ / بخاری شریف کتاب الوصایا / موطا امام مالک / ابوداؤد

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ کا انتقال ہو گیا تو انہوں نے عرض کیا:

يَا رَسُوْلَ اللهِ هَلْ يَنْفَعُهَا اَنْ اَتَصَدَّقَ عَنْهَا فَقَالَ

یا رسول اللہ اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا اس کو نفع پہنچے گا جناب

رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَقَالَ حَائِطُ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں پہنچے گا حضرت سعد نے کہا پھر میرا

كَذَا وَ كَذَا صَدَقَةٌ عَنْهَا۔

فلاں باغ اس کی طرف سے صدقہ ہے۔

(بخاری / نسائی کتاب الوصایا / موطا کتاب الاقضیہ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں مر گئی ہے۔

اَيَنْفَعُهَا اِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ لِيْ

اگر میں اس کی طرف سے صدقہ کروں تو کیا اس کو نفع پہنچے گا آپ نے فرمایا ہاں ضرور پہنچے گا اس نے کہا میرا ایک

مِخْرَافًا وَ اُشْهِدُكَ اِنِّيْ قَدْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا

باغ ہے اور میں آپ کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ میں نے اس باغ کو اسکی طرف سے صدقہ کر دیا۔

(ترمذی کتاب الزکوٰۃ)

ان تینوں حدیثوں سے ثابت ہوا کہ مرنے والے کے عزیزوں میں سے اگر کوئی صدقہ و خیرات اس

نیت سے کرے کہ اس کو فائدہ پہنچے یا اس میت کو اس فعل سے نفع ہو تو ضرور مطابق احادیث شریفہ منتفع ہو گا۔

ان شاء اللہ العزیز۔

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری ماں فوت ہو گئی

ہے اور اس کے لیے کونسا صدقہ کروں جو افضل تر ہو۔

فَاَیُّ الصَّدَقَۃِ اَفْضَلُ قَالَ الْمَاءُ فَحَفَرَ بِئْرًا وَ قَالَ ھٰذِہٖ

تو کونسا صدقہ افضل ہے جو ماں کے لیے کروں فرمایا پانی تو حضرت سعدؓ نے کنواں کھدوایا اور کہا کہ یہ

لِاُمِّ سَعْدٍ

سعد کی ماں کیلیے ہے۔

اس حدیث مبارک میں یہ بات نہایت ہی قابل غور ہے کہ حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے جلیل القدر صحابی فرما رہے ہیں ھٰذِہٖ لِاُمِّ سَعْدٍ کہ یہ کنواں سعد کی ماں کے لیے ہے یعنی ان کی روح کو ثواب پہنچانے کی غرض سے بنوایا گیا اس سے صراحتہً ثابت ہوا کہ جس کی روح کو ثواب پہنچانے کی غرض سے کوئی صدقہ خیرات کی جائے اگر صدقہ اور خیرات اور نیاز پر مجازی طور پر اس کا نام لیا جاوے یعنی یوں کہا جاوے کہ یہ سبیل حضرت امام عالی مقام سید الشہدار حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام اور شہدائے کربلا علیہم السلام کے لیے ہے یا یہ کھانا یا یہ نیاز یا ہدیہ صحابہ کبار یا اہل بیت اطہار یا حضرت سید الاولیار سید غوث الاعظم یا حضرت خواجہ غریب النواز وغیرہ اولیار کبار رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے نام پر ہے تو ہرگز ہرگز اس عدم جواز پر کوئی دلیل نہیں کیوں کہ ام سعد کے کنوئیں کا پانی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام وصحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم و تبع تابعین نے نوش فرمایا اور وضو فرمایا اور اس کو سب اہل اسلام سکان مدینہ طیبہ نے استعمال فرمایا یہی دلیل کافی و وافی ہے ان احادیث مبارکہ کی موجودگی میں من گھڑت دلائل رجوع الی الشر منجانب غیر مقلدین حضرات بالکل بے معنی اور غیر شرعی ہیں۔

حضرت صالح بن درہم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ ہم حج کے واسطے مکہ مکرمہ میں پہنچے تو وہاں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ملے اور فرمایا تمہارے شہر بصرہ کے قریب ایک بستی ہے جس کا نام ابلہ ہے اس میں ایک مسجد عشار ہے لہٰذا تم میں سے کون میرے ساتھ وعدہ کرتا ہے کہ اس مسجد میں میرے لیے دو یا چار رکعتیں پڑھے وَيَقُوْلُ هٰذِهٖ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ (مشکوٰۃ المصابیح صفحہ ۴۶۸) اور کہے کہ یہ رکعتیں ابوہریرہ کے لیے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ مسجد عشار سے شہداء کو اٹھائے گا جو شہدائے بدر کے ساتھ ہوں گے

اس حدیث میں غور فرمائیے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ایک جلیل القدر صحابی فرما رہے ہیں کہ میرے لیے نماز پڑھنا اور یوں کہنا هٰذِهٖ لِاَبِيْ هُرَيْرَةَ کہ یہ نماز ابوہریرہ کے لیے ہے یعنی اس کا ثواب ابوہریرہ کے لیے ہے جس سے معلوم ہوا کہ عبادت بدنی کا ثواب دوسرے شخص کو پہنچایا جا سکتا ہے خواہ وہ زندہ ہو یا مردہ

یہ بھی یاد رہے کہ نماز ایک خاص عبادت ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے اس کے متعلق بھی فرمایا یوں کہنا یہ ابوہریرہ کے لیے ہے معلوم ہوا کہ جس عبادت کا ثواب پہنچانا ہو اس کا نام لے یعنی یوں کہے کہ یہ فلاں کے لیے ہے تو جائز ہے اور حدیث سے ثابت ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ مقامات جو فضیلت و شرف رکھتے ہیں وہاں عبادت و نیکی کرنا بہت ہی باعث فضیلت ہے اور اجر و ثواب ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اِذَا تَصَدَّقَ اَحَدُكُمْ بِصَدَقَةٍ تَطَوُّعًا فَيَجْعَلُهَا عَنْ

جب تم میں سے کوئی نفلی صدقہ کرے تو چاہیے کہ اپنے والدین کو ثواب

اَبَوَيْهِ فَيَكُوْنُ لَهُمَا اَجْرُهُمَا وَلَا يَنْتَقِصُ مِنْ

پہنچائے لیکن اس صدقہ کا ثواب ان دونوں کے لیے بھی پورا ہوگا اور صدقہ کرنے والے کے ثواب

اَجْرِهٖ شَيْئًا ۔

میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

(طبرانی اوسط ، شرح الصدور صفحہ نمبر ۱۲۹)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب کوئی شخص مرجاتا ہے تو اس کے مرجانے کے بعد اس کے گھر والے اس کے لیے صدقہ وخیرات کرتے ہیں تو حضرت جبرائیل امین اس صدقے وخیرات کو ایک نورانی طبق میں رکھ کر مرنے والے کی قبر پر لے جاکر کہتے ہیں

يَا صَاحِبَ الْقَبْرِ الْعَمِيْقِ هٰذِهٖ هَدِيَّةٌ اَهْدٰهَا اِلَيْكَ

اے گہری قبر والے یہ ہدیہ وتحفہ تیرے گھر والوں نے تجھے

اَهْلُكَ فَاقْبَلْهَا فَتَدْخُلُ عَلَيْهِ فَيَفْرَحُ بِهَا وَيَتَبَشَّرُ

بھیجا ہے تو اس کو قبول کر تو وہ قبر والا اس کو دیکھ کر بہت خوش ہوتا ہے اور دوسروں کو خوشخبری دیتا ہے

وَيَحْزَنُ جِيْرَانُهُ الَّذِيْنَ لَمْ يُهْدٰى اِلَيْهِمْ شَيْءٌ

اور اس کے ہمسائے جن کی طرف ان کے گھر والوں سے کوئی ہدیہ نہیں پہنچتا تو وہ غمگین وافسردہ ہوتے ہیں

(شرح الصدور صفحہ ۱۲۹)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے میں نے پوچھا کہ ہم مُردوں کے لیے دعائیں اور ان کی طرف سے صدقات وخیرات اور حج وغیرہ کریں تو کیا یہ چیزیں اُن مُردوں کو پہنچ کر باعث نفع ہوتی ہیں، فَقَالَ اِنَّهٗ يَصِلُ اِلَيْهِمْ وَيَفْرَحُوْنَ بِهٖ كَمَا يَفْرَحُ

آپ نے فرمایا بے شک یہ چیزیں ان کو پہنچتی ہیں اور وہ ان سے خوش ہوتے ہیں جیسا کہ تم ایک دوسرے

اَحَدُكُمْ بِالْهَدِيَّةِ ۔ (مسند امام احمد بن حنبل)

کے ہدیے سے خوش ہوتے ہو۔

علامہ علاء الدین علی بن محمد البغدادی صاحب تفسیر خازن میں ارشاد فرماتے ہیں کہ:

اِنَّ الصَّدَقَۃَ عَنِ الْمَیِّتِ تَنْفَعُ الْمَیِّتَ وَ یَصِلُہٗ

بلاشبہ میت کی طرف سے صدقہ دینا میت کے لیے نافع و مفید ہے اور اس صدقہ کا

ثَوَابُہَا وَ ھُوَ اِجْمَاعُ الْعُلَمَاءِ۔

میت کو ثواب پہنچتا ہے اور اس پر علماء کا اجماع ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔

شیر و برنج بنا بر فاتحہ بزرگے بقصد ایصال ثواب بروحِ ایشاں پزند و بخورانند مضائقہ نیست جائز است و اگر فاتحہ نام بزرگے دادہ شود اغنیاء راہم خوردن جائز است۔

دودھ چاول (کھیر) کسی بزرگ کی فاتحہ کے لیے ان کی روح کو ثواب پہنچانے کی نیت سے پکانے اور کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے جائز ہے اور اگر کسی بزرگ کی فاتحہ دی جائے تو مالداروں کو بھی کھانا چاہیے۔

(زبدۃ النصائح صفحہ ۱۳۲)

شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں:

طعامیکہ آں نیاز حضرت امامین نمایند بر آں قل و فاتحہ و درود خواندن متبرک می شود و خوردن او بسیار خوب است۔

وہ کھانا جو حضرت حسنین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی نیاز کے لیے پکایا جائے اور اس پر قل و فاتحہ و درود پڑھا جائے تو وہ متبرک ہو جاتا ہے اور اس کا کھانا بہت ہی اچھا ہے۔

(فتاویٰ عزیزی)

مولانا کی مولوی اسماعیل شہید دہلوی تقویۃ الایمان والے فرماتے ہیں کہ:

پس عبادتیکہ از مسلمان ادا شود وثواب آں	پس ہر وہ عبادت جو مسلمان ادا کرے اور
بروح کسے از گزشتگان برساند وطریق	اس کا ثواب کسی گزرے ہوئے کی روح کو
رسانیدن آں دعا رخیر بجناب	پہنچائے اور اس کے لیے اللہ کی بارگاہ
الہیت پس ایں خود البتہ بہتر و	میں دعا کرے تو یہ بہت ہی بہتر اور خوب
مستحسن است و در خوبی ایں قدر امراز	ہے اور رسوم میں فاتحہ پڑھنے عرس کرنے
امور مرسومہ فاتحہ واعراس و نذر ونیاز	مُردوں کی نذر و نیاز کرنے کی رسموں کی خوبی
اموات شک وشبہ نیست ۔	میں شک وشبہ نہیں ہے ۔

(صراط المستقیم صفحہ ۵۵)

دوسری جگہ یہی بزرگوار ارشاد فرماتے ہیں :

نہ پندارند کہ نفع رسانیدن باموات	کوئی یہ خیال نہ کرے کہ مُردوں کو طعام اور
باطعام وفاتحہ خوانی خوب نیست چہ ایں	فاتحہ خوانی کے ساتھ نفع پہنچانا خوب نہیں ہے
معنی بہتر وافضل است ۔	کیوں کہ یہ بات بہتر وافضل ہے ۔

(صراط المستقیم صفحہ ۶۴)

مولانائی مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی صاحب کا ایصال ثواب کے متعلق فتویٰ ملاحظہ ہو :

سوال :۔ ایصالِ ثواب کی نسبت بعض وقت خدشہ گزرتا ہے کہ اگر نیک اعمال کا ثواب دوسروں کی روح کو بخشا جاوے تو بخشنے والے کے لیے کیا نفع ہوا البتہ مُردوں کو اس سے نفع پہنچتا ہے حضرت اس خدشہ کو رفع فرمادیں تو فدوی کو اطمینان حاصل ہو گا ۔

جواب :

فِیْ شَرْحِ الصُّدُوْرِ بِتَخْرِیْجِ الطَّبْرَانِیْ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو

شرح صدور میں طبرانی کے حوالہ سے یہ حدیث نقل ہے　حضرت ابوعمرو سے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَصَدَّقَ

روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی

اَحَدُکُمْ صَدَقَةً تَطَوُّعًا فَیَجْعَلُهَا عَنْ اَبَوَیْهِ فَیَکُوْنُ

نفلی طور پر صدقہ دیتا ہے　اور اپنے ماں باپ کو بخشتا ہے　تو اس کا اجر

لَهُمَا اَجْرُهَا وَلَا یُنْقَصُ مِنْ اَجْرِهٖ شَیْئًا۔

دونوں کو ملتا ہے　اور ثواب بھیجنے والے کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوتی

اور صحیح مسلم کی حدیث مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً سے بھی اس کی تائید

ثابت ہے۔　(امداد الفتاوی صفحہ ۳۹۹)

حدیث شریف:

میت کے لیے قربانی وبردہ آزاد کرنا:

حضرت عائشہ الصدیقہ رضی اللہ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

ایک مینڈھا ذبح کر کے فرمایا:

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنْ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ اس کو میری اور میری آل کی طرف سے　اور میری امت کی طرف سے قبول

(صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ)

فرما (صلی اللہ علیہ وسلم)

(مسلم، ابوداؤد کتاب الاضاحی)

يُعْتِقَانِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ بَعْدَ مَوْتِهٖ

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی وفات کے بعد ان کی طرف سے بردے آزاد فرمایا کرتے تھے۔

(شرح الصدور صفحہ ۱۲۹، صدقہ جاریہ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ مومن جب انتقال کرتا ہے تو اس کا عمل ختم ہو جاتا ہے مگر سات چیزوں کا ثواب اس کو مرنے کے بعد بھی ملتا رہتا ہے:

اوّل: اگر اس نے کسی کو علمِ دین سکھایا تو اس کے برابر ثواب ملتا رہے گا جب تک وہ علم دنیا میں جاری رہے گا۔

دوم: یہ کہ اس کی نیک اولاد ہو جو اس کے حق میں دعا کرتی رہے۔

سوم: یہ کہ وہ قرآن شریف چھوڑ گیا ہو۔

چہارم: یہ کہ اس نے مسجد بنوائی ہو۔

پنجم: یہ کہ اس نے مسافروں کے لیے آرام دہ مسافر خانہ تعمیر کرایا ہو۔

ششم: یہ کہ اس نے کوئی کنواں یا نہر وغیرہ کھدوائی ہو۔

ہفتم: یہ کہ اس نے اپنی زندگی میں کوئی صدقہ دیا ہو۔

تو یہ سات چیزیں جب تک موجود رہیں گی اس کو ثواب ملتا رہے گا۔

(شرح الصدور)

ان دلائلِ حقہ سے اظہر من الشمس ہو گیا کہ زندوں کی بدنی، مالی، قولی، فعلی مرکب عبادت کا ثواب مُردوں کو پہنچتا ہے اور اس پر امت کا اجماع و اتفاق ہے بشرطیکہ ثواب پہنچانے والے کی نیت ہو، ایصالِ ثواب گنہگاروں کے لیے، عفو و بخشش اور نیکوکاروں کے لیے رفع درجات اور خوشی و مسرت

کا موجب ہے نیز اللہ تعالیٰ جل شانہ ثواب پہنچانے والے کو بھی پورا پورا اجر و ثواب عطا فرماتا ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

تیجہ، ساتہ، گیارہویں شریف حضور غوث الثقلین، اعراس مبارک

برسی اور فاتحہ، یہ تمام رسوم جائز بلکہ مفید تر ہیں بشرطیکہ نیت نیک ہو اور عقیدہ درست ہو نیز مزید براں ایصالِ ثواب وغیرہ میت پر تین دن کے لیے جن کے متعلق بزرگوں نے فرمایا، تین دن سوگ کیا ہے۔ اب اٹھنے سے پہلے چند گھر کے افراد مل کر کچھ صدقہ کرلو اور کچھ پڑھو اور اس کا ثواب میت کی روح کو پہنچا کر اٹھو اس کا نام سوئم یا تیجہ مشہور ہو گیا۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا بھی سوئم یعنی تیجہ ہوا۔ چناں چہ حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلویؒ ارشاد فرماتے ہیں:

روز سوئم کثرتِ ہجوم مردم آنقدر بود کہ بیروں از حساب ست ہشتاد و یک کلام اللہ بشمار آمدہ و زیادہ ہم شدہ باشد و کلمہ را حصر نیست۔

(ملفوظاتِ عزیزی ص ۵۵)

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب کی وفات کے تیسرے دن لوگوں کا ہجوم اس قدر تھا کہ شمار سے باہر ہے، اکیاسی کلام اللہ شریف ختم ہوئے بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوئے ہوں گے اور کلمہ طیبہ کا تو اندازہ ہی نہیں کہ کتنا پڑھا گیا

حضرت طاؤس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

اِنَّ الْمَوْتٰی یُفْتَنُوْنَ فِیْ قُبُوْرِھِمْ سَبْعًا فَکَانُوْا یَسْتَحِبُّوْنَ

بیشک مردے سات دن تک اپنی قبروں میں آزمائے جاتے ہیں تو صحابہ کرام سات روز

اَنْ یُّطْعَمَ عَنْھُمْ تِلْکَ الْاَیَّامَ ۔ (شرح الصدور صفحہ ۵۰ ابو نعیم فی الحلیہ صہ فی الزہد)

تک ان کی جانب سے کھانا کھلانا مستحب سمجھتے تھے رضی اللہ عنہم اجمعین۔

چناں چہ شیخ المحدثین حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں :

وتصدق کردہ شود از میت بعد دفنِ او از عالم تا ہفت روز

اور میت کے دفن کرنے کے بعد سات روز تک صدقہ کرنا چاہیے۔

(اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ)

ان سب کی اصل یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جناب سید الشہداء حضرت امیر حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لیے تیسرے دسویں اور چالیسویں دن اور چھٹے مہینے اور سال کے بعد صدقہ دیا۔

(کذا فی الانوار الساطعہ مجموعۃ الروایات حاشیہ خزانۃ الروایات)

معلوم ہوا کہ یہ مروجہ ایام دراصل ایصالِ ثواب کے نام ہیں اور یہ ہر طرح سے جائز ہیں، ان کو بدعت سیئہ یا لغویات وغیرہ سے تعبیر کرنا سخت گمراہی ہے چوں کہ بزرگانِ دین نے اس کو مروج فرمایا اور ابتداء میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بھی بحوالہ روایت بالا اس کو جامۂ عمل پہنایا، بنابریں یہ سنت ہے اور اس سے روگردانی کرنا موجب گمراہی ہے۔

کھانا آگے رکھ کر کلامِ الٰہی پڑھنا:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ام المومنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا تو میری والدہ (اُمِّ سلیم) نے کھانا بطور تحفہ وہدیہ پکایا اور میرے ہاتھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں بھیجا اور ساتھ ہی یہ کہا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا سلام عرض کرنا اور ساتھ ہی یہ معذرت پیش کرنا کہ اس موقعہ پر یہی جو کچھ حاضر ہے اسی کو شرفِ قبولیت بخشیں۔ میں کھانا لیکر آپ کی خدمتِ اقدس میں پہنچا اور والدہ کا سلام و پیام عرض کیا۔ آپ نے فرمایا اے انس اسے رکھ دو اور فلاں فلاں کو بلا لاؤ میں بلاتا گیا یہاں تک کہ تین سو آدمی ہو گئے۔

فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا

لِيَضَعُ يَدَهُ عَلَى تِلْكَ الْحُسُنِ کہ آپ نے اس کھانے پر اپنا دستِ مبارک رکھا

وَتَكَلَّمَ بِمَا شَاءَ۔ اور جو چاہا پڑھا۔

بس پھر کیا تھا وہ کھانا اس قدر بابرکت ہوا کہ لوگ شکم سیر ہو گئے آپ نے مجھ سے فرمایا یہ جو باقی ہے اسے لے جاؤ میں نے جب اس بقیہ حصہ کھانے کو دیکھا تو اندازہ نہ کر سکا کہ جو میں لایا تھا وہ زیادہ تھا یا یہ زیادہ ہے

(بخاری / مسلم / مشکوٰۃ شریف صفحہ نمبر ۵۳۵)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ غزوہ تبوک میں لشکر اسلام کو بھوک نے بہت ستایا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ لشکر اسلام سے بچا ہوا توشہ منگوا کر دعا فرمائیے تاکہ اس میں برکت ہو چنانچہ آپ نے دستر خوان بچھوا کر بچا ہوا کھانا منگوایا۔ صحابہ کرام میں کوئی مٹھی بھر کھجوریں، کوئی روٹی کا ٹکڑا اور کوئی باقلا وغیرہ غرض جو کچھ بھی کسی کے پاس بچا کھچا تھا وہ لے آیا اور دستر خوان پر تھوڑی سی چیزیں جمع ہو گئیں۔

فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تو اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی

بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ قَالَ خُذُوْا فِيْ اَوْعِيَتِكُمْ پھر آپ نے فرمایا اپنے توشہ دان بھر لو

(مشکوٰۃ شریف صفحہ ۵۳۸)

چنانچہ ان چیزوں میں اتنی برکت ہوئی کہ تمام لشکرِ اسلام نے اپنے توشہ دان بھر لیے اور پیٹ بھر کر کھایا اور کھانا پھر بچ گیا تو پھر فرمایا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اس کا رسول ہوں۔

اس حدیث سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا سامنے کھانا رکھ کر دعائے برکت فرمانا ثابت ہے اگرچہ اس مضمون کی اور بھی کئی حدیثیں ہیں مگر بخوفِ طوالت انہی پر اکتفا کیا جا رہا ہے۔ ان دونوں حدیثوں سے ثابت ہوا کہ کھانا سامنے رکھ کر اس پر دعائے برکت اور کچھ پڑھنا پڑھانا بھی درست ثابت ہو گیا ہے لہٰذا

کھانا وغیرہ پکا کر اس پر کلام الٰہی پڑھنا اور اس کا ثواب بزرگانِ دین کو ارسال کرنا اور اس کا کھانا اور کھلانا ہر طرح سے درست ثابت ہو گیا ہے۔ اگر کوئی شخص اس کو نہ تسلیم کرے تو اس کا کیا علاج ہے۔ بہر حال مسئلہ ایصالِ ثواب ہدیۂ ناظرین ہے۔ امید ہے ناظرین ان دلائل حقہ کو بنظرِ غور دیکھنے کے بعد ایصالِ ثواب کی اہمیت کو سمجھ لیں گے اور تنگ نظر و کج فہم لوگوں کے چکمہ میں پھنسنے سے بچ جائیں گے۔

وما علینا الا البلاغ

صفحہ نمبر ۱۱۲ و ۱۱۳ :

نام جن کے متعلق غیر مقلدین اعتراض کرتے ہیں :

غلام رسول، غلام نبی، عبد الرسول و غلام علی وغیرہ کے متعلق عام طور پر غیر مقلدین اعتراض کرتے ہیں کہ یہ نام خلافِ شریعت ہیں حالاں کہ انہی ناموں کے متعلق بزرگانِ دین کے نام بھی کتب ہائے اسلامی میں شرح و بسط سے درج ہیں مثلاً صاحبِ دُرِّ مختار کا نام مبارک عبد النبی تھا اور صحابہ کرام میں سے عبد الدینار، ابی زر، عبد الرسول عمر رضوان اللہ علیہم اجمعین نیز حضرت عبد المطلب بن ربیعہ بن حارث بن عبد المطلب جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چچازاد بھائی کا صاحبزادہ تھا جن سے حدیثیں مروی ہیں اور وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی موجودگی میں صحابیت کے زمرہ میں شمار تھے اس نسب مبارک حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو شرح و بسط سے تحریر کیا جا رہا ہے

تاکہ قارئین کرام کو سمجھنے اور پڑھنے میں دقت نہ ہو

• اور

ساتھ ہی آپ کے نسب مبارک سے بھی شناسا

ہو سکیں۔

نسب مبارک سرورِ عالی درجات خلاصہ موجودات باعثِ تخلیقِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم والتحیات

نام مغیرہ عبدالمناف کنیت ابوعبدالشمس لقب عبدالمناف

- عبدالشمس
  - اُمیّہ
    - حرب
      - ابوسفیان
        - حضرت امیر معاویہ
- نام عمرو العلا لقب ہاشم
  - نام شیبۃ الحمد نام عبدالمطلب کنیت ابوالحارث
    - ۱ الغیدق
    - ۲ قثم
    - ۳ عبدالکعبہ
    - ۴ ضرار
    - ۵ المقوم
    - ۶ حجل
    - ۷ حارث
      - ربیعہ
        - عبدالمطلب
    - ۸ ابولہب
    - ۹ ابوطالب
    - ۱۰ الزبیر
    - ۱۱ العباس
    - ۱۲ حمزہ
    - ۱۳ عبداللہ
    - اور دختران
      - ۱ صفیہ
      - ۲ برہ
      - ۳ عاتکہ
      - ۴ ام الحکیم
      - ۵ البیضاء
      - ۶ امیمہ
- نوفل
- مطلب

آپ کا نام شیبۃ الحمد کنیت ابوالحارث ہے۔ شیبہ (سفید بالوں والا) یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ جب آپ پیدا ہوئے تھے تو آپ کے سر مبارک میں کچھ بال سفید تھے۔ عبدالمطلب نام ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آپ اپنی ننھیال (مدینہ طیبہ) میں پیدا ہوئے جس کا پہلا نام یثرب تھا چونکہ

والد کا پیدائش سے پہلے انتقال ہو چکا تھا اس لیے اپنی والدہ ماجدہ کے پاس ہی رہے۔ ایک دن آپ مدینہ طیبہ کے بچوں کے ساتھ تیر اندازی کی مشق فرما رہے تھے کہ ایک شخص جو حضرت عبد المناف کی اولاد میں سے تھا کا کہیں اس طرف سے گزر ہوا وہ بھی کھڑا ہو کر دیکھنے لگ گیا۔ جب آپ نشانہ پر تیر مارتے تو فرماتے میں ابن ہاشم سید البطحا ہوں۔ اس شخص نے آپ کو بلا کر پوچھا کہ تم کون ہو فرمایا میں شیبہ بن ہاشم بن عبد المناف ہوں۔ اس شخص نے مکہ مکرمہ پہنچ کر مطلب بن عبد المناف کو کہا کہ میں نے تمہارے بھتیجے کو مدینہ طیبہ میں دیکھا ہے اور تعریف کر کے کہنے لگا ایسا لڑکا نہ چھوڑنا چاہیے بلکہ لے آنا چاہیے۔ مطلب اسی وقت تیار ہو کر مدینہ طیبہ پہنچ گئے اور واپسی پر آپ کو اپنے ساتھ لے آئے اور آتے ہوئے آپ کی والدہ ماجدہ کو اس وجہ سے اطلاع نہ دی کہ مبادا بھیجنے پر رضامند نہ ہوں۔ چنانچہ بچوں کے ساتھ آپ کھیل رہے تھے۔ سات یا آٹھ سال کی عمر مبارک تھی، پھٹے پرانے کپڑے وہ بھی خاک آلودہ پہن رکھے تھے۔ اسی حالت میں مطلب نے ان کو پکڑ کر اپنی سواری کے پیچھے بٹھا لیا اور بعض کہتے ہیں کہ والدہ ماجدہ سے رضامندی سے لائے مگر صحیح روایت پہلی ہے۔ اگر ماں سے اجازت حاصل کی ہوتی تو پھٹے پرانے کپڑے پہنے ہوئے والدہ ماجدہ اپنے لختِ جگر کو کبھی چچا کے ہمراہ نہ کرتیں۔

جب مطلب مکہ مکرمہ میں پہنچے تو لوگوں نے ایک نئے اور خوبصورت لڑکے کو پیچھے بیٹھا ہوا دیکھا تو پرساں ہوئے کہ یہ کون ہے تو مطلب نے شرم کی وجہ سے کہہ دیا کہ یہ میرا (عبد) غلام ہے کیوں کہ ان کا لباس باعثِ شرمندگی تھا اور دھوپ اور سفر کی تکان سے بھی چہرہ مبارک پژمردہ تھا۔ ساتھ ہی والدہ ماجدہ کی جدائی اور وہ مقام جہاں سات یا آٹھ سال پرورش پائی تھی کو بھی خیرباد کہنا پڑا نیز چچا جس کو پہلی بار دیکھا ان سے بھی ناشناسائی یہ تمام چیزیں آپ کی اصلی ہیئت قضائی کو پوشیدہ رکھنے کے لیے کافی تھیں۔

اسی وجہ سے آپ کو لوگ عبد المطلب کہہ کر پکارنے لگے یعنی مطلب کا غلام اور یہ اسم مبارک ایسا غالب ہوا کہ اصلی اسم مبارک شیبۃ الحمد پر چھا گیا۔ مطلب نے اپنے حقیقی بیٹوں سے بڑھ کر پیار و محبت سے پالا پوسا

اور تربیت کی۔ جب آپ جوان ہو گئے تو مطلب نے لوگوں کو بتایا کہ یہ میرا بھتیجہ ہے اور حضرت ہاشم کا صاحبزادہ ہے۔

(کامل ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۵)

آپ کے چچا مطلب نے آپ کو آپ کے والد کی جتنی جائیداد تھی وہ سب دے دی چونکہ آپ کے والد حضرت ہاشم سردار مکہ تھے لہٰذا ان کی وفات کے بعد ان کی جگہ آپ کے چچا مطلب نے سنبھال لی تھی۔

(کامل ابن اثیر جلد ۲ صفحہ ۵)

جب آپ پورے جوان ہو گئے تو ایک دن حطیم میں سو گئے جب اُٹھے تو اپنی حالت دیکھ کر بہت متحیر ہوئے کہ حسن و جمال کا حلہ پہنے ہوئے سر میں تیل لگا ہوا ہے اور آنکھوں میں سُرمہ، اور آپ کو یہ معلوم نہیں کہ یہ سب کچھ آپ کے ساتھ کس نے کیا ہے آپ نے آ کر اپنے چچا مطلب کو یہ ماجرا سنایا وہ آپ کو قریشی کاہنوں کے پاس لے گئے اور سارا واقعہ بیان کیا۔ کاہنوں نے سُن کر کہا آسمانوں کے خدا نے اس نوجوان کو نکاح کرنے کا حکم دیا ہے۔ مطلب نے آپ کا نکاح صفیہ بنت جندب سے کر دیا ان سے حارث پیدا ہوئے جن کے بیٹے کا نام ربیعہ تھا اور ربیعہ کے بیٹے کا نام بھی عبدالمطلب دادا کے نام پر رکھا گیا اور انہی سے کئی حدیثیں مروی ہیں جو صحیحین میں ہیں اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی ہونے کے علاوہ آپ کے رشتہ میں بھتیجہ بھی ہیں ان کا اسمِ گرامی حضورؐ نے نہیں بدلوایا حالاں کہ جب کبھی کوئی شخص اسلام لاتا اور اس کا نام نامناسب ہوتا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فوری طور پر اس کا نام بدل دیتے جیسا کہ مندرجہ ذیل حدیث سے ثابت ہے:

حضرت بشیر بن عقربہ جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جنگِ احد میں میرے والد بزرگوار شہید ہو گئے تو میں روتا ہوا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیوں روتے ہو۔

اَمَا تَرْضٰی اَنْ اَکُوْنَ اَنَا اَبَاكَ وَ عَائِشَةُ اُمُّكَ فَمَسَحَ عَلٰی رَاْسِيْ فَكَانَ اَثَرُ بِيَدِهٖ مِنْ رَاْسِيْ اَسْوَدُ وَ سَائِرُهٗ اَبْيَضُ وَ كَانَتْ لِسَانِيْ عُقْدَةٌ فَتَفَلَ فِيْهَا فَانْفَلَتَتْ وَ قَالَ لِيْ مَا اسْمُكَ قُلْتُ بَحِيْرُ قَالَ بَلْ اَنْتَ بَشِيْرُ ۔

کیا تم اس بات پر راضی نہیں ہو کہ میں تمہارا باپ اور عائشہ تمہاری ماں ہو جائیں پھر آپ نے میرے سر پر اپنا دست مبارک پھیرا جس کا اثر یہ ہوا کہ میرے سر کا وہ حصہ جہاں دست مبارک پھیرا سیاہ ہی رہا باقی سارا بڑھاپے کی وجہ سے سفید ہو گیا اور میری زبان میں گرہ تھی جس کی وجہ سے میں برابر بات نہیں کر سکتا تھا آپ نے اس پر تھوکا تو وہ گرہ اسی وقت کھل گئی اور اس کے بعد فرمایا تمہارا نام کیا ہے میں نے عرض کیا بحیر فرمایا بحیر نہیں بلکہ تم بشیر ہو ۔

(ابن عساکر خصائص کبریٰ جلد ۲ صفحہ ۹۳)

آپ کے لعاب دہن مبارک سے حضرت بشیر کی زبان سے جو گرہ کھل گئی یہ کوئی نئی بات نہیں تھی اس قسم کی عقدہ کشائیاں ہمیشہ ہوا ہی کرتی تھیں آپ نے ان کا نام اس لیے بدل دیا کہ بحیر کے معنی بدی اور عیب کے ہیں اور آپ کو ایسا نام پسند نہ تھا جو ناپسندیدہ اور معنی بُرے ہوں ۔

اس لیے ناموں پر اعتراض کرنا کج فہمی کی دلیل ہے حالاں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں جو جو صاحب ایمان لاتے رہے ان کے نام بشرطیکہ کوئی خاص ان ناموں میں برائی نہ ہو نہ تبدیل فرماتے تھے ۔ لہٰذا موجودہ زمانہ میں اعتقاد راسخ سے اگر کوئی شخص بزرگوں کے نام سے اپنا نام یا بچوں کا نام پیوست کرے تو اس میں کیا قباحت ہے ۔ البتہ وہ نام جن میں اللہ و حضور و صحابہ و تابعین و تبع تابعین و بزرگان دین اور اولیائے کرام کے اسمائے مقدسہ کا تعلق نہ ہو وہ نام نہیں

رکھنے چاہییں کیوں کہ ان اسمائے حسنہ کی بدولت محشر کے دن بخشش ہونے کی قوی امید ہے و بیدہ التوفیق۔

شنیدیم کہ در روزِ امید و بیم
بداں را بہ بخشد بہ نیکاں کریم (سعدی رحمۃ اللہ علیہ)

صفحہ نمبر ۱۱۳ تا ۱۱۸ :

درجواز شیئاً للہ۔

ناظرین شیئاً للہ کے متعلق صفحہ نمبر ۲۴۱ شرح ہذا الغایت ۲۴۴ صفحات تک مفصل اور مدلل تشریح ہو چکی ہے۔ مزید شرح کی ضرورت نہیں کیوں کہ کتاب ہذا اتنی لمبی شرح کی متحمل نہیں ہو سکتی صفحاتِ مندرجہ بالا پر فی الاستمداد من غوث الاعظم حضرت سید پیران پیر غوث الاغواث قطب الاقطاب حضرت میراں محی الدین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کتب غیر مقلدین کے حوالہ جات سے بھی تصدیق و تشریح ہو چکی ہے جو کافی ہے۔

صفحہ نمبر ۱۱۹ :

زیارت روضہ اطہرہ جناب سرورِ کائنات خلاصۂ موجودات اشرف المخلوقات سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ عِنْدَ قَبْرِیْ سَمِعْتُہٗ وَمَنْ صَلّٰی عَلَیَّ جس نے میری قبر کے پاس مجھ پر درود بھیجا میں اسے خود سنتا ہوں اور جس نے دور

نَائِیًا بُلِغْتُهٗ

ہونیکی حالت میں مجھ پر درود پڑھا وہ مجھے پہنچا دیا جاتا ہے۔

مَنْ زَارَ قَبْرِیْ وَجَبَ لَهٗ شَفَاعَتِیْ

جس نے میری قبر مبارک کی زیارت کی اس پر میری شفاعت واجب ہوگئی

ویسے ہر ایک مسلمان کی شفاعت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام فرمائیں گے بلکہ پچھلی امتوں کی بھی مگر یہاں صرف قبر مبارک کی زیارت کو ضروری اور لابدی قرار فرمایا۔

اب ذرا علمائے دیوبند کے ارشاد بھی سن لیجیے کہ وہ اس معاملہ میں کیا ارشاد فرماتے ہیں

مولانائی مولوی انور شاہ صاحب کشمیری صدر مدرس دیوبند فرماتے ہیں:

وَنُقِلَ عَنْ مَالِكٍ رَحْمَةُ اللهِ عَلَيْهِ	حضرت امام مالکؒ سے نقل کیا گیا ہے کہ بیشک نبی
اِنَّ اِحْتِرَامَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ	صلی اللہ علیہ وسلم کا ادب واحترام آپ کی وفات
وَسَلَّمَ بَعْدَ وَفَاتِهٖ اَيْضًا كَمَا كَانَ	کے بعد بھی ایسا ہی لازم ہے جیسا کہ آپ کی حیات
فِيْ حَيَاتِهٖ وَفِي الْبَيْهَقِيِّ عَنْ	میں تھا اور امام بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ
اَنَسٍ وَصَحَّحَهٗ وَوَاثَقَهُ الْحَافِظُ	سے روایت کی اور اس کی تصحیح بھی کی اور حافظ ابن
فِي الْمُجَلَّدِ السَّادِسِ اَنَّ الْاَنْبِيَاءَ	الحجر نے فتح الباری کی چھٹی جلد میں اس کی موافقت
اَحْيَاءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ يُصَلُّوْنَ مَعْنَاهُ	کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک تمام
اَنَّ اَرْوَاحَ الْاَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ	انبیاء کرام اپنی قبروں میں زندہ ہیں اور نماز پڑھتے
لَيْسَتْ بِمُعَطَّلَةٍ عَنِ الْعِبَادَاتِ	ہیں. معنی اس حدیث کا یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام
الطَّيِّبَةِ وَالْاَفْعَالِ الْمُبَارَكَةِ بَلْ	کی ارواح عبادت طیبہ اور افعال مبارکہ سے معطل نہیں
هُمْ مَشْغُوْلِيْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ اَيْضًا	ہوتیں بلکہ اپنی قبروں میں اسی طرح عبادت کرتی ہیں

كَمَا كَانُوْا مَشْغُوْلِيْنَ حِيْنَ	جس طرح ظاہری حیاتِ طیبہ میں نماز روزہ حج وغیرہ
حَيَاتِهِمْ فِيْ صَلٰوةٍ وَّحَجٍّ وَّ	کرتی تھیں اور اسی طرح ان کے تابعین کا حال ہے
كَذَالِكَ حَالُ تَابِعِيْهِمْ	علی المراتب یعنی جتنا جتنا درجہ اور مرتبہ ہے اسی قدر
عَلٰى قَدْرِ الْمَرَاتِبِ ۔	تابعین اور مابعد حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اولیاء اللہ
	پر بھی یہی دلیل قوی اور صادق آتی ہے۔

(فیض الباری جلد ۲ صفحہ ۶۴)

دیوبند کے تمام اکابرین علماء کرام کا بھی یہی عقیدہ ہے :

فَهُوَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ	وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قبر شریف میں زندہ ہیں
حَيٌّ فِيْ قَبْرِهِ الشَّرِيْفِ يَتَصَرَّفُ فِي	اور جہاں چاہتے ہیں باذن اللہ تصرف فرماتے
الْكَوْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ كَيْفَ شَاءَ ۔	ہیں۔

(المہند صفحہ ۶۸)

مولانا مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانیٔ دارالعلوم دیوبند تو اس مسئلہ میں بہت زیادہ آگے ہیں وہ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لیے موت کی نفی فرماتے ہیں اور آپ کی روح اقدس کے قبض ہونے کے قائل ہی نہیں ہیں۔ ان کے نزدیک آپ کی موت فقط آپ کا عام لوگوں سے مستور ہو جانا ہے۔ چنانچہ ان کا رسالہ موسومہ آبِ حیات اسی مضمون سے لبریز ہے جس کے چند اقتباسات ہدیۂ ناظرین ہیں۔

۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنین کی موت میں بھی مثل حیات فرق ہے۔ ہاں فرق ذاتیت و عرضیت متصور نہیں، وجہ اس فرق کی وہی تفاوت حیات ہے یعنی حیاتِ نبوی بوجہ ذاتیت قابلِ زوال نہیں اور مومنین بوجہ عرضیت قابلِ زوال ہے اس لیے وقت موت حیات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم زائل نہ ہو گی بلکہ مستور ہو جائے گی اور حیاتِ مومنین ساری کی یا آدھی زائل ہو جائے گی سو در صورت

تقابل عدم وملکہ اس استتار حیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تو مثل آفتاب سمجھیے کہ وقت کسوف قمر بے اوٹ میں حسب مزعوم حکمار اس کا نور مستور ہو جاتا ہے زائل نہیں ہوتا یا مثل چراغ خیال فرمائیے کہ جب اس کو ہنڈیا یا مٹکے میں رکھ کر اوپر سے سرپوش رکھ دیجیے تو اس کا نور بالبداہتہ مستور ہو جاتا ہے زائل نہیں ہو جاتا اور دوبارہ زوال حیات مومنین کو مثل قمر خیال فرمائیے کہ وقت خسوف اس کا نور زائل ہو جاتا ہے فقط وہ صقالت وصفائی اصلی باقی رہ جاتی ہے یا مثل چراغ سمجھیے کہ گل ہو جانے کے بعد اس میں نور بالکل نہیں رہتا البتہ روغن یا فلیتہ یا کسی قدر تھوڑی دیر تک سر فلیتہ میں آتش باقی رہ جاتی ہے۔ (آب حیات صفحہ ۱۶۰)

۲۔ حیات نبوی صلی اللہ علیہ وسلم دائمی ہے۔ ممکن نہیں کہ آپ کی حیات زائل ہو جائے اور حیات مومنین عرضی ہے زائل ہو سکتی ہے۔ (آب حیات صفحہ ۱۳۴)

۳۔ ہاں علاقہ حیات انبیاء علیہم السلام منقطع نہیں ہوتا اس لیے ارواح نبوی اور نیز اموال نبوی صلی اللہ علیہ وسلم بدستور آپ کے نکاح اور آپ ہی کی ملکیت میں باقی ہیں اور اغیار کو اختیار نکاح ازواج اور ورثہ کو اختیار تقسیم اموال نہیں بالجملہ موت انبیا اور موت عوام میں زمین و آسمان کا فرق ہے وہاں استتار حیات زیر پردہ موت ہے اور یہاں انقطاع حیات بوجہ عروض موت ہے۔

(آب حیات صفحہ ۱۶۸)

۴۔ اس صورت میں یہ فرق ہاتھ لگا کہ تعلق حیات بدن نبوی صلی اللہ علیہ وسلم قابل انفکاک نہیں۔ پھر موت جسمانی حضرت حبیب ربانی جو کسی طرح قابل انکار نہیں بجز اس کے متصور ہی نہیں کہ حیات مذکور زیر پردۂ موت مستور ہو جائے۔ (آب حیات صفحہ ۱۶۶)

۵۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات دنیوی علی الاتصال اب تک برابر مستمر ہے اس میں انقطاع یا تبدل و تغیر جیسے حیات دنیوی کا حیات برزخی ہو جانا واقع نہیں ہوا۔ (آب حیات صفحہ ۲۷)

۶۔ اس صورت میں صراحۃً اس حدیث سے نفی موت انبیاء نکلتی ہے۔ (آب حیات صفحہ ۳۵)

۷۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ انبیاء بدستور زندہ ہیں۔ (آب حیات صفحہ ۳۶)

۸۔ ان کی موت حیات کی ساتر ہوگی یعنی یہ موت رافع و دافع نہ ہوگی (آب حیات صفحہ ۳۷)

۹۔ یعنی سلامت جد نبوی اور حرمت نکاح ازواج مطہرات اور عدم توریث اموال مقبوضہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں اگر غور کیا جائے تو ایک وہی حیات ہے اور کوئی امر مذکورہ میں سے ہو ہی نہیں سکتا نہ یہ کہ ہو تو سکتا ہے پر ہے نہیں۔ (آب حیات صفحہ ۲۹)

۱۰۔ دوبارہ اثبات حیات مؤیدان میں سے ایک تو وہ روایت جس کا ماحصل یہ ہے کہ جس نے میرے مرنے کے بعد میری زیارت کی تو گویا اس نے جیتے جی میری زیارت کی۔ دوسرے وہ روایت جس کا مضمون یہ ہے کہ جس نے حج کیا اور میری زیارت نہ کی تو اس نے مجھ پر جفا کی۔ تیسرے وہ روایتیں جن سے انبیاء کا قبور میں نماز پڑھنا ثابت ہوتا ہے۔ چوتھے وہ روایت جس سے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا بالخصوص قبر میں نماز پڑھنا ثابت ہے۔ پانچویں معراج شریف کی روایت جس سے انبیاء علیہم السلام کے پیچھے نماز پڑھنا اور بہ ترتیب معلوم آسمانوں میں ان سے ملاقات کا ہونا ثابت ہوتا ہے۔ رہی آیتیں سو ایک تو ان میں سے یہ آیت ہے۔

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۔

کیوں کہ اس میں کسی کی تخصیص نہیں۔ آپ کے ہمعصر ہوں یا بعد کے اُمتی ہوں اور تخصیص ہو تو کیونکر ہو آپ کا وجود تربیت تمام امت کے لیے یکساں رحمت ہے کہ پچھلے اُمتیوں کا آپ کی خدمت میں آنا اور استغفار کرنا اور کرانا جب ہی متصور ہے کہ آپ قبر میں زندہ ہوں اور اگر اہل عصری کے ساتھ یہ فضیلت مخصوص تھی تو آیت اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَ

اَزْوَاجُهُ اُمَّهَاتُهُمْ کے دونوں جملے جدا جدا آپ کی حیات مبارک پر ایسی دلالت کرتے ہیں کہ ان شاء اللہ قرآن کریم کے ماننے والوں کو تو گنجائش انکار رہتی ہی نہیں۔

(آب حیات صفحہ ۴۰)

ناظرین کرام مندرجہ بالا دس فقرات جو مولانا مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانئ دار العلوم دیوبند نے کتاب آب حیات میں رقم فرمائے ہیں ان کی روشنی میں تو جس شخص نے حج کیا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے روضۂ اطہرہ کی زیارت نہیں کی تو اس نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جفا کی یعنی ظلم کیا۔ جو شخص حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام پر جفا کرتا ہے اس نے خدائے عزوجل پر جفا کی۔ اب خدارا آپ ہی انصاف فرمائیں کہ جو لوگ اپنی کج فہمی اور بے راہ روی کے تحت حضور کے روضۂ اقدس کی زیارت کو غیر ضروری بلکہ خدا جانے کیا کیا کہتے ہیں ان لوگوں کا کیا حال ہوگا جس ذات تقدس مآب نے یوم محشر شافع ہو کر عاصیوں کو نجات دلانی ہے ان کو ایذا پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے بلکہ اس کے لیے بضد ہیں۔

فاعتبروا یا اولی الابصار

اسی مبارک مقصد کے پیش نظر اس گنہ گار سیاہ کار، سگِ دربارِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کتاب کی شرح کے لیے کمر ہمت باندھی اگرچہ مجھے اپنی کم علمی اور بے بضاعتی کا پورا پورا احساس واعتراف ہے۔ بھلا کہاں مجھ جیسا بے علم زیاں کار اور ذرۂ ہیچمدان اور کہاں حضرت سرکار مصنف رحمۃ اللہ علیہ ونور اللہ مرقدہ کے علمی ذخائر اور تحقیقی وتدقیقی مسائل اور بے پایاں حوالہ جات کتب حقہ اور لاجواب دلائل قاطع وساطع وبراہین مسجع ومقفیٰ اور پھر ان کی تشریحات مشکل نہیں بلکہ ناممکن تھیں مگر خود حضور نے اپنی مہربانی سے اس کام مشکل کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں راہنمائی فرمائی تو یہ چند اوراق منضبط ہو سکے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ۔

نمونہ ۱۲۰:

استفادہ مختلف النوع از مقابرِ اولیائے عظام رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اس صفحہ پر اولیاء اللہ کے قبورِ مبارکہ سے استفادہ حاصل کرنے اور ان اصحاب القبور کو منجانب اللہ جل جلالہ اختیار امدادی و شفاوی از امراضِ مہلک و دافع بلیات ارضی و سماوی کا حاصل ہونا اور ان اولیاء اللہ سے استعانت و دعائے شفایابی و امورات مشکلہ کا حل ہونا شرح و بسط سے تحریر فرمایا جو محتاج بیان نہیں صرف نمونۃً مشتے از خروارے ہدیہ ناظرین ہے

۱۔ حضرت سید کبیر الدین شاہ دولہ ولی گجراتی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

آپ کے مزار پر انوار پر بے اولاد لوگ جا کر استدعا اولاد کی کرتے ہیں اور پہلی اولاد بشکل چوہا پیدا ہوتی ہے اور اس کے بعد صحیح الجسم اور تندرست قوائے انسانی سے مزین اولاد اللہ جل جلالہ وعم نوالہ بطفیل حضرت شاہ دولہ ولی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سائل کو عطا فرماتا ہے جو تا دورِ حاضرہ جاری و ساری ہے حالاں کہ آپ کی وفات ۱۰۸۱ھ میں ہے زمانہ شاہد ہے کہ اس کرامت کے سامنے بڑے بڑے غیر مقلدین گوڈے ٹیک دیتے ہیں اور کوئی جواب میسر نہیں آتا۔ فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَار۔

۲۔ حضرت پیر شہاب رحمۃ اللہ علیہ:

نزد پنڈی راٹھیاں بر سر سڑک شاہراہِ اعظم ان کا مزارِ پُر انوار ہے اور دردِ ریح کے مریض سواری پر مجبوراً جاتے ہیں اور تندرست و توانا ہو کر واپس لوٹتے ہیں ایک جہان شاہد ہے۔

۳۔ حضرت شاہ وسن رح

جو گوجر خاندان سے منسلک ہیں اور موضع شاہ وسن معہ سبرام پور نزد دینہ اور قلعہ روہتاس اُن کا

مزار مبارک ہے، کم نظر لوگ حاضری دے کر وہاں سے سرمہ لاتے ہیں اور شفایاب ہو کر نعمت بصارت سے نوازے جاتے ہیں۔ و بحمد اللہ۔

۴۔ حضرت شاہ سفیر رحمۃ اللہ علیہ:

علاقہ سوہاوہ نزد سڑک روندہ چکوال ضلع جہلم آپ کا مزار پُر انوار اسی موضع جس کا نام موضع شاہ سفیر ہے اس کا سابقہ نام میانہ موہڑہ تھا مرجع خلائق ہے تمام مبروص اور مجذوم جن کو یہ موذی مرض لاحق ہو وہاں جاتے ہیں اور مرض جس سٹیج پر ہو وہاں ہی رک جاتا ہے۔ اکثر کوڑھی جن کے اعضاء بھی متاثرہ جذام اور برص ایں وہاں پر ہی رہ کر چار دب کشی کرتے ہیں اور متولیان دربار اقدس کے گھر میں بطور خدام بھی وہیں موجود رہتے ہیں۔ کوئی شخص ان متاثرہ افراد سے کراہت نہیں کرتا جو کراہت کرے وہ بھی اس موذی مرض میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ جس کو یقین نہیں وہ وہاں جا کر خود آزمالے میرے کہنے پر عمل نہ کرے پھر نظارہ دیکھ لے۔

فَاعْتَبِرُوْا یٰاُولِی الْاَبْصَارِ!

۵۔ اسد العساکر و المغازی شیر خدا حضرت غازی قلندر دمڑی والہ پیر دستگیر روشن ضمیر مہر منیر بے نظیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ

دربار کھڑی شریف حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ کے روحانی پیر و مرشد اور ہادیٔ گمگشتگاں و راہنمائے سالکاں و عارفاں کا مزار مشارق الانوار مثل ماہ چہاردہ مرجع خلائق و ہجوم زائراں شب و روز بلا تخصیص یوم و ماہ ہے کہ بارگاہ عالیہ پر ہر مشکل اور ہر غرض و استدعا و ہر مرض مہلک و لا دوا کی التجائیں منظور ہوتی ہیں اور مستدعیاں جھولیاں بھر بھر کر مرادیں حاصل کرتے ہیں جو احاطۂ تحریر میں مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے اسی ضمن یہ شعر ارشاد فرمایا جو دروازہ نوری پر کندہ ہے جس کو ہر شخص پڑھتا ہے۔

قابلِ مقبولِ یزداں مظہرِ جُودِ اِلٰہ قبلہ حاجات عالم بارگاہِ پیر شاہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

صفحہ نمبر ۱۲۱ تا ۱۲۶:

ان صفحات پر حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے شرح وبسط سے ختمِ نبوت کے مسئلہ کو اس طرح حل فرمایا کہ اکثر غیر مقلدین کہتے ہیں کہ اللہ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ ہر ایک چیز پر قادر ہے اور اس کی ذات ستودہ صفات کو قدرت ہے کہ جو کچھ چاہے اور جس طرح چاہے پیدا کر سکتا ہے اس لیے حضور ختمی مرتبت سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی اگر چاہے تو نبی پیدا کر سکتا ہے جو کہ سراسر غلط اور لغو عقیدہ ہے چوں کہ حق سبحانہٗ تعالیٰ کے ہر چیز پر قادر ہونے اور نابود کو بود کرنے کے متعلق ہر اہلِ اسلام کا عقیدہ متفق ہے اس کے ساتھ کسی کو اختلاف نہیں ہے رہا سوال نبوت کے اجرا کا اس کے متعلق صحیح اور روشن عقیدہ جس میں سلامتیٔ ایمان وایقان یہی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد نہ کوئی نبی ہو سکتا ہے اور نہ ہی اس کے پیدا ہونے کا کوئی وہم وگمان آ سکتا ہے چوں کہ ارشادِ باری تعالیٰ صریح موجود ہے:

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ
نہیں ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم باپ کسی ایک کا مردوں تمہارے میں سے ولیکن پیغمبر ہے خدا
اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
کا اور ختم کرنے والا تمام نبیوں کا اور ہے اللہ ہر چیز کو جاننے
عَلِيْمًا
(پارہ ۲۲، رکوع ۲)
والا ہے۔

تفسیر موضح القرآن:

حضرت کی اولاد یا لڑکے گذر گئے یا بیٹیاں رہیں کوئی مرد ہوا نہیں یعنی کسی کو اس کا بیٹا نہ جانو مگر رسول اللہ کا ہے اس حساب سے سب اس کے بیٹے ہیں اور پیغمبروں پر مہر ہے اس کے بعد کوئی پیغمبر نہیں۔

دوسری آیت مبارک سورۃ والضحیٰ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی اس میں صرف آخرت اور اولیٰ کے لفظ ارشاد فرمائے جس سے صاف طور پر عیاں ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نور مبارک کو سب سے اول پیدا فرماکر اول ما خلق اللہ نوری کا ارشاد فرمایا اور اس وقت سے لے کر حضورؐ کی بعثت مبارک کے مژدہ ہائے جانفزا جملہ پیغمبران علیہم الصلوٰۃ والسلام کی زبانی موجود مخلوق کو سنائے گئے پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نزولِ اجلال فرمایا تو ذاتِ حق سبحانہٗ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ آفرینش نورِ مجسم سے لے کر آخر تک حضورؐ کا اقتدار عظیم بلند سے بلند تر ہوتا جائے گا جو ظاہر و باہر ہے کس کس قدر مراحل کٹھن اور مشکل حضورؐ کے پیش آئے مگر حضورؐ نے ان کا کس طرح مقابلہ فرمایا حالاں کہ فتح مکہ کے دن جب ابوسفیان سخت نادم ہوا تو اس نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے امداد طلب کی تو آپ نے ارشاد فرمایا وہی بات کہو جو حضرت یوسفؑ کے برادران نے کہی تھی جب ابوسفیان پیش ہوا تو اس نے وہی پڑھا ہوا سبق دھرایا تو حضور رحمۃ للعالمین شفیع المذنبین نے ارشاد فرمایا لَا تَثْرِیْبَ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ یہی ارشاد حضرت یوسف علیہ السلام نے اپنے برادران کو فرمایا تھا چنانچہ عام معافی کا اعلان کیا گیا پھر حضورؐ کی دینی اشاعت روز بروز افزوں ہوتی گئی حتیٰ کہ شیدایانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی جانیں تک آپ پر نچھاور فرمادیں۔ اثاث البیت تو در کنار جان و ایمان آل اولاد تک قربان کر دیا اور آج تک عشاقانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جانیں حضورؐ کے نام پر قربان کرنے کیلئے فخر سمجھتے ہیں اور دن بدن اسلام کی تابانی رُخِ روشن کی طرح درخشندہ و تابندہ ہے۔

اس لیے خاتم النبیین ہونے میں کوئی عذر باقی نہیں۔ صرف چند ایک اشخاص اپنی کج فہمی اور اپنی دکان چمکانے کے لیے اگر چند اعتراضات کے پمفلٹ چھپوا کر راہِ راست سے ورغلانے کی سعی بے سود کریں تو کیا کوئی فرق پڑتا ہے۔

جہاں تک قادرِ مطلق کے اختیارات کا تعلق ہے کہ وہ بغیر ماں باپ کے اولاد بھی پیدا کرنے پر قادر ہے جیسے کہ حضرت آدم علیہ السلام کو بغیر ماں باپ کے پیدا فرمایا اور حضرت حوا سلام اللہ علیہا کو بغیر ماں کے

اور حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو بغیر باپ کے۔ پھر یہ اختیارات کہیں اور استعمال نہ فرمائے، یہ اس لیے کہ میرے اختیارات روزِ روشن کی طرح مخلوق پر عیاں ہو سکیں کہ میں سب کچھ کر سکتا ہوں اور میرے حکم کے آگے کوئی چیز ناممکن نہیں بلکہ میں ناممکن الوجود کو عدم سے لا کر ممکن الوجود بنا سکتا ہوں۔

مَنْ اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّکُوْنَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنَ (یٰسٓ، آخری آیت پ ۲۳)

ہم جس چیز کا ارادہ کرتے ہیں اس کے لیے کہتے ہیں کہ ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔

مگر یہ شے کے متعلق ارشاد فرمایا، نبوت کا مقام اور ہے اور پھر حضور خاتم النبیین کا اس سے بھی بلند و بالا بلکہ ہر فہم رسا بھی اس کے سمجھنے سے قاصر و عاجز ہے اور اس کے متعلق قلم فرسائی کرنا اور دلائل و تاویلات میں پڑنا ایک گونہ گستاخی نہیں بلکہ جرمِ عظیم ہے۔ حضورؐ کی نبوت پیدائشِ نورِ اطہر سے لے کر تا قائم القیامۃ جاری و ساری ہے جو لاریب و لاشک ہے۔

لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِہٖ یہ خدائے عزوجل کا اٹل فیصلہ ہے خاتم النبیین، شفیع المذنبین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی نئی نبوت کا گمان کرنا بھی قریب کفر ہے چہ جائیکہ اس معاملہ میں اعتراضات و جوابات و تاویلات و تشبیہات بیان کی جاویں۔ ایسے ہی غلط عقیدہ اور غلط تاویلات و اقتباسات نے ہی مرزا غلام احمد آنجہانی قادیانی کو نبوت کے مدعی ہونے میں مدد دی جس کے فتنہ نے ہندوستان کے بیشتر علاقوں میں اپنی پذیرائی کروائی اور اہلِ اسلام کے لیے ایک مصیبت کھڑی کر دی جس سے مخلصی تاحال محال ہے۔

اس لیے ہر مسلمان پر فرض ہے کہ وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خاتم النبیین شفیع المذنبین دل و جان سے قبول کر کے ہر دنیاوی اعزا و اقربا سے محبوب تر یقین سمجھتے ہوئے ایمان کامل و یقین واثق سے نجات اُخروی کا توشہ بنائے تاکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام قیامت کے دن اس کی شفاعت کرنے اور نجات دلوانے میں اس کی محبت کو بار آور فرما سکیں۔

آمین ثم آمین

صفحہ نمبر ۱۲۶ تا ۱۲۹ :

ان صفحات میں حضور نے ان اولیائے کرام کے اسمائے مبارک مختصر تحریر فرمائے جنہوں نے اپنے اپنے عہد مبارک میں اسلام کی وہ خدمات سرانجام دیں جو احاطۂ تحریر سے باہر ہیں اور یہاں مختصر اور محدودے چند اصحاب والا اقتدار اولیائے کبار کا ذکر فرمایا کیوں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد کسی نبی کی ضرورت اس لیے نہیں رہی کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ایسے ایسے بزرگ گذرے جن پر انبیائے بنی اسرائیل انگشت بدنداں تھے اور قیامت تک ان پاکبازوں کا اجراء اور ظہور ہوتا ہی رہے گا ان شاء اللہ تعالیٰ

حضرت خواجہ حسن بصری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اجازتِ بیعت حاصل فرما کر جملہ سلسلہ قادریہ و چشتیہ و سہروردیہ کے بانی ہوئے۔ آپ کی ولدیت موسیٰ راعی ہے۔ مدینہ منورہ میں سنہ ۲۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۵ رجب سنہ ۱۱۰ھ میں وفات پائی۔ قدیم رہائش بصرہ تھی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سید الطائفہ ابوالقاسم حضرت شیخ جُنید بغدادی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کی کنیت مبارک ابوالقاسم ہے اور آپ کا لقب قواریری اور زجاج و خرّاز ہے۔ زجاج اس لیے کہتے ہیں کہ آپ کے والد مبارک شیشہ بیچا کرتے تھے اور تاریخ یافعی میں ہے کہ خراز خار معجمہ اور رامشددہ کے ساتھ ہے اور خراز اس لیے آپ کو کہا جاتا ہے کہ آپ ریشم کا کام کرتے تھے آپ دراصل نہاوند کے رہنے والے تھے اور پیدائش بغداد کی تھی۔ ابو ثور کا مذہب رکھتے تھے جو امام شافعی کے بڑے شاگردوں میں ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ سفیان ثوری کا مذہب رکھتے تھے۔ سری سقطی اور حارث محاسبی و محمد قصاب کی صحبت میں رہے ہیں اور ان کے شاگردوں میں سے ہیں آپ

صوفیوں کے امام و سردار ہیں خراز رویم و نوری و شبلی وغیرہم سب آپ کی طرف نسبت درست فرماتے تھے۔ ابوالعباس عطار فرماتے ہیں:

امامنا فی ھذا العلم و مرجعنا المقتدی بہ الجنید

جنید ہمارے اس علم میں امام مرجع اور ہمارے پیشوا ہیں

رسالہ قشیریہ میں طبقات اور تاریخ یافعی میں ہے کہ آپ کا وصال ۲۹۸ھ یا ۲۹۹ھ میں ہوا۔

حضرت ابوبکر شبلیؒ

آپ چوتھے طبقہ کے ہیں جن کا نام جعفر بن یونس ہے بعض کہتے ہیں کہ دلف میں جعفر ہے بعض دلف بن جحدر کہتے ہیں۔ بغداد میں ان کی قبر پر جعفر بن یونس لکھا ہوا ہے۔ شیخ الاسلام کہتے ہیں کہ آپ مصر کے رہنے والے ہیں۔ بغداد میں آئے اور خیر نساج کی مجلس میں آکر توبہ کی جنیدؒ کے شاگرد ہیں عالم فقیہ اور فاضل واعظ تھے۔ مالکی مذہب پر تھے۔ موطا امام مالک حفظ کیے ہوئے تھے آپ کا والد خلیفہ کا بڑا دربان تھا اور طبقات السلمی میں ہے کہ آپ خراسانی الاصل ہیں، بغداد کی پیدائش ہے اور دراصل اشروشنہ کے رہنے والے ہیں جو کہ فرغانہ میں سے ہے اور مولد ان کا بقول اور بعض کے نزدیک سامرہ ہے۔ حضرت جنید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں:

لاتنظروا الی ابی بکر الشبلی بالعین التی تنظر بعضکم

شبلی کی طرف اس آنکھ سے مت دیکھو کہ جس سے تم ایک دوسرے کو دیکھتے

الی بعض فانہ عین من عیون اللہ

ہو کیونکہ وہ خدائے عزوجل کی آنکھوں میں سے ایک آنکھ ہے

ہو گی۔ ۸۷ سال کی تھی ۳۳۴ھ کو ذی الحجہ کے مہینے میں دنیا سے انتقال کیا ہے۔ رضی اللہ عنہ۔

سری بن المغلس سقطی رضؓ

آپ پہلے طبقہ میں ہیں آپ کی کنیت ابوالحسین ہے آپ حضرت جنیدؒ اور تمام بغدادیوں کے استاد ہیں۔ حارث محاسبی اور بشر حافی کے ہمعصر ہیں اور معروف کرخی کے شاگرد ہیں جو لوگ کہ دوسرے طبقہ کے ہیں اکثر ان کی طرف منسوب ہے۔ ۲۰؍ رمضان منگل وار کی صبح کے وقت ۲۵۳ھ میں ان کا انتقال ہوا حضرت جنید رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں

ما رايت اعبد من السرى اتت عليه سبعون سنة

یعنی میں نے سری سے بڑھ کر کسی کو عابد نہیں دیکھا ۷۰ سال ہو گئے کہ میں نے

ما رانى مضطجعا الا فى علة الموت۔

کبھی سوا مرض موت کے اس کو لیٹا ہوا نہیں دیکھا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت ابراہیم بن ادھم رحؒ

آپ پہلے طبقہ میں ہیں آپ کی کنیت ابو اسحٰق ہے آپ کا نسب یوں ہے۔ ابراہیم بن ادھم بن سلمان بن منصور بلخی آپ شہزادوں میں سے ہیں۔ مکہ معظمہ میں حضرت سفیان ثوری فضیل بن عیاض ابو یوسف غسولی سے صحبت رکھی پھر شام میں گئے وہاں ہی ۱۶۱ھ یا ۱۶۲ھ بعض کہتے ہیں ۱۶۶ھ میں وفات ہوئی اور یہی زیادہ مشہور ہے۔ رضی اللہ عنہ

ابوالحسن نوری قدس سرہٗ

آپ دوسرے طبقہ میں سے ہیں اور آپ کا نام احمد ابن محمد ہے کہتے ہیں کہ محمد بن محمد اور احمد

زیادہ صحیح ہے۔ ابن بغوی کی کنیت سے زیادہ مشہور ہیں آپ کا والد بغشور شہر کا رہنے والا تھا جو کہ ہرات و مرو کے مابین ہے۔ آپ کی پیدائش بغداد کی ہے۔ حضرت سری سقطی محمد بن علی قصاب اور احمد بن الحواری کی صحبت میں رہے ہیں اور ذوالنون مصری کو دیکھا ہے۔ حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کے ہمزمانہ ہیں لیکن ان سے وقت تیز رکھتے تھے۔ جنید علم میں بڑھ کر تھے اور نوری ان کی زندگی میں مشورہ کے قابل تھے۔ حضرت جنید بغدادیؒ سے پہلے ۲۹۵ھ میں انتقال فرمایا اور تاریخ یافعی میں ہے کہ ۲۸۶ھ میں فوت ہوئے ہیں۔ حضرت جنیدؒ فرماتے ہیں کہ نوری کے انتقال سے آدھا علم جاتا رہا۔ نوری ہاتھ میں تسبیح رکھتے تھے ان کو لوگوں نے کہا کہ تستجب الذکر یعنی اس تسبیح سے چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری یاد میں رہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا لا بل الستجب الغفلة یعنی ذکر نہیں بلکہ غفلت ڈھونڈھتا ہوں۔ پھر ارشاد فرمایا کہ:

نظرت یوما الی النور فلم ازل انظر علیه حتی صرت

میں نے ایک دن نور کی طرف دیکھا پھر میں ہمیشہ اس کو دیکھتا رہا یہاں تک کہ

ذالك النور۔

وہ پورا نور بن گیا۔

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سہل بن عبداللہ تستریؒ

آپ دوسرے طبقہ میں سے ہیں۔ آپ کی کنیت ابو محمد ہے۔ اس گروہ اور گروہِ علماء کے بڑے بڑے لوگوں میں سے ہیں یہ امام ربانی ہوئے ہیں۔ ان کے حالات قوی تھے۔ ذالنون مصریؒ کے شاگرد ہیں اور اپنے ماموں محمد بن عوار کی صحبت میں رہے ہیں۔ حضرت جنید بغدادیؒ کے ہمعصر ہیں اور

ان سے پہلے محرم ۲۸۳ھ میں فوت ہوئے ان کی عمر مبارک اسی سال کی ہوئی ہے

آپ فرماتے ہیں کہ جو شخص صبح کو اٹھے اور اس کی ہمت یہ ہو کہ کیا کھائے گا اس سے ہاتھ دھو بیٹھو اور یہ بھی فرمایا کہ شیطان بھوکے سوئے ہوئے سے کوسوں دور بھاگتا ہے۔ پھر ارشاد فرمایا کہ وہ شخص اچھا ہے جو خدا کے دوستوں کو ڈھونڈتا ہے۔ کہتے ہیں کہ ان کے مریدوں میں ایک بے ریش جوان تھا اس نے شیخ سہل سے داڑھی کی درخواست کی۔ آپ نے فرمایا کہ ہاتھ رکھ کہاں تک چاہتا ہے۔ جب اس نے ہاتھ رکھا تو اچھی داڑھی اس کے ہاتھ میں آگئی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سیدعلی بن عثمان بن علی الجلالی الہجویری یعنی حضرت داتا گنج بخش لاہوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کی کنیت مبارک ابوالحسن ہے عالم اور عارف تھے شیخ ابوالفضل بن حسن ختلی کے مرید تھے۔ دیگر بڑے بڑے مشائخ کی صحبت میں رہے۔ صاحب کشف المحجوب ہیں جو کہ آپ پر ایک روشن دلیل ہے جس میں لطائف اور حقائق کا ایک سمندر موجزن ہے۔ تشنگان حقیقت کے لیے اس سے ایک قطرہ بھی کافی ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی غوث الصمدانی قندیل نورانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضورؓ کی کنیت مبارک ابو محمد ہے۔ سید علوی حسنی ہیں ابو عبداللہ صومعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حسینی سید کے نواسہ ہیں آپ کی والدہ ماجدہ عفیفہ زاہدہ عابدہ ام الخیر امۃ الجبار فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ابو عبداللہ صومعیؒ کی صاحبزادی ہیں وہ ارشاد فرماتی ہیں کہ جب میرا فرزند سید عبدالقادر پیدا ہوا تو رمضان میں دن کو کبھی دودھ نہ پیتا تھا۔ ایک دفعہ رمضان کا ہلال ابر کی وجہ سے چھپ گیا لوگوں نے آپ کی والدہ ماجدہؓ سے پوچھا تو انہوں نے ارشاد فرمایا آج آپ نے دودھ نہیں پیا معلوم ہوا کہ رمضان مبارک کا دن تھا نہ کہ عید کا۔

آپ کی ولادت باسعادت ۴۷۱ھ میں ہوئی اور وفات ۵۶۱ھ میں حضور ارشاد فرماتے ہیں کہ میں چھوٹا تھا۔ عرفہ کے دن جنگل میں گیا، ایک گائے کو دیکھا اور اس کا دم پکڑا۔ اس گائے نے منہ موڑ کر کہا، اے عبدالقادرؓ!

مَا لِهٰذَا خُلِقْتَ وَلَا بِهٰذَا اُمِرْتَ

حضورؓ آپ کو اس لیے پیدا فرمایا گیا ہے اور نہ ہی اس کا حکم کیا گیا ہے۔

دیگر حضور کی کرامات خوارق اور وعظ جن سے کروڑوں لوگ مشرف باسلام ہوئے اور آج تک ہو رہے ہیں کا کوئی شمار واحصار نہیں اور نہ ہی یہ مختصر ان حالات کا متحمل ہو سکتا ہے اس لیے حضور پر درود وسلام پڑھ کر حالات کو ختم کرتا ہوں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حضرت شیخ بہاء الحق بہاء الدین ذکریا ملتانی رحمۃ اللہ

رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ نے ظاہری علوم کی تحصیل و تکمیل کی تھی بعد اس کے پندرہ سال تک علوم کے درس و افادہ میں مشغول رہے۔ ہر روز ستر عالم فاضل آپ سے استفادہ کرتے تھے۔ آپ نے حج کا ارادہ فرمایا۔ واپسی پر بغداد میں پہنچے اور حضرت شیخ شہاب الدین عمر سہروردی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خانقاہ میں قیام فرمایا اور ان کے مرید ہوئے یہ تمام مرتبہ و کمال اسی آستانہ عالیہ کی بدولت ہے۔ آپ نے حضرت پیران پیر دستگیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی صحبت برکت حاصل کی۔ شیخ فخر الدین عراقی اور امیر حسینی رحمہما اللہ علیہ کے شیخ ہیں۔ آپ کے بعد حضرت شیخ صدر الدین نوری فرزند ارجمند تھے آپ کے مسند ارشاد کو زینت بخشی۔ امیر حسینی کنز الرموز میں ہر دو بزرگوں باپ بیٹا کے شان میں یوں مدحت سرائی فرماتے ہیں

شیخ ہفت اقلیم قطب اولیاء — واصل حضرت ندیم کبریاء

مفخر امت بہائے شرع متین — جان پاکش منبع صدق و یقین

از وجودِ او بہ نزدِ دوستاں جنّتُ الماویٰ شدہ ہندوستاں
من کہ او از نیک واز بد تاختم ایں سعادت از قبولش یافتم
رخت ہستی چوں بروں بُرد از میاں کرد پروانے ہمایش زاشیاں
واں بلند آوازۂ عالم پناہ سرورِ عصر افتخارِ صدرگاہ
صدرِ دین و دولت آں مقبولِ حق نہ فلک بر خوانِ جودش یک طبق

(کنز الرموز مصنفہ امیر حسینی رحمۃ اللہ علیہ)

شیخ ضیاء الدین ابو نجیب عبد القاہر سُہروردی قدس اللہ سرہٗ

آپ ظاہری و باطنی علوم میں کمال درجہ میں تھے۔ آپ کی تصنیف و تالیف بہت ہیں آپ کا نسب بارہ واسطوں سے حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ملتا ہے اور نسبت طریقہ میں شیخ احمد غزالی سے ہیں۔ آپ کے ایک مرید ارشاد فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت شیخ ممدوح الصدر بازارِ بغداد میں جارہے تھے کہ قصاب ایک بکری کو کاٹ رہا تھا ہم وہاں کھڑے ہو گئے۔ آپ فرمانے لگے کہ یہ بکری یوں کہتی ہے کہ میں مُردہ ہوں حلال شدہ نہیں ہوں۔ قصاب نے جونہی یہ فقرہ مبارک حضور کی زبانِ فیض ترجمان سے سنا بیہوش ہو کر گر پڑا جب ہوش میں آیا تو اس نے آنجناب کی تصدیق کی اور پاؤں پر گر پڑا اور توبہ کی۔ آپ نے ۵۲۳ھ کے مہینوں میں انتقال فرمایا۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت شیخ شہاب الدین عمر سہروردی قدس اللہ سرہٗ

آپ کا مقام وہم و خیال سے بالاتر ہے جن کے متعلق حضرت امام یافعی رحمۃ اللہ علیہ ایسے القاب سے ملقب فرماکر مخاطب فرمارہے ہیں جو درج ذیل ہیں

اُستادِ زمانہ، فریدِ آوانہ، مطلع الانوار، منبع الاسرار، دلیل الطریقہ، ترجمان الحقیقت، استاد الشیوخ الاکابر الجامع، بین علمی الباطن والظاہر، قدوۃ العارفین عمدۃ السالکین، العالم الربانی، شہاب الدین ابو حفص عمر بن محمد البکری السہروردی قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ۔

غور فرماویں کہ حضرت ابوالسعادات عفیف الدین عبداللہ بن اسعد یافعی یمنی حرمین الشریفین کے رہنے والے ہیں جو آپ کو ان خطابات سے مخاطب فرما رہے ہیں، سبحان اللہ۔

ممدوح الصدر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد مبارک سے ہیں اور تصوف میں آپ کا نسب اپنے چچا ابوالنجیب سُہروردی سے ملتا ہے اور حضرت سیدنا عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں بھی رہ کر فیض حاصل کیا اور بہت سے مشائخ کو ملے ہیں۔ کہتے ہیں مدت تک بعض ابدال کے ساتھ عبادان کے جزیرہ میں رہے ہیں۔ حضرت خضر علیہ الصلوٰۃ والسلام سے ملاقات کی ہے۔ حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو ارشاد فرمایا:

انت اٰخر المشهورين بالعراق۔

آپ ان بزرگوں کے آخر ہیں جو عراق میں مشہور ہوں گے

آپ کی تصنیفات اشف النصائح، اعلام الہدیٰ وغیرہ وغیرہ۔ عوارف المعارف کو مکہ معظمہ میں تصنیف فرمایا۔ جب آپ کو کوئی مسئلہ مشکل سامنے آتا تو آپ خدائے تعالیٰ کی طرف رجوع فرماتے اور بیت اللہ شریف کا طواف کرتے تو مسئلہ خود بخود حل ہو کر سامنے آجاتا۔ رسالہ اقبالیہ میں لکھا ہے کہ شیخ رکن الدین علاء الدولہ نے کہا ہے کہ لوگوں نے حضرت شیخ سعد الدین حموی سے پوچھا کہ شیخ محی الدین ابن عربی کو آپ نے کیسا پایا ہے، ارشاد فرمایا:

بحر مواج لا نهاية له

وہ ایک موجزن سمندر ہیں جس کی انتہا نہیں ہے۔

پھر پوچھا کہ شیخ شہاب الدین عمر سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کو کیسا پایا فرمایا:

نور متابعة النبي صلى الله عليه و سلم في جبين السهروردي

سہروردی کی پیشانی مبارک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت کا نور ایک

شيء أخر۔

اور ہی قسم کا نور ہے۔

آپ کی ولادت ماہ رجب ۵۳۹ھ میں ہوئی اور وفات ۶۳۲ھ میں ہوئی۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حضرت خواجہ بہاء الحق والدین نقشبند قدس اللہ سرہ العزیز

آپ کا اسم مبارک محمد بن محمد بخاری ہے اور آپ کو خواجہ محمد بابا سماسی رحمۃ اللہ علیہ سے فرزندی کی مقبول نظری ہے اور بظاہر آداب طریقت کی تعلیم سید امیر کلال رحمۃ اللہ علیہ سے جیسا کہ جملہ کتابوں میں درج ہے لیکن حقیقت میں آپ اویسی تھے اور روحانی تربیت حضرت خواجہ عبدالحق غجدوانی رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی۔ آپ فرماتے ہیں کہ شروع حال جذبہ کے غلبہ میں میں ایک رات بخارا کے تین متبرک مزارات پر پہنچا، ہر مزار پر ایک چراغ روشن دیکھا، چراغ دان میں پورا روغن اور فتیلہ ہے لیکن بتی کو تھوڑی حرکت چاہیے تاکہ روغن باہر آجائے اور اچھی طرح روشن ہو جائے۔ آخری مزار پر میں قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر بیٹھ گیا اس میں ایک غیبی توجہ ہوئی۔ میں نے دیکھا کہ قبلہ کی دیوار پھٹ گئی ہے اور ایک بڑا تخت ظاہر ہوا ہے۔ ایک سبز پردہ اس پر تنا ہوا ہے اس کے گرد اگرد ایک جماعت جلوہ فگن ہے۔ میں نے خواجہ محمد بابا کو ان کے درمیان دیکھا تو پہچان لیا۔ میں نے سمجھ لیا کہ آپ وفات پا چکے ہیں۔ اس جماعت میں سے ایک نے مجھے کہا کہ تخت پر خواجہ عبدالخالق غجدوانی تشریف فرما ہیں اور یہ تمام جماعت ان کے خلفاء ہیں، ہر ایک کی طرف اشارہ کیا اور کہا کہ یہ خواجہ احمد صدیقی ہیں، یہ خواجہ اولیائے کلاں خواجہ عارف ریوگری ہیں۔

اور یہ خواجہ محمود الخیری فغنوی ہیں اور یہ خواجہ علی رامینی قدس اللہ تعالیٰ ارواحہم جب خواجہ محمد بابا تک پہنچا پھر کہا گیا کہ تم نے ان کو زندگی میں دیکھا ہوا ہے یہ تمہارے شیخ ہیں تم کو انہوں نے ہی کلاہ دی تھی اور تجھ کو وہ بزرگی عطا فرمائی ہے، کہ بلا اتری ہوئی تیری دعا سے رفع ہو گی اس پر میں نے حضرت بابا کو سلام کیا تو انہوں نے ازراہِ کرم تصوف کے باب میں کچھ ارشاد فرمایا جو میرے لیے کافی ووافی تھا اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ جو تین چراغ تمہیں دکھائے گئے وہ اس بات کا اشارہ اور مژدہ ہیں کہ تم کو اس راہ پر چلنے کی استعداد اور قابلیت ہے لیکن استعداد کے فتیلہ کو حرکت دینی چاہیے تاکہ روشن ہو جائے اور اسرار کا ظہور ہو جائے یہ فرمایا، پھر آپ نے فرمایا کہ:

جذبة من جذبات الحق توازی عمل الثقلین

خدائے عزوجل کے جذبوں میں سے ایک جذبہ جن وانس کے اعمال صالح سے برتر وافضل ہے میں اس سعادت سے مشرف ہوا ہوں۔

از دروں شو آشنا و ز بروں بیگانہ وش

اپنے اندر سے واقف ہو اور بیرونجات سے ناواقف

ایں چنیں زیبا روش کم مے بود اندر جہاں

ایسی موزوں چال اس جہان میں کم پائی جاتی ہے

جب آپ کا انتقال ہوا تو حضرت ابوسعید ابوالخیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لوگوں نے پوچھا کہ آپ کے جنازہ کے سامنے کونسی آیت پڑھیں، آپ نے فرمایا آیت پڑھنی تو بڑا کام ہے،

یہ بیت پڑھ دینا:

چیست ازیں خوب تر درہمہ آفاق کار

اس جہاں میں اس سے بہتر کوئی کام نہیں ہے

دوست رسد نزد دوست یار بنزدیک یار

کہ دوست دوست کے نزدیک اور یار یار کے نزدیک

جب آپ سے سوال کیا گیا کہ آپ کے جنازے کے ساتھ کیا پڑھا جاوے تو آپ نے ارشاد فرمایا:

مفلسانیم آمدہ در کوئے تو شیئاً للہ از جمالِ روئے تو

غریبوں کی طرح آپ کی گلی میں حاضر ہوا خدا کے لیے جمال لازوال سے نواز دو

آپ کی وفات پیر کی شب ۲ ربیع الاول ۵۹۱ھ میں ہوئی ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت شیخ ابو الجناب نجم الدین کبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

آپ کی کنیت ابوالجناب اور آپ کا اسم مبارک احمد بن عمر خیوقی ہے اور لقب کبرٰی کہتے ہیں کہ آپ کو کبریٰ اس لیے کہا گیا ہے کہ جوانی کے عالم میں جب کہ آپ علم کی تحصیل میں مشغول تھے جس سے مناظرہ مباحثہ فرماتے غالب آتے تھے اسی وجہ سے آپ کا نام طامۃ الکبریٰ پڑ گیا یعنی بہت بڑی بلا پھر یہ لقب مبارک آپ کے اصلی اسم مبارک پر غالب آگیا اور اس کے بعد طامۃ کا لفظ حذف کر دیا گیا اور کبریٰ باقی رہ گیا یعنی نجم الکبراٰ جو کہ کبیر کی جمع تکسیر ہے۔ امام یافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تاریخ میں ایسا ہی لکھا ہوا ہے۔ آپ کو شیخ ولی تراش بھی کہتے تھے کیوں کہ جذبہ کے عالم میں جس پر نظر پڑ جاتی وہ ولایت کے درجہ تک پہنچ جاتا۔

ایک دن ایک سوداگر سیر کی خاطر حضرت کی خانقاہ میں آیا آپ اس وقت جذبہ کی حالت میں تھے معاً اس سوداگر پر نظر پڑی وہ ولایت کے درجہ تک پہنچ گیا پوچھا کہاں کے رہنے والے ہو اس نے اپنا

پتہ بتایا۔ آپ نے سندِ خلافت اس کو دے کر فرمایا جاؤ لوگوں کو راہِ حق بتاؤ۔

ایک دن شیخ اپنے عقیدتمندوں میں تشریف فرما تھے کہ باز نے مولہ کا پیچھا کیا ہوا تھا۔ اب کہ نظر کیمیا اثر اس موے پر پڑ گئی اس نے باز کو پکڑا اور سیدھا آپ کے قدموں میں باز کو گرا دیا۔

ایک دن اصحاب کہف کے بارے میں گفتگو ہو رہی تھی کہ حضرت شیخ سعد الدین حموی رحمۃ اللہ علیہ جو آپکے مریدوں میں سے ہیں دل میں خیال فرمایا کہ آیا اس امت میں بھی کوئی ایسا شخص ہے کہ جس کی صحبت کتے پر اثر انداز ہو سکے۔ حضورؒ نے اپنی فراستِ ولایت سے ان کے دل کی کیفیت کو بھانپ لیا آپ اُٹھے اور خانقاہ کے دروازے پر جا کر کھڑے ہو گئے۔ اتفاقاً ایک کتا وہاں پر آ گیا اور کھڑا ہو گیا اپنی دم ہلاتا تھا۔ شیخ کی نظرِ تلطف اس پر پڑ گئی وہ متحیر و بے خود ہو گیا شہر سے منہ پھیر کر قبرستان میں چلا گیا زمین سے سر ملتا تھا یہاں تک وہ کہتے ہیں کہ وہ جدھر جاتا تھا پچاس ساٹھ کُتے اس کے گرد حلقہ بنا لیتے تھے۔ اور ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بڑے ادب سے بیٹھ جاتے اور آواز سے نہ بولتے تھے اور نہ کچھ کھاتے نہ پیتے بلکہ عزت کے ساتھ کھڑے رہتے۔ آخر تھوڑے دنوں میں وہ کتا مر گیا۔ شیخ نے حکم فرمایا کہ اس کو دفن کریں اور اس کی قبر پر عمارت بنائیں۔ اسی واقعہ کی نسبت حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب ہدایت المسلمین جس کی شرح کی جا رہی ہے حوالہ درج فرمایا، صفحہ ۱۲۸، سطر ۴ جو کتاب کے اصل اندراج میں موجود ہے اور فقیر راقم الحروف نے حاشیہ پر کتاب نفحات الانس کا حوالہ دیا ہے۔

فتنہ تاتار میں اپنے مریدوں کے ہمراہ جہاد میں شہادت پائی اور آپکے دستِ حق پرست میں ایک کافر کا جھنڈا آ گیا آپ نے مضبوطی سے پکڑا، شہادت کے بعد دس کافروں نے زور لگایا مگر ہاتھ سے جھنڈا نہ چھڑا سکے چنانچہ پھریرا کاٹ دیا گیا، اسی کے تحت حضرت مولانائے روم مست بادہ قیوم اپنی غزلیات میں ارشاد فرماتے ہیں،

کہ:

ماازاں محتشانم کہ ساغر گیرند نہ ازاں مفلسگاں کاں بز لاغر گیرند

ہم وہ محتشم ہیں کہ جامِ محبت پکڑتے ہیں نہ وہ کنگال ہیں جو کہ کمزور بھیڑوں کو پکڑتے ہیں

بیکے دست مئے خالصِ ایماں نوشند بیکے دستِ دگر پرچم کافر گیرند

ایک ہاتھ سے ایمان مستحکم کا شراب خالص پیتے ہیں اور دوسرے میں کافر کا جھنڈا پکڑتے ہیں۔

آپ کے مریدانِ باصفا میں حضرت شیخ مجد الدین بغدادی، شیخ سعد الدین حموی اور بابا کمال جخندی جو حضرت شمس تبریزی کے پیر ہیں اور شیخ رضی الدین علی لا۔لا، شیخ سیف الدین باخرزی، شیخ نجم الدین رازی شیخ کمال جمال الدین کیل، بعض کہتے ہیں کہ حضرت مولانا بہاؤ الدین والد مبارک حضرت مولانائی رومی بھی انہی کے مرید ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

آپ کی شہادت ۶۱۸ھ کے مہینوں میں ہوئی ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حضرت سید علی امیر کبیر ہمدانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ کے صفحہ ۱۲۴ پر ارشاد فرماتے ہیں:

وبعدہٗ فریضہ نماز بگزارد وچوں سلام — یعنی پھر صبح کے فرض پڑھے جب سلام پھیرے

وبدیہ اورادِ فتحیہ خواندن مشغول شود — اور اورادِ فتحیہ پڑھنے میں مشغول ہو جائے کہ وہ ایک

کہ از تبرکات انفاس ہزار وچہار صد ولی	ہزار چار سو ولی کامل کے متبرک کلام کا مجموعہ
کامل جمع شدہ است و فتح ہر یک از آں	ہے اور فتح پر ایک ولی کی اس کے ایک ایک
کلمہ بودہ است ہر کہ از سر حضور ملازمت	کلمہ سے ہوئی ہے جو حضوری کے ساتھ اس
نماید برکت وصفائی آں مشاہدہ خواہد	کا پڑھنا اپنے اوپر لازم کرے، اس کی
نمود واز ولایت ہزار وچہار صد ولی	برکت وصفائی کا مشاہدہ کرے گا اور چودہ
نصیب یابد۔	سو ولی کامل کی ولایت سے حصہ پائے گا اور
	فیضیاب ہوگا۔

اور اسی کتاب میں شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ارشاد فرماتے ہیں، کہ اورادِ فتحیہ وہ وظائف کا مجموعہ ہے کہ جب حضرت سید علی امیر کبیر ہمدانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیت المقدس کی زیارت کو گئے تو وہاں ان کو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوئی اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اورادِ فتحیہ پڑھنے کے لیے ارشاد فرمایا سید علی امیر کبیر ممدوح الصدر ہمدان کے بادشاہ کے صاحبزادہ سید النسب تھے، جوانی کے عالم میں شوقِ شکار میں ایک ہرن کے پیچھے گھوڑا دوڑایا حتیٰ کہ اپنے ساتھیوں سے بچھڑ گئے، وہ ہرن ایک غار میں داخل ہو گیا جو پہاڑ الوند کے نام سے مشہور ہے اور ہمدان شریف کے قریب ہے۔ جب آپ دہانِ غار پر پہنچے اور گھوڑا باہر باندھا، خود اندر تشریف لے گئے کیا دیکھتے ہیں کہ اندر سے غار ایک مکان نما ہے اور ایک بزرگ سفید ریش بہت بڑی عمر کے بیٹھے ہوئے، ذکرِ الٰہی میں مشغول ہیں اور ساتھ آگ روشن ہے جب ان بزرگ کی نظر کیمیا اثر آپ پر پڑی تو بیتابی سے اٹھ کر آپ کی پیشانی چومی اور فرمایا علی بڑی دیر سے آئے ہو، میں تمہارا انتظار کرتے کرتے تھک گیا اور خود ہی اپنے حالات بیان کرنا شروع فرما دیے ارشاد فرمایا میرا نام سعید ہے اور مجھے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش یاد ہے بلکہ میری موجودگی میں ہوئی پھر سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے

والدگرامی اور والدہ عظامی کا جب نکاح ہوا اور خطبہ نکاح حضرت عبد المطلب نے پڑھا تو میں اس نکاح میں موجود تھا۔ سید علی امیر کبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سنتے رہے یکایک آپ کی حالت شہزلوگی سے مبدل بالفقر ہوگئی اور آپ نے عجیب قسم کا نور دیکھا، غار سے باہر آئے تو آپکے والد ماجد بمعہ ان کے ماموں کے منتظر کھڑے تھے۔ آپ کی حالت دیکھتے ہی آپکے والد ماجد نے ان کو ماموں جان کے سپرد فرما دیا جن کا اسم سید علاء الدولہ تھا وہ بھی خدا رسیدہ بزرگ تھے انہوں نے ان کی تعلیم ظاہری و باطنی پہ اپنی نظر مبارک مرکوز رکھی۔ پھر آپ اپنے زمانہ کے ولی کامل اور اہل باطن ہو گئے، اسی حال میں کشمیر تک سفر فرمایا وغیرہ وغیرہ، رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

حضرت مرید خان المعروف جناب حاجی بگا شیر درکالی معموری تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضور کے مفصل حالات کتاب تذکرہ مقیمی مصنفہ حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ میں موجود ہیں۔ آپ کا اسم مبارک مرید خاں اور خاندان گکھڑ کے ممتاز فرد ہونے کے علاوہ شاہان مغلیہ کے دور میں چار ہزاری منصب پر دہلی سپہ سالار لشکر تھے، حضرت غازی قلندر پیر دمڑیالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ازراہ کشف یاد فرمایا تو آپ تمام دنیوی علائق جاہ و حشمت چھوڑ کر آپ کی خدمت میں بمقام ملوٹ ضلع میرپور موجودہ آزاد کشمیر حاضری سے فیضیاب ہوئے اور ایک ہی نظر کیمیا اثر سے دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو گئے۔ صحرا نوردی و بیابان پیمائی میں ہی کسی سے حضرت پیر دمڑیالہ کی وفات حسرت آیات کا سنا، پیر روشن ضمیر کی جدائی نے نڈھال کر دیا، مزار مبارک پر حاضری دی، ارشاد ہوا جاؤ لمبے سفر کو جس سے مراد حج بیت اللہ شریف تھا، کہتے ہیں آپنے پاپیادہ سات مرتبہ حج بیت اللہ شریف و زیارت روضہ اطہرہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سعادت حاصل فرمائی۔ ہزارہا تشنگان کو جام حقیقی سے سیراب فرمایا اور کرامات و خوارق بے حد و بے عدد تواتر سے آپ کی ذات ستودہ صفات سے صادر ہوئیں۔ حضور کا سن وفات

۱۲۰۰ھ ہے اور روضہ مطہرہ درکالی معوری تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی میں مرجع خلائق ہے۔ رضی اللہ عنہ

حضرت صاحبزادہ عبدالحکیم صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ ساکن چکڑالی صاحبزادگان ضلع راولپنڈی

آپ حضرت حاجی صاحب ممدوح الصدر کے خلیفہ اخلف ہیں ان کا مزار مبارک قلعہ سنگھنی متصل چکڑالی شریف ضلع راولپنڈی میں زیارت گاہ خواص و عام ہے۔ آپ کے مزار مبارک کے سر کی طرف ایک سوراخ ہے جو تقریباً ۴ انچ گول ہے اور جس سے ہوا آتی ہے جس کا ایک راز ہے جو عوام پر ظاہر کرنا سوئے ادب ہے۔ انہی کے متعلق حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے تحریر فرمایا ہے کہ شاہ محمد عبداللطیف بری نور پور شاہاں کے مزار مبارک پر زیارت کے لیے تشریف لے گئے۔ تو آپ نے ظاہری جمال سے آپ کے دیدۂ منور کو مستفید فرمایا جس پر ایک طالب نے عرض کی حضرت مجھے بھی اس دیدار سے منور فرمانے کے لیے عرض کریں چنانچہ اس مرید نے جب دیکھا تو بے ہوش ہو کر گر پڑا، جب تک زندہ رہا اس دیدار کی چاشنی سے بے خود و بے سدھ ہی رہا۔ آپ کی وفات حسرت آیات کے متعلق کوئی ثقہ روایت تو ہے نہیں البتہ حضرت پیر و مرشد قبلہ حاجی بگا شیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وصال کے بعد کافی عرصہ حیات رہے۔

رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ وَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمْ اَجْمَعِیْنَ

دیگر حضرات علیہم السلام والتحیات کے بے شمار حالات ہیں جو اس مختصر میں سما ہی نہیں سکتے، چنداں بزرگوں کے اسمائے مبارک کے حالات قلمبند کر کے صرف تبرک حاصل کیا ہے ورنہ ان کا شمار و احصار مشکل نہیں بلکہ ناممکن ہے جنہوں نے اپنے اپنے عہد میں توحید اور رسالت کو مضبوطی سے تھامے رکھا اور جس طرف بھی نظر کرم فرمائی لوگوں کی تقدیریں بدل دیں۔ اور مے توحید کے خُموں کے خُم لنڈھاتے اور تشنگان ہدایت کو سیراب و فیض یاب فرماتے ہوئے اپنی عمریں صرف فرمادیں، اس کفر کدہ

ہندوستان میں حضرت داتا گنج بخش لاہوری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت حسین زنجانی کے بعد ایسی شمع رسالت فروزاں فرمائی کہ قیامت تک جاری و ساری رہے گی۔ پھر حضرت خواجہ اجمیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کی اتباع فرماتے ہوئے ہندوستان کے ناف یعنی اجمیر کے بتکدہ کو ختم کر کے شمعِ رسالت کو ایسی جلا بخشی جس کے کبھی مدھم پڑنے کا احتمال ہی نہ رہا اور بڑے بڑے بزرگانِ دین وہاں پیدا ہوئے جن کا اذکار ناممکن ہے۔ گویا یہ تمام اس حدیث مبارک کا ترجمہ ہے جو حضور نے فرمایا کہ میری امّت کے علماء بنی اسرائیل کے انبیاء کے برابر ہوں گے حق بحق درست ثابت ہوئی اور ہو رہی ہے اللہ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ ان تمام بزرگانِ دین کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ان پاکبازوں کی سعیِ جمیلہ سے محظوظ ہوں اور ان کو اپنا قربِ محسن بخشیں آمین ثم آمین۔

صفحہ نمبر ۱۳۰:

اس میں حضور مصنّف رحمۃ اللہ علیہ نے اہلِ سنّت والجماعت کو فرقہ ناجیہ ثابت فرمایا اور جو حدیث مبارک ابو داؤد اور احمد ترمذی سے نقل فرمائی کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ میری امت میں بے شمار فرقہ جات ہوں گے اور ان تمام فرقوں سے صرف ایک ہی فرقہ ناجیہ کہلائے گا جو سزاوار جنّت ہو گا یعنی اہلِ سنت والجماعت۔

چوں کہ فرقہ ہذا قدیم الایام سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد جو جو فقہائے عظام گذرے انہوں نے اس کی پیروی فرمائی اور اسی میں اجتہاد فرماتے رہے، مجتہد اور آئمہ جنہوں نے تفقہ فرمایا اور مشکل سے مشکل مسائل قرآن پاک اور سُنّتِ نبوی کی روشنی میں متفقہ طور پر حل فرمائے جس میں بیشتر وہ دلائل بھی شامل ہیں جو انہوں نے اپنی رائے صحیحہ سے اس مسلک میں شرح و لبط سے مزین فرما کر اہلِ اسلام کی وہ راہنمائی اور آسانی فرمائی کہ ناقابلِ بیان اور ناقابلِ تشریح ہے۔

قانونِ قرآن :

قرآن بیک وقت کتاب ہدایت فرقانِ مبین اور احکاماتِ شرعیہ کا مجموعہ ہے، قرآن خدا کا حکم ہے اور حکم حکومت کا فرمان ہوتا ہے اور قانون کا نام پاتا ہے، اس کی عملی شکل یہ ہوتی ہے کہ خدا کا قانون خدا کے سچے حکم برداروں اور مخلص نائبوں کے ذریعہ منظرِ عام پر آتا ہے۔ یہ اشخاص بقول حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ ایک اعلیٰ اور مثالی قانون کے پابند اور پیکرِ عمل ہوتے ہیں، ان کی ہستی نفوسِ انسانی کے لیے بہترین مثال اور معیار ہوتی ہے، وہ تدبر میں بلند پایہ اور شخصیت میں پاکیزہ ہوتے ہیں کوئی نہیں کہہ سکتا کہ انہوں نے کبھی جھوٹ بولا یا کبھی کوئی برائی ان سے سرزد ہوئی۔

(حجۃ البالغہ صفحہ ۸۲ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

قانونِ سنّت :

قانونِ سنت نام ہے قانونِ نبوت کا، قانونِ سنت کے لیے قرآنی سند موجود ہے۔

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝

اور نہیں بولتا خواہش اپنی سے نہیں وہ مگر وحی کہ بھیجی جاتی ہے

(سورۃ نجم پ۲۷)

اور اطیعوا اللہ کے ساتھ اطیعوا الرسول کے حکم کے معنی علامہ ابن کثیر رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک بھی یہی ہیں کہ اللہ کے حکم و قانون کے ساتھ اس کے رسول کے حکم و قانون کو بھی قبول کرو، حجۃ الوداع کے تاریخی خطبے سے بھی واضح ہے کہ قانونِ سنّت قانونِ قرآن کا ضمیمہ ہے جیسا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے لوگو میں تمہارے پاس دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں جب تک تم ان کو محکم طریقہ سے

اپنائے رہو گے، کبھی گمراہ نہ ہو گے، وہ یہ ہیں:

تارك فيكم الثقلين كتاب الله و سُنّتي و ان تمسكتم لن تضلوا من بعدي۔

قرآن کریم سے مجمل احکام کی تفصیل و شرح کرنا قانونِ سنّت کا کام ہے، قانونِ قرآن کی اطاعت اور قانونِ رسول کی اطاعت دو مختلف چیزیں نہیں ہیں بلکہ اطاعتِ رسول ہی اللہ ہی کی اطاعت ہے جیسا کہ سورۃ نساء کی آیت نمبر ۸۰ ذیل میں درج ہے۔

مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَا

جو کوئی کہا مانے رسول کا پس تحقیق کہا مانا اللہ کا اور جو کوئی پھر جاوے پس نہیں

اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۝

بھیجا ہم نے تجھ کو اوپر ان کے نگہبان

اور یہ پیروی حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے من وعن کر کے دکھا دی جو مدرسہ نبوت کے اوّلین اور براہِ راست شاگرد تھے۔ انہوں نے ہر موقعہ پر قرآن کے قانون کے ساتھ قانونِ سُنّت سے تمسک فرمایا، علمائے قانونِ اسلام کا ارشاد ہے خدا کے احکام کا نفاذ دو صورتوں سے ہوتا ہے۔ پہلی صورت یہ کہ حکم براہِ راست ہوتا ہے اور الفاظ و معانی کا تعلق مُقنّنِ اعلیٰ سے ہوتا ہے اس کا نام قانونِ قرآن ہے، دوسری صورت یہ ہے کہ اس کے الفاظ تو الہامی نہیں ہوتے لیکن مضمون حکم کے تتبع سے آتا ہے اور پیغمبر اس کو قانونی الفاظ میں پیش کر دیتے ہیں اس کا نام قانونِ سنّت ہے اور بقول حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ قانونِ شریعت کا مدار قانونِ سنّت ہے کی مقررہ حیثیت پر ہے کیوں کہ اس کے اصول مسلّمہ ہیں۔ اگر قانونِ سُنّت کو نظر انداز کر دیا جائے تو ملّی زوال کا اس سے بڑا سبب اور کوئی نہ ہو گا۔ نیز کہ دین کا انتظام اس بات پر موقوف ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سُنّتوں کا اتباع کیا جائے۔ (حجۃ البالغہ جلد ۱ صفحہ ۱۲۴ و ۱۹۲)

قانونِ صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین

قانونِ صحابہ مستقل قانون نہیں ہے بلکہ قانونی تفصیلات پر مبنی ہے۔ جس طرح قانونِ سُنّت کا ماخذ قرآن حکیم ہے اسی طرح قانونِ صحابہ کا ماخذ کتاب وسُنّت دونوں ہیں۔ صحابہ کی قانونی حیثیت یہ ہے کہ وہ اسلام کے اولین قانونِ زمانہ میں موجود تھے ان کو خداوند تعالیٰ کی طرف سے مستند قرار دیا گیا ہے۔ ان کے دل نورِ نبوت سے منیّر تھے اور حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اور اپنے صحابہ کے راستے کو ہی راہِ نجات اور صراطِ مستقیم فرمایا۔ مشکوٰۃ شریف

صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم قانونِ اسلامی کو بخوبی سمجھتے تھے، علم صحیح اور عمل صالح سے بہرہ مند تھے ان میں خلفائے راشدین بھی تھے اور عہدِ نبوی کے گورنر، سپہ سالارانِ افواج بھی اس لیے ہم لوگوں سے زیادہ انہیں قرآنی قانون کی تشریح کا حق حاصل ہے۔ بقول علامہ ابن قیّم جو ابن تیمیہ کے شاگرد ہیں فرماتے ہیں صحابہ اپنے تشخص میں اجتماعی ہیئت کے سردار امام اور قائد تھے اور صحابہ کے عدل (راستباز) ہونے پر امت کا اجماع ہے۔ اسی لیے علامہ ابو اسحٰق شامی غرناطی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

سُنَّۃُ الصَّحَابَۃِ کَسُنَّۃِ الرَّسُوْلِ

صحابہ کا قانون قانونِ سنت کی طرح ہے کیوں کہ یہ قانونی تفصیلات، تشریحات اور نظائر مہیّا کرتا ہے۔

قانونِ اجماع:

چوں کہ زمانہ کے حالات بدلتے رہتے ہیں اور انسان کی معاشرتی اور تمدنی زندگی میں تغیر رونما ہوتا رہتا ہے اس لیے نئے پیش آمدہ حالات و مسائل اور ان کے تصفیہ کے لیے اسلامی حکومت کے اصحابِ علم و تدبر

کی رائے عامہ کا کسی قانونی معاملہ میں متحد ہو جانا اجماع امت ہے اور اس اتحاد کے بعد اسلامی معاشرہ کی پوری رائے عامہ اس فیصلہ پر جمع ہو جاتی ہے اور بقول حضرت علامہ ابوبکر جصاص رحمۃ اللہ علیہ خداوند عالم نے اُمت مسلمہ کو اُمت وسطی و بہترین اُمت کا خطاب دیا ہے اور اس کو تمام دنیا کے انسانوں کیلیے حُجت قرار دیا ہے ۔یہ اس امر کا ثبوت ہے کہ امت کا اجماع فی نفسہٖ حق ہے اور اس اُمت کا اجماع اصولاً صحیح اور قابلِ عمل ہے کیوں کہ حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے کہ میری اُمت کبھی گمراہی پر مجتمع نہ ہو گی عہدِ نبوت سے لے کر قیامت تک صالح اور متدین مسلمانوں کی رائے عامہ کا اجماع تقلید ہے ۔ البتہ اجماع کے لیے شرط ہے کہ وہ اساسی قانون کے مطابق ہو مسلمان جس فیصلہ پر مجتمع ہوں وہ قانونِ الٰہی کے منشا کے خلاف نہ ہو اگر فاسق اور بدکار اشخاص مسلمانوں کی صورت میں مجتمع ہو کر اپنی رائے پر جمع ہو جائیں اور وہ رائے اصولِ دین کے خلاف ہو تو اس کو قانونِ اجماع کا درجہ حاصل نہ ہو گا اور بقول حضرت علامہ ابوالبقار حنفی رحمۃ اللہ علیہ اُمتِ محمدیہ کے اربابِ اجتہاد (راسخ العلم فقہا مفکرین و مدبرین) کا قانونی حکم کا جمع ہو جانا اجماعِ اُمت ہے ۔اس کو قانونی طور پر حُجت سمجھا جاتا ہے ۔قانونِ اجماع کو جو نظائر تواتر اور تسلسل کے ساتھ باقی رہیں ان کو قانون کا درجہ حاصل ہوتا ہے

قانونِ شوریٰ :

اسلامی حکومت میں شوریٰ یا مجلس اہلِ حل و عقد یعنی حکومت کے مدبروں اور مشیروں کا مرکزی ادارہ جس کے ارکان اپنے اعلیٰ کردار اور بلند خدمات کی وجہ سے اُمت کے اعتماد کا مرکز ہوتے ہیں ،اسلامی حکومت کی جان ہے ۔شوریٰ کے فیصلوں کو قانونی اجماع کے ماتحت آئینی مرتبہ حاصل ہوتا ہے ۔شوریٰ کے فیصلے قانونِ اساسی کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے زمانہ کے تغیر پذیر حالات کے مطابق ہوتے ہیں ۔شوریٰ اسلامی حکومت کا خاصہ لازمہ ہوتا ہے ۔ اسلام کی ریاستِ عامہ کا قیام و دوام شوریٰ پر موقوف ہے ۔ اسلام کی شوریٰ حکومت

دنیا کی تمام جمہوری حکومت سے ممتاز حیثیت رکھتی ہے۔

شوریٰ کی قانونی حیثیت:

شوریٰ کی قانونی حیثیت یہ ہے کہ یہ خدا کا حکم ہے نہ صرف اُمت کے لیے بلکہ خود حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو فرمایا گیا۔ وشاورھم فی الامر یعنی حکومت کے معاملات میں شوریٰ پر عمل کیجیے اور مسلمانوں کے اجتماعی تعامل کے متعلق ضابطہ کے طور پر فرمایا گیا۔ ان کی حکومت کے کام شوریٰ سے انجام پاتے ہیں

(الشوریٰ ۲۱، ۴۴)

شوریٰ کا حکم اس لیے دیا گیا تاکہ دنیا پر واضح ہو جائے کہ اسلام کا نظام حکومت امام یا خلیفہ کے اختیار مطلق پر مبنی نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جب شوریٰ کا حکم آیا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگرچہ اللہ اور اس کا رسول شوریٰ سے بے نیاز ہیں لیکن شوریٰ کا حکم اس لیے ہے کہ اُمت کے لیے رحمت ہو۔ اس کے بعد امت کا جو امام اُمت کی رائے اور مشورہ طلب کرے گا کبھی اعلیٰ درجہ کی راہنمائی سے محروم نہ ہوگا اور جو شوریٰ کو ترک کرے گا وہ کبھی غلط راہ سے نہ نکل سکے گا۔

(روح المعانی ص ۴۹، ج ۴)

جب خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اہم معاملات میں شوریٰ کے فیصلوں پر عمل فرماتے تھے تو اور کون ہے جو شوریٰ سے بے نیاز ہو سکے۔

قانونِ امامت واجتہاد:

چوں کہ انسانی سوسائٹی کے حالات، ضروریات اور تحریکات ہر زمانہ میں بدلتی رہتی ہیں اس لیے اسلامی حکومت کیلئے قائد اور امام کا فرض ہوتا ہے کہ وہ شوریٰ کے مشورہ سے اُمت کی راہنمائی کرنے کیلیے

برمحل حکم صادر کرتا ہے۔ امام کا جو حکم اسلام کے قانونِ اساسی کے مطابق ہوتا ہے اسے قانون کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے اس لیے امام کیلیے ضروری ہے کہ وہ قرآن وسنت کے قانون کا عالم ہو تاکہ قانونِ امامت اپنے دائرۂ مقررہ سے تجاوز نہ کر سکے۔ یہی قانون عین اسلامی نظائر کا منعکس ہوتا ہے۔ جس کے لیے اولی الامر کا حکم نافذ ہے۔ باقی رہا سوال اجتہاد کا وہ ذیل میں تحریر ہے۔

اجتہاد کا مقصد قانونِ شریعت کے مقاصد کو سمجھنا اور درست طور پر سمجھتے ہوئے قانون کو قانونِ اساسی کے مطابق نئے پیش آمدہ حالات پر لاگو کرنا ہے۔ اجتہاد کبھی ایسی صورت اختیار نہیں کر سکتا جس سے اصولِ شریعت اور ضمنی دفعات وجزئیات میں مغایرت قائم ہو جائے۔ اجتہاد کی شرعی وقانونی حیثیت یہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو یمن کا گورنر بنا کر بھیجا تو ان سے دریافت فرمایا کہ کس قانون کے مطابق حکومت کرو گے، انہوں نے جواب میں عرض کیا بکتاب اللہ! اس کے بعد دریافت فرمایا اگر کتاب اللہ میں کوئی چیز نہ ملے تو کیا صورت اختیار کرو گے، حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا بسُنّت رسول اللہ۔ پھر حضور نے ارشاد فرمایا اگر ان دونوں میں کسی معاملہ کا حل نہ ملے تو کیا کرو گے، جواب عرض کیا اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا یہ سن کر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا الحمد للہ اللہ تعالیٰ نے رسول کے قاصد کو اس چیز کی توفیق عطا فرمائی جس پر اللہ کا رسول راضی ہے۔ (مشکوٰۃ شریف)

اسی قسم کی ہدایت حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قاضی شریح کو دی تھی۔

استدراک:

قانونِ اجتہاد کوئی جامد چیز نہیں ہے بلکہ سراسر ارتقاء پذیر ہے اس لیے حکومت کو روزمرہ کے معاملات تنظیمات اور نت نئے تغیرات میں کتاب وسنّت کے اصولی اور اساسی قانون کی روح کو پیش نظر

رکھ کر قانونِ اجتہاد سے کام لینا ضروری ہے۔ دورِ حاضرہ کی سائنس اور ٹکنالوجی کی بے پناہ ترقی کی بنا پر پیدا شدہ تمدنی اور اقتصادی مسائل پیچیدہ بین الاقوامی سیاسی حالات کے پیشِ نظر راسخ العلم علماء اور دینِ حق کی روح اور مزاج کو سمجھنے والے مفکرین عرصہ سے اس بات کی اشد ضرورت محسوس کر رہے ہیں کہ اسلامی فقہ میں مزید اجتہاد ہو تاکہ جدید دنیا کا کوئی معاملہ اور کوئی مسئلہ اسلام کی روشنی اور اس کی گرفت سے باہر نہ رہے اور دینِ حق کے دائرۂ اختیار میں محصور ہو تاکہ اُمتِ مسلمہ کے لیے کوئی دشواری باقی نہ رہ جائے۔ یہی صراطِ مستقیم ہے جس کے متعلق فقیر راقم الحروف نے یہ بحث چھیڑ کر عقیدہ اہلِ سُنّت والجماعت کے اثبات میں دلائل پیش کیے۔ جس طرح کہ ائمۂ مجتہدین نے اپنی اپنی رائے مطابق قرآن و سنت کے قائم کردہ فقہ مرتب فرمائی جس سے انہوں نے اہلِ اسلام پر ایک عظیم الشان احسان فرمایا، خدائے عزّوجل ان کو جزائے خیر دے اور ان کے مسلک پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہی سوادِ اعظم ہے جس کے پیروکار تمام اہل اللہ اور اولیائے کرام رہے اور اپنے متوسلین کو اس پر کاربند رہنے کے متعلق سختی سے پابند فرماتے رہے۔ رحمہم اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

تقلید:

تقلید کا بنی نوعِ انسان تو درکنار ہر ذی روح پابند ہے جیسا کہ جنگلی جانور جو بالکل آزاد پھرتے ہیں اگر ان کو کوئی چیز پھاڑ کھائے تو اس پر کوئی حد نہیں اور اگر وہ کسی کو چیر پھاڑ کھائیں تو ان پر کوئی حد نہیں مگر وہ بھی اتنی تقلید کے مقلد ضرور ہیں کہ شیر کا بچہ اپنے باپ شیر کی پیروی میں شیر ہی ہوتا ہے اور گیدڑ کا بچہ اپنے گیدڑ کی اتباع میں گیدڑ ہی ہوتا ہے اور تمام وہ حرکات و سکنات جو ان کے ماں باپ سے سرزد ہوتے ہیں بعینہٖ وہ بھی انہی سے خوگر ہیں۔ تقلید ایک لائحہ عمل ہے جو اہلِ علم و فکر اصحاب سے جن کو ائمہ مجتہدین سے خطاب کیا جاتا ہے قرآن و سنت کی روشنی میں مشکل سے مشکل مسائل کا حل فرمایا اس لیے وہ

قابلِ تقلید ہوئے۔ قولہٗ تعالیٰ

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمْ فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ

جس دن بلاویں گے ہم سب لوگوں کو ساتھ پیشواؤں ان کے پس جو کوئی دیا گیا اعمال نامہ اپنا

بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ

بیچ داہنے ہاتھ کے پس وہ لوگ پڑھیں گے اعمال نامہ اپنا اور نہ ظلم کیے جاویں گے

فَتِيْلًا ۝ (پ۱۵ ع۸ سورہ بنی اسرائیل)

تاگے برابر۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر میں مفسرین نے جملہ امت ہائے سابقہ پیغمبران علیہم السلام کو بھی داخل فرمایا اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اُمت کو اپنے اپنے پیشروں کے ساتھ بھی پکارا جاوے گا اور ان کو نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جاوے گا۔ اسی آیت کریمہ کے تحت ہر ایک شخص پر تقلید واجب ہوئی، جو غیر مقلدین ہیں ان کا کوئی مسلک نہیں اور نہ ہی وہ کسی کی اقتدار کرتے ہیں جو شتر بے مہار کی طرح ہیں اس لیے ان کے دلائل سن کر صاحب مسلک بزرگوں کے راہ و رسم کو ترک نہ کریں، اسی میں فلاح و بہبود دینی و دنیاوی ہے۔ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ ؛

صفحہ نمبر ۱۳۶ :

اس صفحہ میں حضور نے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت بروز قیامت کے متعلق بڑے شرح اور بسط سے تحریر فرمایا اور ساتھ ہی اقوالِ نجدی بھی پیش کیے جو تقریباً تقریباً معتزلہ کے قریب ہیں جیسے کہ جملہ اکابرین دین متین نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعت کو ضروری قرار دیا بلکہ اللہ جل جلالہٗ کی ذات مبارک نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سابقہ انبیاء کی امتوں کے لیے بھی شافع ارشاد فرمایا ف

رحمۃ للعالمین کی تفسیر ہی شفاعتِ صُغرٰی اور کُبریٰ کے لیے کافی ووافی ہے۔ عالمین کا لفظ ایسا جامع اور لامع ہے کہ اس میں سے کوئی چیز باقی نہیں رہتی۔ قولہٗ تعالیٰ:

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ

اور تھوڑی سی رات کو پس نماز تہجد کر ساتھ قرآن کے بڑھتی ہے واسطے تیرے شتاب ہے کہ

رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

بھیجے تجھ کو پروردگار تیرا مقام محمود میں

یعنی نیند سے جاگ کر قرآن پڑھا کر حکم سب سے زیادہ تجھ پر کیا ہے کہ تجھ کو بڑا دینا ہے وہ تعریف کا مقام ہے شفاعت کا جب کوئی پیغمبر نہ بول سکے گا تب حضرت اللہ سے عرض کر کر خلق کو چھڑاویں گے، تکلیف سے۔ (تفسیر موضح قرآن حاشیہ سورہ بنی اسرائیل پ ۱۵ رکوع)

اس آیت مبارکہ اور تفسیر موضح قرآن کی تشریح کے سامنے کسی اور تفسیر اور شرح کی ضرورت نہیں۔

حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے دلائل کافی ووافی تحریر فرمائے ہیں اس لیے اس کتاب میں مزید شرح موجبِ طوالت ہے، شفاعت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اظہر من الشمس اور جملہ عقائد اس پر متفق ہیں۔ صرف چند ایک علماء جنہوں نے اپنے علم کے زعم میں اس عمدۂ جلیلہ کو تاویلات میں لے جا کر خواہ مخواہ ایک بدعت کھڑی کر دی ہے حالاں کہ قرآنی دلائل اور احادیثِ مبارکہ سے بھی یہی واضح ہوتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات تقدس مآب کو مشرکین اور منافقین کی سفارش سے منع کیا گیا ہے نہ کہ گنہگاروں کے لیے۔ گناہ اور چیز ہیں اور تکفیر و تنفیق اور چیز ہے۔

جب کہ گنہ گاروں کے لیے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ

تحقیق فتح دی ہم نے تجھ کو فتح ظاہر تو کہ بخشے واسطے تیرے جو کچھ ہوا تھا پہلے

مِنْ ذَنْۢبِكَ وَ مَا تَاَخَّرَ وَ يُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ يَهْدِيَكَ

گناہوں تیرے سے اور جو کچھ پیچھے ہوا اور تو کہ تمام کرے نعمت اپنی اوپر تیرے اور دکھلائے

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ (پ۲۶ سورہ فتح رکوع ۱)

تجھ کو راہ سیدھی۔

ان الفاظ مبارک سے گناہوں کی بخشش اور درگذر ثابت ہوتی ہے جو حضور علیہ الصلوۃ والسلام کو مخاطب فرمایا گیا گویا اگلے پچھلے گناہ حضور کے صدقہ معاف ہوں گے۔ اور اہل کفر کے متعلق ارشاد فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا

تحقیق جو لوگ کہ کافر ہوئے اور بند کیا انہوں نے راہ خدا کی سے پھر مر گئے

وَ هُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ۝ (پ۲۶، سورہ محمد، رکوع ۴)

اور وہ کافر ہی تھے پس ہرگز نہ بخشے گا اللہ ان کو

پھر فرمایا:

وَ يُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتِ وَ الْمُشْرِكِيْنَ وَ

اور عذاب کرے نفاق والوں کو اور نفاق والیوں کو اور شرک کرنے والوں کو

وَ الْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ عَلَيْهِمْ

اور شرک کرنیوالیوں کو گمان کرنیوالے ہیں ساتھ اللہ کے گمان برا اوپر ان کے ہے

دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَ غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَ لَعَنَهُمْ وَ

پھیر برائی کا اور غصہ ہوا اللہ اوپر ان کے اور لعنت کی ان کو اور

اَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ ؕ وَ سَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ (پ۲۶، سورہ فتح رکوع ۱)

تیار کی واسطے ان کے دوزخ اور بری جگہ ہے پھر جانے کی

ناظرینِ کرام اب خود ہی اندازہ فرمالیں کہ گنہ گاروں کے متعلق حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل کونسا مژدۂ جانفزا سنایا جارہا ہے اور مشرکوں اور منافقوں کے متعلق کیا ارشاد ہے، اسی سے شفاعتِ سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی حتمی دلیل جامع موجود ہے۔

گر نہ بیند روز را شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ (سعدی رحمۃ اللہ علیہ)

(اگر دن کی روشنی میں شپرہ چشم نہ دیکھ سکے تو آفتاب عالم تاب کا اس میں کیا قصور)

وما علینا الا البلاغ

صفحہ نمبر ۱۴۳:

اس صفحہ کی سطر نمبر ۱۱ پر حضور نے ارشاد فرمایا کہ دو مسئلے کتاب ہذا میں درج ہونے سے رہ گئے ہیں ایک من دون القلتین اور دوسرا ذبح۔ چوں کہ یہ دو مسائل کتب ہائے فقہ میں درج ہیں کہ من دون القلتین پانی کا مقدار بارہ سو رطل عراقی جو ایک پیمانہ ہے اس قدر پانی جمع ہو تو قابلِ استعمال ہے اس کے بغیر نہیں اور بہتا ہوا پانی بھی پاک ہے اور اسی مسئلہ میں دَہ در دَہ بھی ہے جیسا کہ انواع میں درج ہے۔

وگدا پانی پاک ہے دَہ در دَہ بھی بُجھ
دوہاں باہجہ پلیت ہے کہ پوے پلیتی کُجھ

چوں کہ حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ کا پیرایۂ بیان خاکسار ذرہ بے مقدار کے ذہنِ نارسا میں موجود نہیں۔ خدا جانے حضور اس مسئلہ کو کس طرح بیان فرماتے اور حضور کا اپنا مافی الضمیر کیا ہوتا اس لیے اس مسئلہ کو بیان کرنا سوءِ ادب ہے وگرنہ کتابیں فقہ بھری پڑی ہیں کوئی کمی اہلِ ہدیٰ نے نہیں چھوڑی جس کی تقلید اور تعمیل ہر مسلمان کے لیے فرض ہے۔

صفحہ نمبر ۱۴۴، سطر نمبر ۴ :

حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ کی بارگاہِ عالیہ میں نہایت ادب سے دست بستہ گذارش ہے کہ آپ کے حکم کی تعمیل جس قدر راقم الحروف کا ذہن تھا کر دی گئی ہے۔

خدارا اس خدمت کو قبول فرمادیں اور اس راقم الحروف گنہ گار کی طرف نظرِ ملتفت اور یومِ قیامت اپنے لوائے قادری، قلندری، حجروی کے نیچے ایستادگی عطا فرما کر نجاتِ اُخروی سے بہرہ ور فرمادیں۔

دُعائے اختتامیہ

یا اللہ العٰلمین بجاہِ سید المرسلین و خاتم النبیین شفیع المذنبین سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جناب سردار اشفاق احمد خان صاحب ناظمِ اعلیٰ اوقاف مظفر آباد آزاد کشمیر کے دینی اور دنیوی مقاصد پورے فرما اور بروز محشر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شفاعتِ محمودہ سے بہرہ ور فرما جن کی سعیٔ بلیغ سے یہ احسن کام سر انجام پذیر ہوا اور مجھ جیسے کمزور و ناتواں اور بے ہمت کے سر پر صرف دستِ شفقت ہی نہیں رکھا بلکہ حوصلہ افزائی فرما کر اور دلیری دے کر بر وقت معاوضہ کتابت بھی بے کم و کاست ادا فرمایا جس کی وجہ سے یہ ایک مشکل اور کٹھن کام مجھ جیسے بے علم و بے شعور اور ضعیف سے خوش اسلوبی کے ساتھ سر انجام کروایا۔ یہ ہیں اسبابِ ظاہری مگر باطن میں حضور مصنف رحمۃ اللہ علیہ نے مشکل سے مشکل مسائل کا حل اس طرح منکشف فرمایا کہ بندہ سرافگندہ خود بھی حیران ہے کہ یہ کیسے ہوا اور کس طرح ہوا؟ حالانکہ اس علمی استطاعت سے فقیر راقم الحروف بالکل بے بہرہ اور نابلد ہے وبیدہ التوفیق و آخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العٰلمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہ الامین وعلیٰ اٰلہ واصحابہ واھل بیتہ الطیبین الطاھرین اجمعین اٰمین ثم اٰمین

خاکبوس دربار کھڑی شریف : العبد الحقیر محبوب علی فقیر بقلم بیدہٖ الخطار والتقصیر راجی ربہ القدیر الیٰ یوم الکبیر۔

ریسرچ اسسٹنٹ دربار کھڑی شریف ساکن ٹاہلیانوالہ تحصیل وضلع جہلم

نوٹس عام

برائے آگاھیٔ عوام

بذریعہ نوٹس ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کتاب ہدایت المسلمین مصنفہ حضرت سرکار میاں محمد بخش صاحب رحمۃ اللہ علیہ بمعہ شرح کتاب مذکور از مولوی محبوب علی ریسرچ اسسٹنٹ دربار کھڑی شریف زیرِ تصرف محکمہ اوقاف مظفرآباد آزادکشمیر طبع ہو کر ہدیۂ ناظرین ہو رہی ہے چونکہ دربار اقدس حضرت جناب غازی قلندر پیر دمڑیوالہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بمعہ دربار حضرت مصنف رحمۃ اللہ علیہ کتاب ہذا زیرِ تصرف محکمہ اوقاف ہے جس کی تمام دیکھ بھال اور حقوقِ آمدنی و خرچ بذمہ محکمہ اوقاف ہیں اس لیے کتاب ہذا پر کوئی شخص اپنی ملکیت حقوقِ طباعت تصوّر کر کے قصدِ طبع نہ کرے ورنہ وہ حکومتِ آزاد کشمیر کا مجرم ہو گا اور قانونی نکتۂ نگاہ سے وہ سزا کا مستوجب ہو گا۔

المشتہر

سردار محمد اشفاق احمد خاں صاحب ناظم اعلیٰ اوقاف مظفرآباد آزاد کشمیر